زوزی) چھپکلی (جنگل والے گھر کی دیوار پر رینگ رہی تھی ۔ اسکے نیچے زمین پر بہت سے لوگوں کی اڈھری بکھڑی ہوئی لاشیں پڑیں تھیں ۔ دروازہ کھلا اور کوئی اندر آیا ۔

وہ لڑکی کون تھی ۔ وہ سرخ رنگ کی فراک میں ملبوس تھی ۔ گولڈن بال اور سرخ رنگ کی لپسٹک لگائے ہوئی تھی ۔ اسکی متجس نگاہیں سارے کمرے میں گھوم رہی تھی ۔ پہلے گلے سڑے گوشت کی بدبو کے باعث اسنے ناگواری سے ناک چڑھائی پھر چہرے پر ایک اطمینان بھری مسکراہٹ آئی ۔ وہ دلکش مسکراہٹ کے ساتھ ان لاشوں کے پاس آئی اور اپنی فراک کے پاس لگی ہوئی سرخ تھیلی میں سے لال رنگ کا سفوف نکالا اور ان لاشوں پر چھڑک دیا ۔ سب لاشیں ایک لمحے کو سرخ روشنی میں ڈوبی پھر اصل حالت میں آ گئی ۔ زوزی اوپر سے یہ سارا منظر دیکھ رہی تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

تو تم جادوگرنی ہو "اسنے دل میں سوچا ۔ "

سرخ سراپا والی لڑکی نے آنکھیں موندھ کر کچھ پڑھ کر پھونکا اور تیزی سے باہر نکل گئی ۔

اب تم میرے جال میں پھنسو گے ۔تمہے تمھاری طاقتیں ملنے سے پہلے ہی میں ختم کردوں گی " ۔ پچھلی بار میرا زہر کام نہیں کیا تھا مگر اس بار یہ ضرور تمہے تمھارے بے کار وجود سے آزاد کروا " دے گا۔ مجھے امید ہے تم ان لاشوں میں سے ایک آخری لقمہ ضرور لینا چاہو گے پرنس ڈینیم ڈیوا اپنی فتح کا منصوبہ بناتی زور دار قہقہہ لگاتی ہوئی غائب ہوگئی ۔

کھڑکھی کے پاس موجود زوزی اسکی تمام باتیں سن چکی تھی ۔ اسے ڈینیم کو ضرور اس جادوگرنی کے منصوبوں سے آگاہ کرنا چاہیے ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ویلما کی اس صبح بیلا سے بات ہوئی تھی تو انہوں نے اپنا کام مکمل ہونے اور واپس آنے کی اطلاع دی تھی ۔

وہ سب وے سٹیشن پر موجود تھیں ۔ ان کی ٹرین لیٹ تھی تو وہ سٹیشن پر ہی لگے سٹالز دیکھنے لگی ۔ ایک سٹال پر کانچ کے بنے رنگ برنگے پھولوں والے بریسلیٹ نے انکی توجہ کھینچی ۔ وہاں موجود انہیں ہر چیز میں سے وہ کچھ الگ لگا تھا ۔ انہیں بیلا کے لیے یہ لینا چاہیے ۔ یہ سوچ کر

انہوں نے پرس میں سے پیسے نکال کر سٹال پر کھڑی اس عورت کو تھمائے ۔ اس عورت کے سر پر زرد رومال بندھا تھا ۔ اسکی ایک سائڈ جھکی ہوئی تھی غالبا فالج زدہ تھی ۔

بریسلیٹ لیکر ویلما آگے بڑھ گئیں جبکہ اسٹال کی مالک عورت کی نظروں نے بہت دیر تک ان کا پیچھا کیا ۔ اور اس سارے عرصے کے دوران اسکے چہرے پر ایک مکارانہ مسکراہٹ تھی جیسے وہ چاہتی تھی کہ ویلما صرف وہ ہی بریسلیٹ خریدے ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

ایڈن کی آگاہی میں جب لیوس کی موت کا زکر آیا تو اسکا پہلا شک ڈینیم پر گیا ۔ باقیوں کی طرح ڈینیم کو بھی معلوم ہوگا کہ لیوس بیلا کا سابقہ بوائے فرینڈ تھا اور یہ کوئی عجیب بات نا ہوتی اگر ایک شخص اپنی محبوبہ کے سابقہ بوائے فرینڈ کو کوئی نقصان پہنچائے لیکن جان سے مار دینا یہ کچھ اٹپٹا تھا ۔ ڈینیم کے ہاتھوں کافی سٹوڈنٹس کی تھکائی ہو چکی تھی ۔لیکن اسنے کسی کو جان سے نہیں مارا تھا۔ بعد ازاں ایڈن کو معلوم ہوا کہ یہ کام کسی ویمائر کا ہے تو اسکا شک ڈینیم سے ہٹ گیا ۔ مگر وہ ہمیشہ اسے عجیب ہی لگتا تھا ۔

اسکی برتھ ڈے والے دن جب لیوس بیلا کو چھوڑ گیا تھا تو اسنے وہاں ڈینیم کو دیکھا تھا ۔ وہ انکی طرف مسکراکر دیکھ رہا تھا ۔ جیسے وہ جانتا تھا یہ سب تماشہ ہونے والا ہے ۔

پھر بیلا کا رات گھر سے باہر رہنا اور اگلے دن عجیب سی حالت میں واپس آنا ۔
جو کچھ بھی ہو رہا تھا اسکا تعلق ڈینیم سے تھا ۔ وہ اپنے خدشات بیلا کے سامنے رکھ چکا تھا مگر بیلا ہمیشہ انہیں اسکا وہم کہہ کر ٹال دیتی ۔

آج یونی آتے ہی وہ ڈینیم سے ملی اور وہ اسے کہیں باہر لے گیا ۔ پہلے ایڈن کا دل کیا انکے پیچھے جائے ۔ اسے عجیب سی گربڑ کا احساس ہو رہا تھا ۔ عجیب سے وسوسے تھے جو زہن میں آ رہے تھے ۔ دل دماغ جانے نا جانے کے وسوسے میں پھنسا تھا ۔ کچھ دیر بعد وہ سر جھٹک کر اپنے ڈیپارٹمنٹ کی طرف بڑھ گیا ۔
وہ ایسا چاہتا نہیں تھا مگر اس بار بیلا اگر غلط انسان کے ساتھ پھنس گئی تھی تو اسکے لیے بہت برا ہونے والا تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

آہ گاڈ ۔ مجھے پہلے علم ہونا چاہیے تھا کہ گھر کی حالت بگڑی ہوئی ہی ہوگی "ویلما گھر میں داخل" ہوتی ہو ئیں وہ افسوس کرتے ہوئے بولی تھیں ۔
دیکھو زرا اس نکمی لڑکی نے کیا حالت بنا لی گھر کی "وہ لانج کی حالت پر دم بخود تھیں جسکی ہر" چیز اپنی جگہ سے ہلی ہوئی تھی ۔

ہائے آنٹ ویلما "اسی وقت ایڈن گھر میں داخل ہوا تھا اور گھر کی حالت دیکھ کر وہ بھی چونک " گیا تھا ۔

یی یہ کیا ہے "اسنے سوالیہ نظروں سے ویلما کو دیکھا جنہوں نے لاعلمی کا اظہار کیا ۔ ویلما نے " باقی گھر بھی چھان مارا جسکی حالت ایسی ہی بکھڑی ہوئی تھی ۔

کیا یہاں کوئی طوفان آیا تھا ۔ "صوفے پر بیٹھتے ہوئے ویلما نے سر ہاتھوں میں دیا ۔ "

بیلا کہاں ہے ۔ بیلا ۔ بیلا "وہ پوچھنے کے ساتھ اسے آوازیں دینے لگی ۔ "

https://www.classicurdumaterial.com/

وہ گھر میں نہیں ہے ۔ وہ یونی سے ہی اپنے بوائے فرینڈ کے ساتھ چلی گئی تھی ۔ "ایڈن نے " انہیں اطلاع دی ۔

Support@classicurdumaterial.com

" اوہ سہی ۔ "

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مجھے یہ چور کا کام لگتا ہے ۔ گھر خالی دیکھ کر کوئی چور گھس گیا ہو گا ۔ "ایڈن نے اپنی منتق پیش " کی ۔

ہاں ایسا ہی ہوگا ۔ پچھلے کچھ عرصے میں اس علاقے سے بہت چوریاں ہو رہیں ہیں ۔ "ویلما" نے بھی ایڈن کی بات کی تائید کی ۔

پھر ان دونوں نے مل کر گھر کو واپس اسکی اصل حالت میں ڈھالا

ان چوروں کے پاس بلکل نظم و ضبط نہیں ہوتا ۔ "ساتھ ساتھ وہ کوستی بھی جا رہی تھیں ۔ "

اگر ہوتا تو وہ چور نا ہوتے ۔ "ایڈن نے جواباً کہا ۔ "

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

گھر مکمل سمت گیا تو ایڈن دو کپ کافی کے بنا کر لانج میں لے آیا ۔ اتنی دیر میں ویلما بھی فریش ہو کر آگئیں ۔

کافی کے کپ ٹیبل پر رکھتے ایڈن نے فون نکال کر بیلا کو ملایا ۔

ہیلو "دوسری جانب سے بیلا کی آواز گونجی ۔ "

کہاں پر ہو کب تک آنے کا ارادہ ہے ۔ "ایڈن نے سوال کیا ۔ "

کچھ دیر تک میں گھر پہنچ رہی ہوں ۔ "بیلا نے سرسری سا جواب دیا اور کال کاٹ دی ۔ "
ایڈن نے ایک نظر موبائل کو دیکھا ۔ یہ لڑکی عجیب ہوتی جا رہی تھی ۔

تو مجھے کچھ بتاو اس لڑکے کے بارے میں ۔ "ویلما کا اشارہ ڈینیم کی طرف تھا ۔ "

"ڈینیم ۔ اسکا دعوہ ہے کہ وہ بیلا سے محبت کرتا ہے ۔ وہ کئی بار اظہار بھی کر چکا ہے مگر ۔۔۔ "

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

"مگر کیا؟"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مجھے وہ شخص ٹھیک نہیں لگتا ۔ میرا دل کہتا ہے بیلا کسی مصیبت میں پھنس سکتی ہے مگر "
وہ تو محبت میں پاگل ہو چکی ہے ۔ "ایڈن نے اپنے اندیشے انکے سامنے رکھے ۔

ہوں ۔ تمہے کیوں لگتا ہے ایسا ۔ "کافی کا کپ لبوں سے لگاتے ہوئے وہ پر سوچ انداز میں "
بولیں ۔

دو سال پہلے وہ یونی آیا ۔ اسکا رویہ ہر ایک سے مخالفانہ رہا ۔ پھر ایک دن اچانک وہ بیلا سے " محبت کا اظہار کرتا ہے ۔ لیوس کی موت ہونا ۔ کچھ سٹوڈنٹس کا غائب ہونا ۔ بیلا کی طبیعت میں تبدیلی ہونا ۔ یہ سب اس لڑکے کے اسکی زندگی میں آنے کے بعد ہوا ۔ اور پھر ہم یہ بھی تو نہیں جانتے کہ وہ کون ہے ۔ اسکی فیملی ۔ اسکا گھر ۔ اسکا بیک گراونڈ ۔ "ایڈن نے تفصیل سے اپنے خدشات کی دلیل پیش کیں ۔

کیا ایسا اتفاق بھی تو ہو سکتا ہے ۔ "ویلما نے جواز پیش کیا ۔ "

https://www.classicurdumaterial.com/

ہاں ہوسکتا ہے ۔ "ایڈن نے کندھے اچکائے ۔ "

Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کیا بیلا نے آپکو بتایا ایک ہفتہ پہلے وہ کچن میں گر گئی تھی ۔ اسکے سر میں چوٹ آئی تھی "ایڈن " کی اگلی اطلاع پر وہ یک دم چونکی ۔

نہیں تو۔ اسنے کچھ نہیں بتایا ۔ کیسے گڑی وہ ۔ "انکے چہرے پر یک فکر نمودار ہوئی۔ "

مجھے تو اسنے یہ ہی بتایا کہ پانی سے سلیپ ہو گئی تھی مگر اسے جھوٹ بلکل نہیں بولنا آتا ۔ وہ " یقینا کچھ چھپا رہی تھی ۔ "ایڈن نے آخری بات پر زور دے کر کہا ۔

ویلما نے ایک گہرا سانس لیا ۔

" امید ہے یہ ویسا بلکل نا ہو جیسا میں سوچ رہی ہوں ۔ "

" مطلب "

بیلا جب چھوٹی تھی تو اسے عجیب سے دوڑے پڑھتے تھے ۔ وہ خود کو کوئی نا کوئی نقصان پہنچا " لیتی تھی ۔ کہیں یہ ویسا ہی کوئی دوڑا نا ہو "ویلما نے اپنی بات ایڈن پر واضح کی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

" اگر ایسا ہے تو ہمیں اسے کسی اچھے سائکیٹرسٹ کو دکھانا چاہیے ۔ "

ہاں تم نے ٹھیک کہا ۔ میں آج ہی اسے کسی سائکیٹریسٹ کے پاس لیکر جاتی ہوں ۔ کہتے " ہوئے انہوں نے موبائل اٹھا لیا تاکہ اپائمنٹ لیں سکیں ۔

ایڈن نے کافی کا آخری کڑوا گھونٹ حلق میں انڈیلا ۔ سوچ کا زاویہ کسی غیر مرقعی نکتے پر تھا ۔ جو سمجھ آرہا تھا حقیقت اس سے کئی زیادہ تھی ۔ مگر حقیقت تو اپنے وقت پر ہی سامنے آتی ہے ۔ انتظار تھا تو اس وقت کا۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

ویمپ ویلی میں بنے اس خوبصورت سے باغ سے جون ٹہل رہا تھا ۔

وہ جودوئی باغ تھا جو سب جودوگروں نے مل کر بنایا تھا ۔

درمیان میں بنی روش پر وہ آگے بڑھ رہا تھا جب سر جھکاتے ہوئے ایک جادوگر نمودار ہوا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کہو "جون نے اسے بولنے کی اجازت دی ۔"

ہر جگہ تلاش کیا مگر "ڈیول پرل "کہیں نہیں ملا ۔ "جادوگر نے ڈرتے ڈرتے اطلاع دی ۔ " جون کے تاثر میں پہلے تیش نمودار ہوا پھر سپاٹ لہجے کے ساتھ جادوگر کو جانے کا کہا ۔ وہ حکم پاتے ہی الٹے قدموں وہاں سے کھسک گیا ۔

کچھ دیر بعد وہ اپنے کمرے میں کھڑا تھا ۔ اسکے سامنے ایک شیشے کا گولا تھا ۔ جس میں بیلا کا گھر واضح ہو رہا تھا ۔

ہوں۔۔ "جون نے ایک گہرا ہنکار بھرا ۔ "

یعنی قدیم جادوئی کتاب ٹھیک کہتی ہے۔ ڈیول پرل کو تلاش کرنا آسان نہیں ہوگا ۔ یہ اپنی جگہ " تبدیل کرتا رہتا ہے اور خود کو اوجھل بھی کر سکتا ہے ۔ "شیشے کے گولے پر نظریں جمائے وہ خود کلامی کر رہا تھا ۔ اسکا جادو اسے یہ ہی بتا رہا تھا کہ ڈیول پرل بیلا کے گھر میں ہے مگر نظروں کے سامنے سے اوجھل تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ اس روز غصے سے ویمپ ویلی سے نکلا تھا ویمپ ویلی کے اطراف میں بنے ایک پہاڑ پر چڑھتے ہوئے اسے زارک نے روکا ۔

وہ جون سے مل کر آ رہا تھا اور اسے اس بات پر تپش چڑھ رہی تھی کہ اسنے جون کو زندہ کیوں چھوڑا ۔

جون کتنی ڈھٹائی سے اس کے حق کو اپنی جگہ کہہ رہا تھا۔

ہٹو میرے راستے سے۔ "ڈینیم نے اسے ایک طرف دھکیلا۔"

بس یہ ہی دوستی تھی تمھاری۔ بلکہ میں ہی پاگل تھا جو تمہیں دوست سمجھتا تھا۔ تم نے تو " کبھی سمجھا نہیں "دونوں ہاتھوں کو حرکت دیتے ہوئے وہ دکھیارا دہائیاں دینے لگا۔

تم شاید بھول گئے مگر جون کے تمہے ویمپ ویلی سے اٹھا پھینکنے کے بعد میں تھا جس نے " ویمپ ویلی تمھاری وجہ سے چھوڑی تھی۔ مگر تم نے صرف اپنا سوچا۔ "زارک آج تمام گلے برابر کرنے آیا تھا۔

تو کس نے کہا تھا۔ ویمپ ویلی کو چھوڑو "الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے۔"

واہ واہ۔ مطلب احسان ماننا تو دور کی بات تیور ہی صحیح نہیں ہو رہے جناب کے۔ "دونوں" ہاتھوں کو نچاتے اور منہ بسورتے ہوئے بولا۔

مجھے تنگ کرنا بند کرو "ڈینیم نے اسے پھر جھڑکا اور اپنے شیشے سے زخمی ہاتھ کو دباتا ہوا آگے " بڑھ گیا۔

صرف ایک تمہے اپنا مانا تھا میں نے ۔ تم نے بھی دغا دے دیا۔ ایک بار تو کہہ دیتے کہ زارک " میرا دوست ہے مگر تم نے تو دشمنی کے لائق بھی نا سمجھا۔ تم تو اپنا بدلہ لینے کے بعد ویمپ ویلی کے لارڈ بن جاو گے ۔ سب تمھارے تابع ہوں گے ۔ سب تمھاری فیملی ہوگی ۔ مگر زارک اکیلا رہ جائے گا ۔ زارک کا نا پہلے کوئی دوست تھا نا آگے ہوگا ۔ "وہ آج شکایتوں کا ٹوکرا سر پر اٹھا کر لایا تھا ۔ ڈینیم نے پیچھے مڑ کر اسکی طرف دیکھا تو وہ منہ بسورے کھڑا تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

تم بھول گئے مگر اس سبز زہر نے جب تمھاری حالت غیر کردی تھی ۔ جب تم ختم ہونے " والے تھے تو میں تھا جس نے تمھاری زندگی بچائی تھی ۔ مگر کیا فائدہ ۔ پرنس ڈینیم صرف اپنے بارے میں سوچتا ہے ۔ "سرخ رنگ کے دو قطرے زارک کی آنکھ سے ٹوٹ کر گال پر بہہ گئے ۔ وہ رکے بغیر نیچے اترنے لگا ۔

تمھارا یہ ڈرامہ کب تک چلنے والا ہے "آبرو اچکاتے ہوئے ڈینیم نے الجھن سے پوچھا ۔ "

تمہیں کیا ۔ تم جاو اپنے راستے ۔ میں یاد رکھوں گا ہمیشہ کہ ایک بے قدرا دوست ملا تھا ۔ آج "
کے بعد نظر نہیں آوں گا تمہے ۔ "ہاتھ جھٹک کر کہتا وہ دوبارہ چلنا شروع ہو گیا ۔

ڈینیم نے سینے پر بازوں لپیٹے اسے دل چسپی سے جاتے دیکھا ۔ چہرے پر دبی سی مسکان تھی ۔

پلیز مجھے روکنا مت ۔ میں بتا رہا ہوں نہیں روکوں گا ۔ "زارک نے پھر سے تنبیہ کہا ۔ "

مگر تمہیں میں نہیں روک رہا ہوں ۔ تم اپنے شوق سے جا رہے ہو ۔ "ڈینیم نے بھر پور دھٹائی "
کا مظاہرہ کیا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

مطلب میں واقعی چلا جاوں ۔ تمہے کوئی فرق نہیں پڑے گا ۔ "وہ الٹے قدموں واپس آیا اور "
بے یقینی سے پوچھا ۔

"کیا تم اونچا سننے لگے ہو ۔ اور ہاں وہ کبھی شکل نا دکھانے والی بات پر سختی سے عمل کرنا ۔ "
بس دکھا دینا باقی رہ گیا تھا باقی کام تو ہو گیا تھا ۔

اچھا چلتا ہوں ۔ اب تم نے دکھا مار ہی دیا ہے تو اب یہاں مزید نہیں رک سکتا ۔ ایک روز یاد " آوں گا میں اور تم پکاڑوں گے تو کہیں نہیں ملوں گا میں ۔ میں کہہ رہا ہوں ۔ یاد رکھنا ۔ "آنکھوں پر ہاتھ پھیر کر نادیدہ آنسو صاف کیے اور زرا سی ہچکی لیکر واپس مڑ گیا ۔

کچھ دیر بعد وہ پہاڑ کی سب سے اونچی چوٹی پر بیٹھا تھا جب دوبارہ زرک کی آواز اسکے کان سے ٹکرائی ۔

یار بے وفا ہے تو کیا ہوا یار تو ہے ۔ "اسکی جتاتی آواز اونچائی کی وجہ سے گونجتی ہوئی محسوس " ہوئی تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

تم ابھی بھی یہاں ہوں۔ "ڈینیم نے مصنوئی غصے سے کہا۔"

میں تو جا ہی رہا تھا مگر مجھے میری قسم یاد آگئی جو تمھاری دوستی میں کھائی تھی ۔ البرٹ کہتے تھے " صرف اتنے ہی دوست بناو جتنی دوستی نبھا سکوں ۔ اور میں نے صرف ایک دوست بنایا کیونکہ میں صرف تم سے دوستی نبھا سکتا ہوں ۔ "زارک نے اپنے واپس آنے کا جواز پیدا کیا ۔

" اوہ بہت شکریہ زارک تم نے مجھے اس لائق سمجھا ۔ میں تمھارا احسان کبھی نہیں بھولوں گا ۔ "
زارک ابھی حیران ہی ہو رہا تھا کہ ڈینیم نے اتنی جلدی سب تسلیم کیسے کر لیا مگر اسکے اگلے جملے نے اسکی ساری حیرت پر پانی پھیڑ دیا

" تم سوچ رہے ہو کہ میں ایسا کچھ کہوں گا تو یہ تمھاری بھول ہے ۔ "

زارک کا منہ کچھ دیر تک کھلا رہا جسے ڈینیم نے بند کیا ۔
تم جا سکتے ہو ۔ اور ہاں وہ دوستی کی قسم شسم جو بھی تھی بہتر ہوگا تم وہ ٹور دو ۔ "ہاتھ جھلا " کر کہا اور منہ دوسری طرف پھیر لیا یعنی اپنی ہنسی چھپائی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

زارک کھڑا ہوا اور مرے قدموں واپس نیچے اترنے لگا ۔

روکو "وہ چار قدم اتر چکا تھا ۔ جب ڈینیم نے اسے اوپر سے پکارا ۔ "

کیا مجھے زلیل کرنے کے لیے کچھ رہ گیا ہے ابھی ۔ "دونوں بازوں پہلوں پر جماتے ہوئے " پوچھا ۔

یہاں آکر بیٹھو تمہیں تسلی سے زلیل کرتا ہوں ۔ "واہ وہ زلیل کرنے کے لیے بھی حکم دے " کر بلا رہا تھا ۔

زارک برا سا منہ بنا کر آگے بڑھ گیا مگر اسکے عین سامنے ڈینیم کھڑا تھا ۔

تم نے سنا نہیں ۔ میں نے کہا یہاں بیٹھو "ڈینیم نے اپنی نظریں زارک کی آنکھوں میں " گاڑھیں تو وہ اسی جگہ بیٹھتا چلا گیا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

تو کیا چاہتے ہو تم مجھ سے ۔ "ڈینیم بھی اسکے ساتھ بیٹھا اور اسکا ہاتھ پکڑا ۔ "

Support classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

یہ ہی کہ میں تمھارا احسان مانوں ۔ مگر دوستی میں تو کوئی احسان نہیں ہوتا نا ۔ میں "زارک میرا " دوست ہے "کی گردان کروں گا تو اسکا مطلب تم میرے دوست ہو وگرنہ نہیں۔ دوستی جتائی نہیں نبھائی جاتی ہے ۔ جو جتائی جائے وہ دوستی نہیں ہو سکتی ۔ تم نے مجھے بچایا ۔ٹھیک ہے میں تمھارا مشکور ہوں مگر میں اظہار کے معاملے میں زرا کچا ہوں ۔ "اس آخری بات پر زارک نے آبرو اٹھا کر اسے دیکھا ۔

بیلا سے وہ اتنی بار اظہار محبت کر چکا تھا اور وہ کہہ رہا تھا وہ اس معاملے میں ماہر نہیں تھا۔

"ڈیڈ سے بہت محبت کرتا ہوں مگر کبھی اظہار نا کر پایا۔ اس روز سوچا کہ انہیں بتاو کہ وہ میرے لیے کتنے قیمیتی ہیں مگر وہ ہمیشہ کے لیے دور ہو گئے۔ "زارک نے محسوس کیا اسنے گہری گیلی سانس لی تھی۔

"لاڑد کے تخت پر قبضہ کرنے کے لیے انہوں نے بے دردی سے میرے ہی ہاتھوں میرے باپ کا قتل کروایا۔ "سرخ آنکھیں اپنے زخمی ہاتھ پر جمائے وہ کہہ رہا تھا اور زارک خاموشی سے اسے سن رہا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"میں نے اس ہی ہاتھ سے وہ سلیب والا خنجر انکے دل میں اتار دیا۔ کاش میں نے ایسا خود کے ساتھ کیا ہوتا "بل آخر اسکا ضبط ٹوٹا اور ایک سرخ آنسو گال پر پھسل گیا۔

"100 سالوں سے میرے اندر ایک آگ لگی ہے۔ کوئی پل ایسا نہیں گزرا جب میری نظروں کے سامنے ڈیڈ کا تڑپتا وجود نا آیا ہو۔ جون نے زہر دے کر میرے حواسوں کو مطعل کر دیا۔ مجھے وحشی بنا دیا۔ مجھے اپنے ہی باپ کا قاتل بنا دیا۔ مجھے یاد ہے وہ تزلیل جو مجھے قاتل اور غدار کہہ

کر کی گئی تھی ۔ ایک ایک چہرا یاد ہے ۔ تب زنجیروں سے بندھا ڈینیم کمزور تھا مگر اب انکا سامنا ایک طاقتور پرنس سے ہوگا ۔ 100 سال سے جو آگ میرے اندر لگی ہے وہ سب جلد ہی اسکے اندر جلنے والے ہیں ۔ "وہ کچھ لمحے جزباتی ہوا مگر وہ پھر سے مظبوط ڈینیم بن گیا ۔ اسکے لہجہ جون اور باقیوں کے لیے نفرت سے بھر پور تھا ۔

سال نہیں 9 سو سال اور 9 مہینے ۔ "زارک نے تصحیح کی ۔ 100

ڈینیم نے جواب نہیں دیا ۔

تم نے کہا تم اظہار کرنے میں ماہر نہیں ہو مگر تم بہت بار بیلا سے محبت کا اظہار کر چکے ہو "
۔ "بہت دیر سے دماغ میں اٹکی ہوئی بات اسکی زبان پر آ ہی گئی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ سب صرف ایک ڈرامہ ہے ۔ میں اس سے محبت نہیں کرتا بلکہ اسے مجبور کیا ہے محبت "
"کرنے کے لیے تاکہ وہ وقت پڑھنے پر میرے لیے خود کی قربانی دے ۔

قربانی کیسی قربانی ۔ تم نے جون کے شیطانوں سے اسکی جان بچائی ۔ تم سزا کے برخلاف "
ویمپ ویلی میں جا کر جون کو بیلا سے دور رہنے کا کہہ کر آئے مجھے تو لگا تم اس سے محبت کرتے

ہو ۔ اور تم نے اس روز مجھے بھی تو منع کیا تھا بیلا سے دور رہنا کے لیے ۔ کیا تم اس سے محبت نہیں کرتے ۔ "زارک کے سوالوں پر ڈینیم نے کچھ دیر پر سوچ انداز میں ادھر ادھر نظر بھگائی

۔

نہیں ۔ "اسکا جواب ایک لفظی آیا ۔ "

جھوٹ ۔ تمہیں خود نہیں پتا لیکن تم جھوٹ بول رہے ہو۔ تم اس لڑکی سے محبت کرتے ہو " مگر تمہے خود اس بات کا علم نہیں ہے ۔ "زارک کسی صورت یہ بات ماننے کو تیار نہیں تھا کہ ڈینیم بیلا سے محبت نہیں کرتا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

میرے اندر صرف ایک ہی جزبہ قائم ہے اور وہ انتقام کا ہے ۔ بہت پہلے میں نے محبت پر " انتقام کو چن لیا تھا ۔

"مگر پھر تم بیلا کی حفاظت کیوں کر رہے ہو ۔ "

کیونکہ وہ میری طاقت واپس حاصل کرنے کا ذریعہ ہے ۔ وہ میرے انتقام کا ایک مہرا ہے "
" صرف ۔

کیسے "۔ "
" ایسے کہ وہ ایک عام لڑکی نہیں ہے ۔

" مطلب ۔ کون ہے وہ ۔ "

" ونڈر وچ "

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

ووا ۔۔ون ۔ڈر وچ ۔ او تیری ۔ تم نے پہلے کیوں نہیں بتایا ۔ "زارک شاکڈ سا اپنا ماتھا پکڑ کر "
بیٹھ گیا ۔

وہ خوبصورت سی معصوم لڑکی ونڈر وچ کیسے ہو سکتی ہے ۔ "زارک الجھن کا شکار ہوا ۔"

وہ لڑکی ابھی بیلا ہی ہے مگر ونڈر وچ آہستہ آہستہ اس کے وجود میں اپنا آثار قائم کر رہی ہے ۔ "
" جس روز ڈیول پرل اسکے گلے میں ڈلے گا وہ مکمل طور پر ونڈر وچ بن جائے گی ۔

اوہ مجھے پہلے ہی سمجھ جانا چاہیے تھا جب تم نے اپنا خون بیلا کو پلایا تھا "زارک نے سمجھتے "
ہوئے سر اثبات میں ہلایا ۔

ویمپائرز انسانوں کا خون پیتے ہیں اور ونڈر وچ ویمپائرز کا خون پیتی تھی ۔ "ڈینیم نے زارک کو "
مزید آگاہ کیا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

اوہ ۔ سہی میں سمجھ گیا ۔ مگر اسکا نتیجہ کیا ہوگا "زارک کے تجسس میں اضافہ ہوا ۔"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جب سبز زہر کا آخری قطرہ بھی میرے جسم سے نکل جائے گا تب مجھے میری تمام پاورز مل "
جائیں گی جو اس زہر کی وجہ سے زائل ہو گئیں تھیں ۔ "ڈینیم نے جواب دیتے ہوئے زور سے
مٹھی بھینچی ۔

مگر تم ویسے بھی تو زہریلا خون نکال سکتے ہو۔ اسے ونڈر وچ کو پلانا کیوں ضروری ہے ۔ "زارک "
کا اگلہ تجسس پیش ہوا

ڈیوا نے بڑی مہارت سے ایسا زہر بنایا تھا جسے اگر جسم سے ویسے نکالنے کی کوشش کریں گے "
تو وہ جسم میں اتنا ہی دگنا ہو جائے گا ۔ زہر ختم کرنے کا یہ ہی طریقہ ہے ۔ جادوئی کتاب یہ ہی
" کہتی ہے ۔

ڈینیم نے اسکا اگلہ تجسس ختم کیا ۔

جس پر زارک نے سمجھتے ہوئے سر ہلایا ۔

کیا جادوئی کتاب جو کہتی ہے وہ سچ ہوتا ہے ۔ "دو انگلیاں ٹھوڑی کے نیچے رکھ کر زارک نے پر "
سوچ انداز میں خود کلامی کی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اب تک تو سچ ہی ہے ۔ "ڈینیم پر یقین تھا۔ "

" اور اگر ایسا نا ہوا ۔ مطلب کچھ الٹا ہو گیا ۔ "

تو جو بھی ہوگا تب دیکھا جائے گا ۔ "ایک گہری سانس لیکر وہ اٹھ کھڑا ہوا ۔ "

" تم نے اگر کبھی بیلا سے زرا سی بھی محبت کی ہے تو اسے اپنے بارے میں سچ بتاو گے ۔ " اسکے ساتھ کھڑے ہوتے ہوئے زارک نے کہا ۔

ڈینیم نے مڑ کر ایک اچکتی نگاہ اس پر ڈالی ۔

یعنی تم چاہتے ہو میں ساری محنت پر پانی پھیر دوں ۔ "اسکی ایک اٹھی آبرو سوال ظاہر کر " رہی تھی ۔

وہ محبت کرتی ہے اس ڈینیم سے جسے وہ نہیں جانتی ۔ میں زیادہ کچھ نہیں جانتا مگر تمہے اسکی " محبت نہیں اعتبار حاصل کرنا چاہیے ۔ اور اعتبار سچ بول کر ہی حاصل ہوتا ہے ۔ "زارک کی بات پر وہ گہری سوچ میں ڈوب گیا ۔

وہ تم سے محبت کرتی ہے تو تمھاری سچائی جان کر بھی کرے گی ۔ تمھارے مانگے پر اپنی جان " بھی دے دیگی مگر اسے دھوکے میں مت رکھو ۔ "زارک کے لہجے میں التجا تھی ۔

" تمہیں اتنی فکر کیوں ہے "

" میرا نہیں خیال ایک معصوم لڑکی کو یوں قربان کرنا چاہیے ۔ اسکا اعتبار توڑنا چاہیے ۔ "

ڈینیم کا اسکی بات پر یک دم قہقہہ چھوٹ گیا ۔

دیکھو زرا کہہ کون رہا ہے ۔ جو کسی انسان پر رحم نہیں کھاتا اسکا خون چوستے ہوئے ۔ اسے ایک " لڑکی کی جان جانے سے فکر ہو رہی ہے "

مم ۔ میں تو تمھاری وجہ سے کہہ رہا تھا ۔ تم اس سے محبت کرتے ہو ۔ "زارک نے فورا بہانہ " بنایا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میں نے کہا نا میں بہت پہلے محبت پر انتقام کو چن چکا ہوں ۔ "ڈینیم نے ایک ایک لفظ پر " زور دیا ۔

البرٹ نے کہا تھا محبت سے بڑا کچھ نہیں ہوتا ۔ کوئی جزبہ نہیں ۔ اگر تم محبت پر انتقام کو " فوقیت دے رہے ہو تو یا تو تمہیں بیلا سے محبت نہیں تھی یا تم جھوٹ بول رہے ہو ۔ "اسنے فورا البرٹ کا حوالہ دیا ۔

تم مجھے کیوں اس بات پر قائل کرنے کی کوشش کر رہے ہو ۔ "ڈینیم نے سوالیہ نگاہ اٹھائی " ۔

میں بس یہ کہہ رہا ہوں تمہیں اس لڑکی کی جان نہیں لینی چاہیے جسے تم نے محبت کی تھی ۔ " اور شاید اب بھی کرتے ہو ۔ کہیں بعد میں تمہیں پچھتانا نا پڑے ۔ "زارک نے کندھے اچکا کر جواز پیش کیے ۔

اس سے کیا فرق پڑتا ہے ۔ اسنے ایک روز مر ہی جانا ہے ۔ اچھا نہیں کہ وہ مر کر امر ہو " "جائے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مگر جو امر ہوگی وہ ونڈر وچ ہوگی نا ۔ تمھاری بیلا نہیں ۔ ہاں وہ انسان ہے ایک دن مر جائے گی "
۔ مگر جب تک نہیں مرتی تب تک تو اسے زندہ رہنے دو۔ "زارک کے لہجے میں واقعی بیلا کے لیے
فکر تھی ۔

اب کچھ نہیں ہو سکتا ۔ ونڈر وچ کی روح بہت پہلے اسکے وجود کا انتخاب کر چکی ہے ۔ وہ کسی "
" صورت نہیں رکے گی ۔

کوئی تو طریقہ ہوگا ۔ ہاں وہ ڈیول پرل ۔ اسے ڈھونڈو اور تباہ کردو ۔ "زارک کو فورا اسکی بات یاد "
آئی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

کوئی نہیں جانتا وہ کہاں ہے ۔ وہ اپنے وقت پر ظاہر ہوگا اور خود ہی حقدار کے پاس آئے گا ۔ "
وہ وقت کب آئے کوئی نہیں جانتا ۔ نا کوئی ویمپ نا ہی کوئی جادوگر ۔ "ڈینیم نے سر نفی میں ہلا
کر کہا اور آگے بڑھ گیا ۔

زارک کھڑا کچھ دیر کچھ سوچتا رہا پھر تیز قدم اٹھاتا ہوا اسکے پیچھے چلنے لگا ۔

اچھا ایک بات کا جواب دو ۔ تم میرے دوست ہو نا ۔ "پیچھے سے اپنے بازوں اسکے کندھوں پر " ڈالتے ہوئے اپنے مخصوص شوخ لہجے میں استفار کیا

تم پیچھے ہو رہے ہو یا میں تمھارا منہ توڑ دوں ۔ "ڈینیم نے اسکے بازوں کو جھٹکا دیا ۔ "

مل گیا جواب ۔ تم دوست ہو مگر کبھی اسکا اظہار نہیں کرو گے ۔ چلو یہ ہی منظور ۔ "دونوں" ٹانگوں سے اوپر اچھلتے ہوئے وہ چہکتے ہوئے بولا ۔

ڈینیم کے ساتھ چلتے ہوئے نا جانے کیا کیا کہتا وہ واپس شوخ سا منحوس ہنسی والا زارک بن گیا تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

ویسے تم اداکار کمال کے ہو ۔ اتنی چاہت سے تم بیلا سے تو کیا مجھے سے بھی اظہار کرتے تو " میں بھی تم سے محبت کرنے لگتا ۔ "زارک نے شوخ سا تبصرہ کیا تو جوابا ڈینیم نے اسکے منہ کی زور دار مکے سے تواضع کی ۔

وہ اپنے ہلے ہوئے جبڑے کو ٹھیک کرتے کچھ بڑبڑاتے ہوئے واپس ڈینیم کی طرف مڑا تو وہ غائب ہو چکا تھا ۔

زارک وہاں اکیلا رہ گیا تھا ----------

محبت آہ محبت ۔ وہ دوہرائے پر کھڑا ہو گیا تھا ۔ ایک طرف انتقام تھا اور دوسری طرف محبت ۔ کون کس پر غالب آئے گا ۔ کون کس پر فوقیت لے جائے گا ۔ یہ صرف وقت جانتا تھا ۔ کوئ جادوئی کتاب نہیں ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

وہ ایک پہاڑ کے دامن میں بنی غار تھی ۔ جہاں ایک عمر رسیدہ بزرگ سفید چوغے میں ملبوس پلتی مارے بیٹھے تھے ۔ انکی ڈاڑھی مکمل سفید تھی اور پیٹ سے نیچے تک آتی تھی ۔ چہرے پر ایک شگفتگی تھی ۔ وہ آنکھیں موندھے مراقبے میں مصروف تھے ۔ وہ ویمپ ویلی کے سب سے بزرگ جودوگر البرٹ تھے ۔ لارڈ کی موت کے بعد انہوں نے ویمپ ویلی چھوڑ دی تھی اور غار میں پناہ لے لی تھی ۔ وہ سب سے معتبر جادوگر تھے ۔ کوئی انکی بات نہیں ٹال سکتا تھا یہاں تک کہ خود لارڈ بھی نہیں ۔

ایسے ہی بیٹھے انکے چہرے پر مسکراہٹ ائی ۔

آجاو "غار کے دہانے پر کوئی کھڑا تھا ایسے کہ سورج کی روشنی چاروں طرف سے چھن کر آرہی " تھی اور درمیان میں کھڑا وجود سیاہ نما معلوم ہوتا تھا ۔

البرٹ کی اجازت کے بعد وہ دو قدم آگے آکر انکی دائیں سمت میں بیٹھ گیا۔

بلآخر آپ مجھے مل ہی گئے ۔کتنے سال میں نے تلاش کیا آپ کو۔ "ڈینیم نے گہری سانس " لیکر بات کا آغاز کیا۔

کیوں ملنا چاہتے تھے مجھ سے ۔ "آنکھیں کھول کر اسکی طرف دیکھتے ہوئے البرٹ اپنے رعبدار " لہجے میں گویا ہوئے

میں دوراہے پر پھنس چکا ہوں ۔ آج زارک بہت زکر کر رہا تھا آپ کا ۔ سوچا کوئی بہتر تجویز " پیش کریں گے ۔ "اسکے لہجے میں امید تھی اور وہ امید ہی لیکر آیا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کیا مسئلہ ہے بولو ۔ "وہ کس کشمکش میں ہے البرٹ جانتے تھے مگر اسکے منہ سے سننا چاہتے " تھے ۔

میرے ایک طرف انتقام ہے اور دوسری طرف محبت ۔ مجھے لگتا تھا میں جو کچھ کر رہا ہوں " اپنے انتقام کے لیے کر رہا ہوں ۔ میں بہت پہلے محبت پر انتقام کو چن چکا تھا مگر میں صرف

ایسا سمجھتا تھا۔ میں دونوں میں سے کسی کو کسی پر فوقیت نہیں دے پا رہا ۔ "وہ سخت الجھن کا شکار لگ رہا تھا ۔

البرٹ نے اثبات میں سر ہلاکر واپس آنکھیں بند کرلیں ۔

وقت آہستہ آہستہ کٹ رہا تھا اور قہ البرٹ کے جواب کے انتظار میں بیٹھا تھا ۔ اگر وہاں کوئی اور جادوگر ہوتا تو اتنی دیر کرنے پر ڈینیم اسکی ایک آدھ آنکھ پھوڑ ہی دیتا مگر وہ خاموشی سے بیٹھا رہا ۔

البرٹ نے آنکھیں کھولیں اور اپنا دائیاں ہاتھ اٹھا کر ہوا میں ایک منظر واضح کیا ۔

ڈینیم نے سختی سی اپنی مٹھیاں بھینچ لی ۔ اسکی آنکھوں میں وہ منظر چبنے لگا یہاں تک کے وہ مکمل اس منظر کا حصہ بن گیا ------

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

ویمپ ویلی میں ایک شاندار دعوت کا انتظام تھا ۔ لارڈ اپنی سربراہی کرسی کے آگے کھڑے ویمپ ویلی کے ویمپ اور جادوگروں سے خطاب کر رہے تھے ۔

آج کا یہ جشن ہماری ونڈر وچ کے خلاف جیت کے نام ۔ "ہاتھ میں پکڑے سرخ جام کے " گلاس کو ہوا میں اوپر اٹھاتے وہ خوشی سے بولے تھے ۔

سامنے میدان میں کھڑے سب ویمپ اور جادوگر جوشو خروش سے اس فتح کی مبارک باد ایک دوسرے کو دے رہے تھے ۔

یہ فتح آپ لوگوں کی محنت کا نتیجہ تھی ۔ مجھے امید ہے ہم آگے بھی مل کر ونڈر وچ جیسی ظالم " بلاوں سے مقابلہ کر سکیں گے "وہ ہر ایک کے مشکور لگتے تھے ۔ لاڑد کی طرف سے دی جانے والی اس شاندار دعوت میں ہر کوئی فتح کے خمار میں ڈوبا تھا سوائے کچھ کے ۔

جون اور ڈیوا بھی اس میدان میں ایک طرف کھڑے تھے ۔ انکے ہاتھوں میں بھی سرخ شربت کے گلاس تھے مگر وہ خون نہیں تھا ۔ جون کے چہرے پر باقیوں کی طرح خوشی نہیں تھی ۔

ہماری اصل جیت تب ہوگی جب اس جگہ سے ایک ایک ویمپ ختم ہو جائے گا ۔ "مشروب " کے گلاس کو سختی سے تھامتے ہوئے وہ تلخی سے گویا ہوا ۔

فکر نا کریں میج جون ۔ ہمار ایک منصوبہ کام نہیں کیا تو کیا ہوا ۔ آج ہم لارڈ اور اسکے بیٹے سے " ضرور چھٹکارا حاصل کر لیں گے ۔ "ڈیوا اسکی ڈھارس بندھاتے ہوئے بولی ۔

ونڈر وچ میرا بہترین تجربہ تھی ۔ میرے جادو کا ایک خطرناک تجربہ ۔ وہ ان سب کی موت بن " سکتی تھی مگر اسنے بغاوت کرلی۔ اور باغی کی سزا بے رحم موت ہے ۔ "تخت پر بیٹھے لارڈ کو گھورتے ہوئے جون کہہ رہا تھا ۔ وہ ونڈر وچ کی بغاوت کی وجہ سے سخت پیچ و تاب کا شکار تھا ۔

یہ کام شاید ونڈر وچ کے ہاتھوں ہونا ہی نہیں تھا ۔ یہ کام آج خود لاڑد کا بیٹا کرے گا ۔۔ قدیم " جادوئی کتاب خود یہ کہتی ہے ۔ "خون ،خون کو کاٹے گا "۔ ہم نے اپنا کام کر لیا ۔ اب بس آرام سے تماشہ دیکھنا ہے ۔ یہ جشن جلد ہی سوگ میں بدلنے والا ہے ۔ "جون کے مقابلے میں ڈیوا پر امید لگ رہی تھی ۔ وہ ریاست جو جادوگروں نے قائم کی تھی ۔ اس پر ویمپائرز نے قبضہ کر لیا تھا ۔ اب وقت تھا انسے اپنی ریاست واپس حاصل کرنے کا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

کیا تمھارا زہر تیار ہے ۔ "جون نے ایک دفعہ یقین دہانی کے لیے پوچھا ۔"

بلکل مکمل طور پر ۔ وہ اپنی صحیح جگہ پر بھی پہنچ چکا ہے ۔ "ڈیوا نے سب صحیح جا رہا کی یقین " دہانی کروائی ۔

ہوں ۔ آج کا یہ جشن جلد ہی ہمارے نام کا ہوگا ۔ اس روز میں لارڈ کی کرسی پر بیٹھوں گا ۔ "
اس روز میں ہوں گا اس ریاست کا واحد لارڈ ۔ اس روز یہاں موجود ایک ایک ویمپائر کا خاتمہ ہوگا
۔ "حاصل ہونے والی فتح کا خمار ابھی سے جون کے چہرے سے ٹپکنے لگا تھا ۔ اسکا انگ انگ
غرور اور بادشاہٹ کے خمار سے چور لگتا تھا ۔

کے انداز میں اوپر اٹھاتے (cheers) لارڈ جون زندہ باد ۔ "اپنے جام کا گلاس ہوا میں چیرز "
ہوئے ڈیوا نے مسکراکر اسکی تعظیم کی ۔

ایک جام ہماری اس فتح کے نام۔ "اسکے کہنے پر جون نے بھی اپنا گلاس اٹھا کر اسکے گلاس "
کے ساتھ ٹکرایا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جشن کا سماع جاری تھا۔ لیکن وہاں کوئی نہیں جانتا تھا آج کا جشن لارڈ کا آخری جشن ہونے والا
تھا ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

البرٹ نے اپنی مٹھی بند کرلی تو ہوا میں چلتا منظر غائب ہوگیا ۔

ڈینیم جھٹکے سے ہوش میں آیا۔ اسکی مٹھیاں بھینچی تھیں اور آنکھیں کی رگیں سرخ ہو رہی تھیں

۔

کیا دیکھا تم نے۔ "البرٹ نے استفار کیا۔"

میں پہلے سے ہی جانتا تھا میرے باپ کو میرے ہاتھوں مروانے کی سازش جون اور ڈیوا کی " ہے۔ "وہ تلخی سے کہتا نفرت ست سر جھٹک گیا۔

نہیں !کیا تم نے ڈیوا کی بات غور سے نہیں سنی۔ "البرٹ نے اسکی نفی کرتے ہوئے ایک " پل سانس لیا پھر مزید گویا ہوئے۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"اسنے کہا قدیم جادوئی کتاب ایسا ہی لکھا تھا۔ خون، خون کو کاٹے گا۔"

تو اس کا مطلب "وہ سمجھ اور نا سمجھ کے درمیان بولا"

اسکا مطلب یہ پہلے سے طے تھا تم اپنے باپ کے قاتل بنو گے ۔ یا شاید یہ الٹ سکتا تھا " یعنی تمھارا باپ تمہیں مار دیتا ۔ دونوں صورتوں میں یہ ہونا پہلے سے ہی طے تھا ۔ جون اور ڈیوا محض ایک سبب تھے ۔ "البرٹ نے تفصیل سے ساری بات واضح کی ۔

یعنی آپ کہنا چاہتے ہیں میرا انتقام بے سود ہے ۔ میں بے کار میں جون کے خلاف جنگ کیے " بیٹھا ہوں ۔ "کچھ دیر خاموشی سے البرٹ کی باتوں کو ہضم کرنے کے بعد اسنے سوال کیا ۔

تمھارے انتقام کا جواز غلط ہے ۔ "کہتے ساتھ البرٹ نے دوسرا ہاتھ ہوا میں اٹھا کر ایک اور " منظر واضح کیا۔۔۔۔۔۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

سردیوں کی ایک شام ۔ برف سڑکوں کے کناروں پر جمع ہے ۔ سڑک پر چند افراد چلتے نظر آرہے ہیں ۔ ایسے میں لائٹ بلیو کلر کا ٹراوزر اور شرٹ پہنے بیلا برہنہ پاوں چلتی جا رہی تھی ۔ وہ موسم کی سختی یا ارد گرد کے ماحول کو محسوس کیے بنا خود میں ہی غرق چلتی جا رہی ہے ۔
کچھ آگے چلنے پر لوگوں نظر آبا بند ہو گئے ۔ وہ پالتی مار کر زمین پر بیٹھ گئی اور زور زور سے قہقہے لگانے لگی ۔ اسکے قہقہوں میں ایک شیطانی رمق شامل تھی ۔ اچانک اسکو ہچکیاں آنے لگی ۔

وہ بیٹھے بیٹھے ہی زمین پر جھکی ۔ پھوار کی صورت اسکے منہ سے خون نکلا ۔ خون کے قطرے اسکی ناک اور کانوں سے بھی نمودار ہونے لگے تھے ۔

یہ منظر دیکھ کر ڈینیم نے سختی سے آنکھیں بھینچیں ۔ گو کہ بیلا کے چہرے پر کوئی تکلیف کے آثار نہیں تھے مگر وہ جانتا تھا وہ اندر سے تکلیف میں تھی ۔

اچانک بیلا نے چہرا آسمان کی طرف اٹھا لیا وہ زور زور سے کوئی منتر پڑھنے لگی ۔ پھر وہ کھڑی ہوئی اور ڈینیم نے دیکھا اسکا بازوں گردن تک گیا تھا جہاں سرخ موٹی لٹک رہا تھا ۔ وہ سیاہ نما سرخ تھا ۔ ڈینیم کی آنکھیں حیرت سے بڑی ہوئی ۔ بیلا نے دونوں ہاتھوں سے وہ موٹی پکڑ لیا ۔ اسکے جسم سے چاروں طرف سے روشنی پھوٹنے لگے ۔ تیز آنکھوں کو چھبتی ہوئی روشنی ۔ وہ بیلا جو بظاہر کھڑی تھی بار بار منتر دہراتی جارہی تھی ۔ وہ بیلا جو اپنے ہی وجود میں قید تھی تکلیف سے چیخو پکار کر رہی تھی ۔ ڈینیم کی سماعت نے قیدی بیلا کی آہو پکار سنی ۔ وہ تکلیف میں اسکا نام پکار رہی تھی ۔ وہ خود کے وجود پر قابض ایک ظالم چڑیل سے نجات حاصل کرنے کی تگودو کر رہی تھی ۔ روشنی اس قدر بڑھتی چلی گئی کہ وہ منظر میں پھیل گئی۔ ایک جھماکہ ہوا اور سب غائب ہو گیا ۔ البرٹ کے ہاتھ مٹھی میں بند تھا ۔

ڈینیم نے تکلیف بھرا سانس لیا ۔ اسکو دم گھٹتا محسوس ہو رہا تھا ۔ اسے اپنی ناک کے پاس کچھ گیلا محسوس ہوا ۔ انگلی کی پور سے چھوا تو وہاں سرخ قطرے تھے ۔

اب کیا سنا تم نے "البرٹ نے اس بار بھی وہی سوال کیا ۔ "

وہ مجھے پکار رہی تھی ۔ وہ مجھے تکلیف میں پکار رہی تھی ۔ وہ میری وجہ سے تکلیف میں تھی ۔ " وہ پچھتاوے کے احساس سے بولا ۔ "

نہیں تمھاری وجہ سے نہیں مگر تمھاری وجہ سے ہو سکتی ہے ۔ "البرٹ نے منکنات کا زکر کیا " ۔

اب جاو اور غور کرو ۔ اپنے انتقام کا صحیح جواز ، صحیح مقصد تلاش کرو ۔ جاو اور تلاش کرو کہیں " انتقام حاصل کرنے کا تمھارا طریقہ تمھاری محبت کو تو نہیں روندھ رہا ۔ کہیں تم لاعلمی میں ایک معصوم کے قاتل تو نہیں بن رہے ۔ غور کرو ۔ کہیں بعد میں پچھتانا نا پڑے ۔ "اپنی بھاری رعب دار آواز میں وہ ڈینیم کو حکم آمیز لہجے میں کہہ کر واپس آنکھیں بند کر گئے

وہ اس پر ایک حقیقت کھول چکے تھے ۔ انتقام کی آگ میں وہ کچھ نا دیکھ سکا نا کچھ محسوس کر سکا ۔ اسکا انتقام اسکا تھا ۔ وہ مزید اپنی خاطر بیلا کو قربان نہیں کرے گا ۔ خود سے ارادہ کرتے ہوئے کھڑا ہوا تو قدم لڑکھڑا گیا ۔

اسکے اندر توڑ پھوڑ جاری تھی ۔ سبز زہر کے جو چند قطرے اسکی رگوں میں موجود تھے اندر اہی اندر اسکے وجود کو گلا رہے تھے ۔ وہ ان چند قطروں سے چھٹکارا حاصل کر کے اپنی کھوئی ہوئی طاقتیں پا سکتا تھا مگر اسکے بعد وہ بیلا کو کھو دیگا ۔ اور اس آخری خیال کے ساتھ بیلا کا چہرا اسکے سامنے آیا ۔ وہ جزبوں کی سچائی کے ساتھ اظہار محبت کر رہی تھی اور وہ اسے فقط استعمال کر رہا تھا ۔ وہ لڑکی جسکے قریب ہونے پر اسکی ساکت ڈھڑکن چل پڑھتی تھی وہ اسکی ڈھرکن ہی روکنے والا تھا ۔

وہ

.

خود غرض تھا ۔ وہ مطلبی تھا

.

وہ خود پرست تھا ۔ وہ ظالم تھا ۔ وہ خونخوار تھا ۔ مگر وہ ایک عاشق بھی تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

جادوئی کڑا بیلا تک جلد پہنچ جائے گا میج جون "ڈیوا نے جون کو اطلاع دی تو اسکے چہرے پر " شاطرانہ مسکراہٹ آئی ۔

اس بات کو ممکن بناو کہ وہ کڑا بیلا کے بازوں میں پہنچ جائے ۔ "وہ جادوئی باغ کی روش پر " آگے بڑھتے ہوئے پر حکم دیتے ہوئے بولا ۔

بے فکر رہیں میج جون ۔ "ڈیوا نے سر کو خم دے کر کہا ۔ "

جون کے ہاتھ میں ایک مشروب والا گلاس تھا جسکے گھونٹ گھونٹ بھرتا وہ کافی مطمائن سا لگتا تھا ۔ جادوئی مشروب جو اسے بوڑھا نہیں ہونے دیتا تھا ۔

میج جون آپ بہت پر سکون لگ رہے ہیں ۔ کیا منصوبہ بنایا ہے آپ نے ۔ "ڈیوا نے تجسس " سے سوال کیا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

" پہلے ہم چاہتے تھے کہ ونڈر وچ واپس نا آئے مگر اب میں چاہتا ہوں کہ ونڈر وچ واپس آئے " مشروب کا آخری گھونٹ بھرتے ہوئے جون نے زہن میں ایک چال بنتے ہوئے کہا ۔

میج جون آپ جانتے ہیں آپ کیا کہہ رہیں ہیں ۔ "ڈیوا کو لگا وہ سننے میں غلطی کر رہی ہے ۔ "

ہاں بلکل ۔ پہلے بھی میں نے ونڈر وچ کو تخلیق کیا تھا ۔ اب بھی میں ہی اسے زندہ کروں گا ۔ "
سنجیدگی سے کہتا وہ آگے بڑھ گیا ۔ جبکہ ڈیوا حیرت زدہ وہیں کھڑی رہ گئی ۔ "

نہیں ایسا نہیں ہونا چاہیے ۔ جو ایک بار بغاوت کر سکتی تھی وہ پھر سے بغاوت کرے گی ۔ اگر جون کچھ ایسا سوچ رہا تھا تو یقینا اسنے خود کے لیے حفاظت کا سمان کر رکھا تھا ۔ مگر باقی سب کچھ تباہ ہو جائے گا ۔ جون محض خود کے بارے میں سوچ رہا تھا۔ آنے والے خطرات مزید ڈیوا کو پریشان کرنے لگے ۔ اسے کچھ کرنا چاہیے ۔ جلد از جلد ۔
وہ کسی صورت بھی اس جادوئی کڑے کو بیلا کی کلائی تک نہیں پہنچنے دیگی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اس سیاہ منظر کے درمیان بیلا بلکل سہمی سی تھی ۔ ایک پل پہلے تک ڈینیم اسکی گردن پر اپنے نوکیلے دانٹ رکھ چکا تھا مگر اب وہ اسکے سامنے کھڑا قہقہہ لگا رہا تھا ۔
بیلا شاکڈ سی سامنے کھڑے ڈینیم کو دیکھ رہی تھی ۔ موسم کی سیاہی زرا سی چھٹ کے سحر کے نیلگوں اندھیرے میں بدل چکی تھی ۔

اوہ بیلا ۔۔۔ باقیوں کا پتا نہیں پر میں نے کبھی بھی اپنے شکار کو پھانسنے کے لیے اس سے " محبت کا جھوٹا تماشہ نہیں کیا ۔ "قہقہوں کے درمیان وہ کہہ رہا تھا ۔

مجھے تو انکے نام تک بھی نہیں پتا جنکے آج تک شکار کیے ہیں۔ "بیلا کے چہرے پر نظریں " جمائے وہ ایک پل کو سانس لینے کو رکا جو ہنستے ہوئے پھول گیا ۔

پھر اپنے ہاتھ سے بیلا کا زرد چہرا اوپر اٹھایا ۔

سوری ۔ مجھے نہیں معلوم تھا تم اتنا ڈر جاوگی ۔ آئی ایم سوری بیلا ۔ "دوسرے ہاتھ سے کان " کی لو پکڑتا وہ واقعی نادم نظر آرہا تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

بیلا نے کچھ بولنے کے لیے ہونٹ کھولے مگر رک گئی ۔

اگلے ہی پل جیسے وہ ہوش میں آئی وہ زور زور سے ڈینیم کے سینے پر مکے مارنے لگی ۔ بیلا کے نازک مٹھیاں کہاں اسے درد دینے والی تھی ۔ وہ بس دلچسپی سے اسکی حرکت دیکھ رہا تھا ۔

بہت دیر تک مکے مارتے رہنے کے بعد جیسے کوئی سکتا سا ٹوٹا ۔ بیلا کی آنکھوں سے ابل ابل کر آنسوں گرنے لگے ۔ اسے خود بھی احساس نا ہوا ایسے ہی ڈینیم کا سینا پیٹتے پیٹتے وہ اسکے سینے

کے ساتھ لگ گئی ۔ شاید یہ اس تحفظ کی وجہ سے تھا جو وہ ڈینیم کے پاس ہونے پر محسوس کرتی تھی کہ اس سے ڈرنے پر اسی کے سینے سے لگی خود کو چھپا رہی تھی ۔

ڈینیم کی مسکراہٹ گہری ہوئی ۔ بیلا کے نازک وجود کے گرد اسنے اپنے مضبوط بازووں کا گھیرا کر لیا ۔ وہ اسکے انتقام کا مہرا نہیں تھی ۔ وہ اسکی محبت تھی ۔ وہ اسکی بیلا تھی ۔
بیلا کی آنکھوں سے آنسو نکل کر مسلسل ڈینیم کی شرٹ میں جزب ہو رہے تھے ۔ اسکی سماعت میں ڈینیم کی ڈھرکن گونج رہی تھی ۔ اسے خود کی ڈھرکن گم محسوس ہوئی ۔ وہ ایسے ہی آنسو بہاتی ڈینیم کے سینے سے لگی سسکیاں کھینچتی بے ہوشی کے کنویں میں غوطہ کھا گئی ۔
ڈینیم کو اسکا سانس بھاری ہوتا محسوس ہوا ۔ اسنے بیلا کو خود سے الگ کیا ۔ وہ بے ہوش تھی ۔ وہ اسکی باہوں میں جھول رہی تھی ۔ اسے پہلی ملاقات یاد آئی ۔ جنگل والی سڑک ۔ وہ اس روز بھی ایسے ہی ڈر گئی تھی ۔ اسکے ٹرانس کی زد میں آکر بے ہوش ہو گئی تھی ۔
وہ کتنی ہی دیر اسکا چہرا دیکھتا پھر ۔ پھر اسے گود میں اٹھا لیا ۔ اور ایک طرف بڑھ گیا ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

وہ جنگل میں موجود تھا ۔ اسکے سامنے بے ہوش بیلا زمین پر لیٹی تھی ۔ ڈینیم نے اسکے پاس آگ جلا دی تھی تاکہ اسکی گرمائی سے وہ ٹھنڈ سے محفوظ رہے ۔

"تمہے سچ بتانے کا کہا تھا بیچاری کو ڈرانے کا نہیں۔ "ڈینیم کو اپنے اوپر سے آواز آئی ۔ وہ درخت کی موٹی سی شاخ پر بیٹھا زارک تھا ۔

"پھر وہ میری سینے سے ٹھوڑی نا لگتی ۔ غصے سے میرے سینے پر اپنے نازک ہاتھوں سے وار ٹھوڑی نا کرتی ۔ "ہاتھ میں پکڑی ایک لکڑی کو چٹختے ہوئے وہ بیلا کا لمس محسوس کرتے ہوئے بولا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

"سوچ رہا ہوں میں بھی کسی لڑکی سے محبت کرلوں ۔ پھر خیال آتا ہے وہ بیچاری میرے سینے سے لگے گی اور میں اسکا گلے میں دانٹ گاڑھ دوں گا ۔ "شاخ سے زرا سا جھولتے ہوئے وہ نیچے زمین پر آکر رکا اور ساتھ ہی اپنے بارے میں تبصرہ کیا ۔

اسی وقت بیلا کا فون بجا ۔ ایڈن کی کال تھی ۔

زرا اسے مطمائن کردو ۔ "ڈینیم نے ناک چڑھا کر کہا ۔ ایڈن کی بیلا کے ساتھ بہت فرانکنس "
اسے کبھی نہیں بھاتی تھی ۔

زارک نے فون اٹھایا اور بیلا کی آواز میں جلد آنے کا کہہ کر فون بند کر دیا ۔

اسنے بیلا کی آواز اس قدر کمال کی نکالی کہ ڈینیم ایک لمحے کو خود بھی حیران رہ گیا ۔

یہ کیسے کیا تم نے ۔ "وہ پوچھے بغیر نا رہ سکا ۔ "

دیکھا پھر میرا ٹیلنٹ ۔ "شوخ زارک کو مزید چربی چڑھی ۔ "

ہاں دو ہی تو ٹیلنٹ ہیں تمھارے پاس ۔ ایک یہ اور دوسرا بک بک کرنا ۔ "طنزیہ کہتے ہوئے وہ "
رخ بیلا کی طرف پھیر گیا جو ہر چیز سے بیگانہ بے ہوش پڑی تھی ۔

اچانک ڈینیم کو اندرونی طور پر تکلیف ہونا شروع ہو گئی ۔ یہ زہر کے باقی ماندہ قطرے تھے مگر
اب چاہے وہ جان سے جائے وہ بیلا کو مزید اپنا خون نہیں پلائے گا ۔ اسنے مضبوطی سے اپنا پنجا
زمین پر گاڑھا ۔ پھر وہ اتنے مضبوط حواسوں کا مالک تو تھا کہ اس تلکیف کو برداشت کر سکتا تھا ۔
زارک اسکی حالت سے بے خبر اپنی کہانیاں لیکر بیٹھ گیا تھا۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

وہ گاڑی کی پسینجر سیٹ پر بیٹھی تھی ۔ گاڑی مسلسل چل رہی تھی ۔ بیلا کا سر سیٹ سے ٹکا ہوا تھا ۔ اسکی آنکھیں کی پتلیوں میں زرا سی ہلچل ہوئی پھر اسنے آنکھیں کھول دی ۔ چند لمحے لگے دماغ کی کھڑکھی کھلنے میں ۔

کیا اسنے کوئی خواب دیکھا تھا ۔ وہ سیاہ منظر والے میدان میں بھاگ رہی تھی اور پھر اسنے خود کے بہت قریب ڈینیم کو محسوس کیا تھا ۔ وہ اسکی جان لینے والا تھا مگر ایسا نہیں ہوا تھا ۔

اور اسکا خیال آتے ہی بیلا نے اپنے ساتھ نظر ڈورائی ۔ وہ وہیں تھا ۔ گاڑی ڈرائیو کرتا منہ میں ببل چباتا ۔

وہ بیٹھے بیٹھے اپنی سیٹ پر زرا سی سمٹی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

ریلکس بیلا ۔ میں تمہیں کوئی بھی نقصان نہیں پہنچاو گا ۔ "وہ اسکی حالت سمجھ رہا تھا سو اسے اپنی طرف سے مطمائن کرنے لگا ۔

Support@classicurdumaterial.com

مجھے گھر چھوڑ دو ۔ "وہ بس اتنا بول پائی اور چہرا ونڈ سکرین کی طرف پھیر لیا ۔ "

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

یار ناراض تو نا ہو ۔ ادھر دیکھو مجھ سے بات کرو ۔ "ڈینیم نے اسکا ہاتھ پکڑنا چاہا لیکن بیلا نے کھینچ لیا ۔

پلیز مجھے گھر چھوڑ دو ۔ مجھے کوئی بات نہیں کرنی ۔ "وہ دبا دبا سا چلائی تھی ۔ یہ تو ظاہر تھا وہ " اس سے سخت خفا تھی ۔

ڈینیم نے بھی مزید بات کرنے کی کوشش نہیں کی تھی ۔

بیلا کا گھر آیا تو وہ اسے دیکھے بغیر اتر کر گھر کے اندر تقریبا بھاگ سی گئی ۔

ڈینیم کی نگاہوں نے اسکا تب تک پیچھا کیا جب تک وہ اوجھل نا ہو گئی ۔

پھر زناٹے سے گاڑی آگے بڑھا دی ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

رات کا ویران وقت ۔ وہ پورے چاند کی رات تھی ۔ روشن چمکدار اماوس کی رات ۔ وہ جگہ ایک قبرستان تھی ۔ ہر قبر کے اوپر سلیب لگی ہوئی تھی ۔

ایسے میں وہ چند قبروں کے درمیان کھڑا تھا۔ اسکا منہ ہوڈی سے ڈھکا ہوا تھا ۔

اسکے آس پاس موجود قبروں پر موم بتیاں رکھیں تھی ۔ جن کے شعلے تیز اور مدھم ہو رہے تھے ۔ وہ تقریبا پانچ قبریں تھیں ۔ اچانک زور دار ہوا چلی اور تمام موم بتیاں بجھ گئی ۔ وہاں کھڑے شخص کے چہرے پر جو ہوڈی سے زرا سا جھلک رہا تھا مدھم سی مسکان آئی ۔

اسنے اپنے لباس میں سے ایک چاقو نکالا اور موم بتیاں رکھی ہوئیں قبروں پر کراس کے نشان بنانا شرور کر دیے ۔ وہ پانچ قبریں تھیں ۔

اپنا کام مکمل کر کے وہ واپس ایک بار درمیان میں کھڑا ہوا۔ ایک ایک قبر پر لکھا نام زور زور سے پکارا اور آخر میں چند فقرے بول کر پلٹ گیا ۔

ابھی وہ قبرستان سے باہر ہی نکلا تھا کہ ان پانچ قبروں پر گول ڈائرے میں ہوائیں چلنے لگیں ۔ وہ اتنی تیز تھیں کہ قبروں پر لگیں سلیبیں اکھڑ کر الگ ہو گئیں ۔ کراس کے نشانات لال رنگ کے ہو گئے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

اسنے باہر کھڑے ہوکر سارا منظر دیکھا اور مزے سے مسکرا دیا ۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اب شوق سے آو ونڈر وچ ۔ میں نے تمھارے لیے انتظام کر لیا ہے ۔ "سرگوشی میں کہتا وہ" آگے بڑھ گیا ۔

پیچھے قبروں پر گھومتی ہوا مدھم ہو چکی تھی ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

ویلما نے سب وے سے جو بریسلٹ خریدا تھا انہیں خیال نا رہا وہ بیلا کو دیں۔ وہ اپنا سامان ٹھیک کر رہیں تھیں جب وہ سامنے آیا۔ پہلے سوچا ابھی دے دوں ۔ پھر ٹھہر گئیں ۔ ایک ہفتے بعد بیلا کہ برتھ ڈے تھی ۔ وہ اسے تب گفٹ کر دیں گی ۔

انہوں نے واپس بریسلیٹ ڈبے میں رکھ لیا ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

وہ اگلے دن یونی اپنی کلاس میں داخل ہوئی تو بیلا نے سب کی حیران نظریں خود کی طرف اٹھتے ہوئے دیکھیں۔ پہلے وہ سمجھ نا سکی ۔پھر اسے علم ہو گیا اسکے پیچھے ڈینیم تھا ۔ ڈھائی سالوں میں یہ پہلی بار ہوا تھا وہ کسی کلاس میں داخل ہوا تھا ۔

بیلا اپنی سیٹ پر بیٹھ گئی ۔ ڈینیم بھی اسکے ساتھ چیئر رکھ کر بیٹھ گیا ۔

کوئی ایک آدھ سٹوڈنٹ جو انکی طرف دیکھ رہا تھا ڈینیم کی ایک گھوری لگانے پر نظریں پھیر جاتا ۔

بیلا کو مسلسل اسکی نظریں خود پر چبھتی محسوس ہو رہیں تھیں۔ وہ اسے نظر انداز کیے پروفیسر کی طرف متوجہ ہونے کی کوشش کر رہی تھی ۔ مگر وہ کرسی پر پھیل کر بیٹھا ببل چباتا مسکراتے ہوئے مسلسل بیلا کے چہرے کو آنکھوں میں قید کر رہا تھا ۔ اسے دیکھے بنا بھی بیلا اسکی نظروں سے زچ ہو رہی تھی ۔

جیسے تیسے لیکچر ختم ہوا ۔ بیلا اٹھ کر جانے لگی تو ڈینیم نے اسکا ہاتھ پکڑا ۔
میرا ہاتھ چھوڑو ۔ "بیلا نے ہاتھ کھینچا جوابا ڈینیم نے اسے اپنی طرف کھینچا ۔ وہ اسکی گود میں " گری ۔ بیلا نے اٹھنا چاہا مگر ڈینیم کا حصار مضبوط تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

اور نا چھوڑوں تو ۔ "ڈینیم نے چیلنجنگ انداز میں کہا ۔ "

Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

بیلا اسکی گود میں بیٹھی زرا سا کسمسائی ۔ آس پاس کچھ سٹوڈنٹس نے دیکھا مگر نظر انداز کر کے باہر نکل گئے ۔ یونی میں جگہ جگہ کپلز پائے جاتے ۔ یہ عام بات تھی ۔

تم مجھے جو مرضی سزا دے لے لو ۔ مگر مجھ سے خفا مت ہو ۔ "ڈینیم نے اسکا ہاتھ زرا سا دبایا "

۔

بیلا کا دل زرا سا پگھلا ۔ اسنے آزاد ہونے کی کوشش ترک کردی ۔

مجھ سے بات کرو ۔ چاہے مجھے برا بھلا کہو ۔مگر بات کرو ۔ "ڈینیم نے اسکی منت کی تھی ۔ "

میں نے کبھی کسی ویمپ سے بات نہیں کی ۔ "بیلا نے نظریں دوسری طرف پھیریں ۔ "

تو اس میں کونسی مشکل بات ہے ۔ ویسے ہی بات کرو ۔ جیسے پہلے کرتی تھی ۔ "ڈینیم نے "
ہنس کر ہلکے پھلکے انداز میں کہا ۔ پھر ایک ہاتھ سے کرسی کھینچ کر اپنے ساتھ کی ۔
بیلا اس کرسی پر بیٹھ گئی ۔ اب دونوں آمنے سامنے موجود تھے ۔
ڈینیم زرا سا اسکی طرف جھکا ہوا تھا ۔
پہلے کی بات اور تھی ۔ پہلے میں ایک انسان سے محبت کرتی تھی ۔ اب میرے سامنے ایک "
ویمپ ہے ۔ پہلے وہ مجھے مارنے کی کوشش نہیں کرتا تھا ۔ "بیلا نے انگلیاں موڑتے ہوئے کہا
۔ کل والا منظر زہن میں آیا تو دل زرا سا دہل گیا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ہمم تو تم سب کے جیسی ٹھوڑی ہو ۔ تم شپیشل ہو ۔تمہے کوئی انسان نہیں ویمپ پیار کرتا "
ہے ۔ تم نے ایک ویمپ کو خود سے پیار کرنے پر مجبور کیا ۔ اور رہی بات تمہیں مارنے کی ۔ میں
تمہے کبھی نہیں مار سکتا ۔ "ڈینیم پیار سے اسے سمجھانے لگا۔

ٹرسٹ می ۔ اینڈ سوری کل کے لیے ۔ ایک بار ہنس دو "اسکا ہاتھ تھامتے ہوئے وہ جزبات "
سے بولا ۔

بیلا نے زرا دیر کو الجھن سے اسے دیکھا پھر زرا سا مسکرادی ۔ اسکی مسکراہٹ پر ڈینیم بھی
مسکرایا ۔ گال میں گڑھا پڑا جس میں بیلا ڈوب کر ابھری ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

کیا مجھ سے اب بھی محبت کرتی ہو نا ۔ "وہ ایک آس سے پوچھنے لگا ۔ اب کی بار اسکے جزبات "
سچے تھے ۔ پہلے کی طرح یہ کوئی سازش کا حصہ نہیں تھا ۔ اب کہ جو بھی تھا سچ تھا ۔

سوچ کر بتاوں گی ۔ "ابکی بار بیلا نے اسے تنگ کرنے ک سوچا ۔ "

لو یہ کیا بات ہوئی ۔ "ڈینیم نے منہ بنایا۔ "

یہ ہی بات ہوئی ۔ "وہ اپنی جگہ سے اٹھی اور زرا سی اسکی سائڈ پر جھکی ۔ "

یہ ہی تمھاری سزا ہے ۔ جب تک میں نا چاہوں مجھ سے دور رہنا ۔ "ڈینیم کے ڈمپل والے "
گال پر زرا سی چٹکی کاٹ کر وہ وہاں سے نکل گئی ۔
ڈینیم مزے سے وہیں بیٹھا اسے دیکھتا رہا ۔
پھر سر جھٹک کر مسکراتا خود بھی اٹھ گیا ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

ویلما رات کو سو رہیں تھیں ۔ جب انہیں اپنے کمرے میں کسی کی موجودگی کا احساس ہوا ۔ انہوں نے فورا سائڈ لیمپ آن کیا ۔ وہاں کوئی نہیں تھا ۔
اچھی طرح سے تسلی کرنے کے بعد لیمپ واپس بند کر کے لیٹ گیئں ۔ کوئی ہولہ سا پردہ کے پیچھے سے نکل کر تیزی سے باہر غائب ہو گیا۔

https://www.classicurdumaterial.com/

کوئی بھی چیز ونڈر وچ کو دوبارہ وجود حاصل کرنے سے نہیں روک سکتا ۔ نا تمھارا خوف نا ہی میرا " پچھتاوا ۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

میں کبھی کسی کو اتنی وضاحتیں نہیں دیتا مگر تم سے محبت کرتا ہوں ۔ تمھاری ناراضگی برداشت نہیں کر سکتا ۔ "وہ یک دم سنجیدہ ہو کر اسکا ہاتھ سہلاتے ہوئے کہنے لگا ۔ ۔

بیلا کی آنکھوں میں پانی بھر آیا ۔

مم مج۔ ۔مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہی ۔ تم غلط ہو یا صحیح ۔ میں کچھ نہیں جانتی ۔ "اسکے آنسووں " میں روانی آگئی اور وہ گہرے سانس لینے لگی ۔

میرا ارادہ غلط تھا مگر تمہے سمجھ جانا چاہیے میری وجہ سے تم پر ونڈر وچ غالب نہیں آئے گی۔ " اور ایک اہم بات ۔ میں تم سے ہمیشہ محبت کرتا رہوں گا ۔چاہے تم مجھے قصوروار سمجھتی رہو ۔ میں تم سے بدلے کی امید کیے بنا بے غرض محبت کرتا ہوں ۔ "بیلا کا پکڑا ہوا ہاتھ ہونٹوں کے پاس لے جاکر چوما ۔

ایک لمحہ ۔ دوسرا لمحہ ۔ پھر چھوڑ دیا ۔ ۔بیلا کی ہاتھ کی پشت پر ڈینیم کی سرد سانسیں محسوس ہوئیں ۔

کوئی ساکت آنسو تھا جو بیلا کی آنکھ سے ٹوٹ کر گال پر پھسلا ۔

تم ظالم ہو ۔ "شکوہ کناں آنکھوں کو بے دردی سے رگڑا ۔ "

"کاش کہ تم میری محبت دیکھ پاتی "

"کاش کہ تم میری محبت دیکھ پاتے "

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

تمھاری محبت دیکھی تبھی تو تمھے سب سچ بتانے کا فیصلہ کیا ۔ ورنہ میرے لیے کوئی مشکل نا تھا "
"تمہیں اندھیرے میں رکھنا

"کاش تم نے اندھیرے میں ہی رکھا ہوتا ۔ ایک برا خواب سمجھ کر بھول جاتی "

"کاش یہ سب خواب ہی ہوتا "

کاش تم ملے ہی نا ہوتے "روندھی ہوئی آواز میں گلہ ۔۔۔ "

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

میری زندگی کا بہترین وقت ہو تم ۔ میں اس وقت کو کوس نہیں سکتا ۔ "ڈینیم نے آنکھیں بند "
کر کے مطمائن انداز میں کہا ۔ ساتھ ہی ہلکا سا مسکرایا ۔ اس بار بھی بیلا کا دل اسکے ڈمپل میں
ڈوبا ۔

میں ہی کیوں آخر ونڈر وچ کو میرا ہی جسم کیوں چاہیے ۔ "بیلا نے کوفت سے اس الجھن کا ذکر "
کیا ۔

میرا اس سے رابطہ نہیں ہے ۔ ورنہ پوچھ کر بتا دیتا ۔ "ڈینیم منہ بگاڑ کر کہا تو بیلا نے اسکے " سینے پر مکا مارا ۔

آوچ ۔ آرام سے جان لوگی کیا ۔ "مصنوئی سا تکلیف کا اظہار کیا تو بیلا نے مزید قوت سے اسکے " سینے پر دوبارہ مکا مارا تو ڈینیم نے اسکا ہاتھ تھام کر اپنے سینے پر رکھا ۔

محسوس کرو ۔ میرا ساکت دل تمھارے لیے ڈھرکتا ہے ۔ تم دور جاو گی تو یہ بھی خاموش ہو " جائے گا ۔ تمھارا غصے میں سرخ ہونا مجھے محظوظ کرتا ہے مگر تمھارے آنسو تکلیف دیتے ہیں ۔ پلیز جب تک ہمارا ساتھ ہے پھر کبھی یہ آنسو مت نکالنا ۔ "ایک ہاتھ سے بیلا کا ہاتھ اپنے سینے پر رکھے دوسرے ہاتھ سے اسکے گال پر پھسلے آنسو صاف کیے ۔

میرے لیے کبھی انسانی آنسو یا جزبات اہمیت کے حامل نہیں ہوئے مگر تم بہت اہم ہو مجھے " ۔ تم ۔ تمھاری باتیں ۔ تمھارا غصہ ۔تمھارے آنسو ۔ سب کچھ بہت اہم ہے مجھے ۔ "وہ کہہ رہا تھا اور بیلا کی ڈھرکن تیز ہو رہی تھی ۔

اگر کوئی مجھے کہے تمھاری ناراضی دور کرنے کے بدلے میں خود کو ختم کردوں تو یقین کرو میں "
" ابھی اسی وقت ایسا کر گزروں ۔

بیلا نے اپنا ہاتھ اسکے سینے سے ہٹایا اور اٹھ کھڑی ہوئی ۔
دو چار قدم جنگل کی طرف بڑھائے پھر رک گئی ۔

میری قسمت میں ونڈر وچ ہونا لکھا ہے تو مجھے منظور ہے ۔ "پلٹی اور یاسیست سے مسکرائی ۔ "
ڈینیم بھی مسکرایا مگر یک دم اسکے چہرے کے تاثرات بدلے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

بیلا چند فاصلے پر کھڑی تھی اسکی طرف مسکرا کر دیکھ رہی تھی مگر یہ مسکراہٹ بیلا کی نہیں تھی
۔ وہ شیطانی مسکراہٹ تھی ایسے کہ بیلا کی آنکھوں کی پتلیاں سکڑ گئیں ۔

بیلا "ڈینیم نے اسے پکارا تاکہ وہ ہوش میں آئے۔ "

ونڈر وچ ۔ "تیز تیکھے لہجے میں ڈینیم کی اصلاح کی ۔ "

" بیلا کا جسم چھوڑ دو ۔ "

"اور ایسا نا کروں تو "

" تو اسکا انجام بھگتنے کے لیے تیار ہو جاو ۔ "

" تم میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتے ۔ "

" یہ تمھاری غلط فہمی ہے ۔ "

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

دیکھتے ہیں ۔ مگر یہ خیال رکھنا مجھے پہنچانے والے ہر نقصان کا اثر تمھاری بیلا کو ہوگا ۔ "زور دار" تخریبی قہقہہ

ڈینیم نے غصے سے مٹھی بھینچی ۔ وہ کچھ کرتا اس سے پہلے بیلا کے جسم نے جھٹکے کھائے اور وہ نڈھال سی زمین پر گڑی ۔

ڈینیم نے تیزی سے اسے سہارا دیا۔

دیکھو وہ مجھ پر پھر غالب آ رہی ہے ۔ "تھکاوٹ زدہ تکلیف دہ لہجا ۔ "

اس سے آگے وہ کچھ نا کہہ سکی ۔ زہن مکمل طور پر تاریکی میں ڈوب گیا ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

کیا ہم بات کر سکتے ہیں ۔ "وہ بیلا کو اسکے گھر چھوڑ آیا تھا ۔ وہ ابھی گھر کے قریب ہی پہنچا تھا "
جب درخت کی اوٹ سے سر پر چغہ ڈالے کوئی نکل کر باہر آیا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ڈینیم اس آواز کو پہچانتا تھا ۔
تمہیں لگتا ہے میں تم سے بات کرنے میں دلچسپی رکھتا ہوں ڈیوا "ناگواریت سے سر جھٹک کر "
اندر جانے لگا تو ڈیوا سر سے ہوڈی ہٹاتے اسکے سامنے آئی ۔

"اگر بات فائدے کی ہو تو "

کیا مزاق ہے ۔ تم کب سے میرے فائدے کے بارے میں سوچنے لگی ۔ "ڈینیم نے سخت " نظروں سے اسے دیکھا ۔

فائدہ تو میرا ہی ہے ویسے مگر تم سن لیتے تو اچھا ہوتا ۔ "ڈیوا شانے اچکاکر پلٹ گئی تو ڈینیم " نے برا سا منہ بناکر اسے پکارا ۔

" بولو۔ میں سن رہا ہوں ۔ "

" جون اس کوشش میں لگا ہوا ہے کہ ونڈر وچ جلد اپنا وجود حاصل کرے ۔ "

"مگر کیوں۔ "

کیوں کہ ونڈر وچ کو اپنے قبضے میں کر کے وہ ویمپائرز کو پھر سے اسکا خوف ڈال کر ویمپ ویلی " " کے تخت پر بیٹھنا چاہتا ہے ۔

"کیا وہ بھول گیا ونڈر وچ نے اس سے بغاوت کی تھی ۔ "

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اسی لیے اس بار جون نے بڑا توڑ سوچا ہے ۔ بیلا کی مام نے اسے جو بریسلیٹ گفٹ کیا ہے وہ "
جادوئی کڑا ہے ۔ یہ کڑا ایک ہتھکڑی ہے جو ونڈر وچ کو پابند رکھے گی جون کے خلاف جانے سے ۔
"

" ونڈر وچ پھر جون کو نقصان نہیں پہنچا سکے گی ۔ "

بلکل ۔۔ مگر کیونکہ مجھے اندازہ ہو رہا تھا کہ جون خود غرض ہو رہا ہے تو میں نے جادوئی کڑا چرا کر "
"اسکی جگہ نقلی کڑا رکھ دیا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

"جون کے ساتھ دھوکہ تمہے مہنگا پڑے گا ۔ "

" مجھے کوئی ڈر نہیں ۔ میں نے اسکے لیا کیا کیا نہیں کیا "

مجھے زہر دیا۔ "ڈینیم نے زیر لب کہا ۔ "

"مگر وہ صرف اپنے بارے میں سوچ رہا ہے ۔ "

"بہت دیر سے اندازہ ہوا تمہے ۔ "

وہ ہمیشہ سے اپنے فائدے کے لیے سب کرتا رہا ۔ اب بھی جون بس اپنی حفاظت کر رہا ہے "
"اور باقی سب کو موت کے حوالے جھونک رہا ہے ۔
تو جا کر اپنے ماہان جون کا گلا پکڑو ۔میرا سر کیوں کھا رہی ہو ۔ "ڈینیم نے تیکھے پن سے اسکی "
بات کاٹی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support classicurdumaterial.com

اسکا گلا پکڑنے کے لیے مجھے تمھاری ضرورت ہے "ڈیوا نے گہرا سانس لیکر ۔ "

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"کیونکہ جون کو ختم اسی صورت میں کیا جاسکتا ہے اگر ہم ونڈر وچ کو ختم کریں ۔

تمہیں کیا فائدہ ہوگا اس سے ۔ "ڈینیم نے آنکھیں چھوٹی کیں ۔ "

" دونوں کو فائدہ ہوگا ۔ ونڈر وچ بھی ختم ہو جائے گی تمھارا بدلہ بھی پورا ہو جائے گا ۔ "

"ایسا کیا۔ پر تمہیں یہ سوچنا چاہیے کہ میرے بدلے میں تمھاری جان لینا بھی شامل ہوگا۔ "

"اگر تمہیں ایک فیور دوں تو تب بھی تم یہ ہی ارادہ رکھتے ہو۔ "

"کیسا فیور "

"میں تمہے بتاوں گی ونڈر وچ سے ختم کرنے کا طریقہ۔ "

ڈینیم نے چند لمحے گہری نظروں سے اسے دیکھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

" اگر یہ تمھاری کوئی چال ہے تو تم غلط جگہ کوشش کر رہی ہو"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مجھے لگا تھا تم یقین نہیں کرو گے۔ اسی لیے میں جودوئی کڑا ساتھ لا ئی ہوں۔ ہمیں بس اسے "
"تباہ کرنا ہے۔ جون کو یہ ہی معلوم ہے کہ کڑا بیلا کے ہاتھ میں ہے۔

میں تمھارا کیسے یقین کروں۔ تم جون کے ساتھ دھوکہ کر رہی ہو۔ جس کی تم اتنے عرصے تک "
وفادار رہی ہو۔ "ڈینیم کو کسی صورت بھی ڈیوا پر یقین نہیں ہو رہا تھا۔

" ڈیوا صرف اپنے فائدے کے لیے وفادار ہوتی ہے۔ فائدہ ختم تو وفاداری ختم ۔ "

مجھے یقین تو نہیں ہے مگر پھر بھی تمھاری سن لیتا ہوں ۔ "ڈینیم نے تیور بگاڑ کر کہا ۔ "

اگلے کچھ وقت میں ڈیوا اسے ونڈر وچ کو ختم کرنے اور بیلا کی جان بچانے کا طریقہ بتاتی رہی ۔

کیا تمہیں لگتا ہے ۔ یہ طریقہ کام کرے گا ۔ "ڈینیم نے آنکھ اچکا کر پوچھا ۔ "

https://www.classicurdumaterial.com/

دو باتیں ہونگیں ۔ یا تو بیلا جان سے جائے گی یا پھر تم ختم ہو جاو گے ۔ اب باقی وقت پر ہے " کہ وہ کس کی جان لیتا ہے ۔ مگر زیادہ چانس تمھاری جان کے ہیں۔ "ہکلے سے کندھے اچکائے ڈیوا نے ۔

آزگر کا بیٹا ۔ "ڈینیم نے زیر لب دہرایا ۔ "

اب چونکہ ہم جانتے ہیں کہ بیلا پر تمھارا خون پینے سے ونڈر وچ اثر انداز نہیں ہو گی تو مجھے تمھارا "
"کچھ خون چاہیے ۔

"کیا تم اسے بیلا کو دو گی ۔ "
نہیں میں اس میں تریاق شامل کروں گی تاکہ تمھارے اندر سے زہر ختم ہو اور تمھاری طاقتیں "
"تمہیں واپس مل جائیں ۔

آہم ۔۔۔۔ مگر ابھی نہیں ۔ پہلے اس جادوئی کڑے کو تباہ کرو ۔ "ڈینیم نے ڈیوا کے ہاتھ میں"
موجود دبی کی طرف اشارہ کیا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

ڈیوا نے اثبات میں سر ہلا کر کڑے کو ڈبی سے باہر نکلا مگر ہاتھ میں پکڑتے ہی اگلے لمحے کڑے
میں سے درخت جیسی چھوٹی خار دار تاریں نکلی اور ڈیوا کے بازوں کے گرد تیزی سے لپٹ گیئں ۔
ڈیوا نے فورا جڑوں کی جکڑ سے خود کی چھڑوانے کی کوشش کی مگر وہ جڑ ہٹاتی وہ واپس سے لپٹ
جاتی ۔

ڈینیم بھی اسکی مدد کرتا جڑوں کو اکھاڑ پھینکتا مگر وہاں پھر سے نئی جڑ نکل آتی ۔

جڑیں تیزی سے ڈیوا کا آدھا بازوں خود میں لپیٹ چکی تھیں۔ خار دار ہونے کے باعث ڈیوا کا بازوں زخمی ہو چکا تھا۔

ڈینیم تیزی سے گھر کے اندر گیا۔ واپسی پر اسکے ہاتھ میں کلہڑا تھا

معاف کرنا۔ "ابھی ڈیوا اس سے کیوں کس لیے پوچھتی اس سے پہلے ہی ڈینیم نے کلہڑے کی " ضرب لگائی

ڈیوا کا کٹا ہوا بازوں زمین پر گرا۔ گرتے ساتھ ہی خاردار تاریں ڈیوا کا بازوں خود میں نگل کر غائب ہو گئیں۔

ڈیوا کی تکلیف دہ چیخ جنگل میں گونجی ایسے کہ درخت لرز سے گئے۔

اگر میں یہ نا کرتا تو یہ جڑیں تمہیں پورا نگل لیتیں۔ "ڈینیم ایسے بولا جیسے اس پر احسان کیا ہو۔ "

تمہیں تو بہت خوشی ہوئی ہوگی نا "وہ تکلیف کی شدت سے زمین پر بیٹھتی چلی گئی۔ "

ہاں ظاہر ہے ہونی چاہیے مگر اتنی تکلیف تمھارے لیے بہت کم ہے جو تم نے مجھے دی تھی ۔ "
" سو سال مگر آج بھی وہ تکلیف مجھے یاد ہے ۔

ڈیوا کچھ کہے بغیر اپنے زخمی بازوں پر کوئی جادو پڑھ کر پھونکے لگی۔ چند لمحوں بعد خون نکلنا بند ہو گیا ۔
پھر اٹھی اور ایک قہر آلود نظر ڈینیم پر ڈالتی ہوئی ہوڈی سر پر اوڑھتی جنگل کی جانب چل دی ۔

میں نے وہ سب کچھ جلا ڈالا جس پر تم نے زہر لگایا تھا ۔ "وہ آج بیلا کی حالت غیر ہونے پر " کمرے میں اکھٹی ہوئی انسانوں لاشوں کو جلانے کی بات کر رہا تھا ۔ زوزی اسے پہلے ہی ڈیوا کے آنے اور لاشوں کو زہر آلود کرنے کی خبر دے چکی تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میری غیر موجودگی میں یہاں آنے سے پرہیز کرو تمھاری صحت کے لیے اچھا ہوگا ۔ "دانت پیس " کر ڈیوا کو دھمکی لگائی تو وہ مڑے بنا جنگل میں غائب ہوتی چلی گئی ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

بیلا ۔کیا تم وہاں ہو ۔ "اتوار کا دن تھا ایڈن کو بیلا سے کچھ نوٹس لینے تھے ۔ ویلما نے بتایا وہ "
اوپر سٹور میں ہے ۔ وہ بھی اوپر چلا آیا ۔

بیلا "دوسری بار آواز دیتے ہوئے ایڈن نے سٹور کا دروازہ کھولا مگر اگلہ منظر دیکھ کر اسکے رونگٹے :
کھڑے ہو گئے ۔

پنجوں کے بل بیٹھی بیلا ہاتھ میں ایک بلی کا بچہ پکڑے بیٹھی تھی ۔ اسکے ہونٹوں سے خون رس
کر آرہا تھا ۔ بلی کا بچہ آدھا کھایا ہوا تھا وہ مزید تیزی سے اسے چبا رہی تھی ۔
ایڈن کے دیکھتے ہی اسنے نظر اٹھا کر اسے دیکھا ۔ سکڑی ہوئیں پتلیاں اور عجیب سی مسکراہٹ ۔

خون ۔۔۔مجھے خون چاہیے ۔۔۔۔ "اگلے ہی پل وہ پنجوں پر اچھلی اور ایڈن پر اپنے پنجوں سے "
حملہ کیا ۔

ونڈر وچ کو خون چاہیے تھا بیلا کے جسم حاصل کرنے کے لیے ۔ پھر چاہے وہ جانور کا ہو ۔
انسان کا یا ویمپائر کا ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

خون ۔۔۔مجھے خون چاہیے ۔۔۔۔ "اگلے ہی پل بیلا پنجوں پر اچھلی اور ایڈن پر اپنے پنجوں سے " حملہ کیا ۔

ایڈن فورا دروازا بند کر کے پیچھے ہوا ۔

خون ۔۔۔ خون ۔۔۔۔ "وہ عجیب سی غراٹے دار آواز نکال رہی تھی ۔ "

ساتھ ہی دروازے پر پنجے مار کر اس پر دو خراشیں بھی ڈال دیں ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/classicurdumaterial/

آنٹ ویلما ۔۔آنٹ ویلما ۔۔۔ وو۔۔۔۔ووہ بیلا ۔۔۔۔ اسے کچھ ہو گیا ہے ۔ "خوفزدہ سا ایڈن " تیزی سے سیڑھیاں اترتا نیچے پہنچا۔

کیا ہوا ۔ "ویلما کچن سے کام چھوڑتی ایڈن کی خراب حالت دیکھ کر بھاگی ہوئی آئیں ۔ "

وو ۔ وہ جنگلی ہو گئی ہے ۔ وہ بار بار خون مانگ رہی ہے ۔ "ایڈن نے پھولے ہوئے سانس " کے ساتھ کہا پھر گہرے گہرے سانس لیکر خود کو نارمل کیا ۔

یہ کیا کہہ رہے ہو تم ۔ ایسا کیسے۔۔۔ "ویلما شاکڈ سی ابھی اسکی بات کی تصدیق کر رہیں تھیں " جب سٹوڑ روم کے کمرے کے دروازے کی زور زور سے ہلنے کی آواز آئی ۔ اگلے ہی لمحے دروازہ اڑتا ہوا نیچے آیا ۔

ویلما نے دل کو تھاما ۔ ایڈن بھی چونک کر کھڑا ہوا ۔

اگلا منظر کچھ یوں تھا سیڑھیوں سے نیچے آنے والی وہ بیلا تھی مگر وہ بیلا نہیں تھی ۔ اسکی کمر زمین کی جانب تھی اور وہ دونوں ہاتھوں اور پاووں کے بل الٹا سیڑھیوں سے نیچے اتر کر آ رہی تھی ۔ اسکے بال منہ پر بکھرے ہوئے تھے ۔ دائیں آنکھ زرا سی نظر آتی تھی جس کا رنگ نیلا نہیں بلکل سفید تھا ۔ وہ عجیب ڈراونی آوزیں نکالتے دھیرے دھیرے نیچے آ رہی تھی ۔

نیچے کھڑے ایڈن اور ویلما آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر اسے دیکھ رہے تھے ۔

وہ دونوں بار بار ایک دوسرے کی طرف بھی دیکھتے ۔ ان دونوں کو بیلا کے اس روپ سے خوف بھی آ رہا تھا ۔

سیڑھیاں ختم ہوئی ۔ وہ رک گئی ۔ ہوا کا جھونکا آیا ۔ اسکے منہ سے بال ہٹے ۔ وہ بلکل سپید تھا ۔ منہ پر سرخ دھاریاں واضح تھیں ۔

بیلا کی گردن تیڑھی تھی ۔ وہ گردن سیدھی کرتے ہوئے عجیب سی چبھنے والی ہنسی ہنسی ۔ پھر سیدھی ہوئی ایسے کہ جسم کے ایک ایک جوڑ سے کڑکڑا کے نکلنے کی آوازیں آئی ۔

ہر آواز ماحول میں ارتیاش پیدا کرتی جس سے کمرے میں موجود نفوس کے دل دہل کر رہ جاتے ۔ وہ اب سیدھی کھڑی تھی مگر سیدھی نہیں تھی ۔ ہاتھ الٹی سائڈ پر مڑے ہوئے تھے ۔ پاوں بھی بیرونی طرف کو زیادہ کھلے ہوئے تھے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

خون--- خون---- مجھے خون دو ۔ "وہ اب لڑکھڑاتے قدموں سے ایڈن اور ویلما کی طرف بڑھنے لگی ۔ دونوں ڈر کر زرا سا پیچھے ہوئے ۔

Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

یہ بات تو دونوں کو سمجھ آگئی تھی وہ بیلا نہیں بیلا کے جسم میں کوئی اور طاقت تھی ۔

وہ ایسے ہی اکھڑتے قدم ان دونوں کی جانب بڑھا رہی تھی ۔ ساتھ ساتھ منہ سے عجیب آوازیں بھی نکالتی جاتی ۔

ایڈن مزید پیچھے کو ہوا تو ٹھٹکا ۔ پیچھے دیوار تھی ۔

آنٹ ویلما ۔ آپ باہر بھاگ جائیں ۔ میں دیکھتا ہوں اسے ۔ "ایڈن نے ہلکے سے ویلما کے " کان میں سرگوشی کی ۔

میں نہیں جاوں گی۔ میری بچی مشکل میں ہے ۔ "ویلما دو ٹوک انداز میں بولیں۔ "

ضد مت کریں ۔ وہ آپ کو نقصان پہنچا سکتی ہے ۔ پلیز باہر چلیں جائیں۔ "اب کے ایڈن " نے اپنی بات پر زور دیا ۔

ویلما نا چاہتے ہوئے بھی لان کے دروازے کی طرف بڑھیں ۔

بیلا نے گردن گھما کر انہیں نکلتے ہوئے دیکھا ۔ پھر گردن کچن کی طرف موڑی ۔ ہوا کی تیزی سے کچن سے اڑتی ہوئی چھری آئی اور ٹھک کر کے اس دروازے کو لگی جہاں سے ویلما نکل رہیں تھیں۔ چھری دروازے میں کھب گئی ۔ ایک لمحے کی دیر ہوتی تو چھری ان کی پیٹھ پر لگتی ۔

چچ ۔۔۔ "نشانہ خطا ہونے پر جیسے افسوس ہوا تھا ۔ "

ایڈم کی بھی اٹکی سانس بحال ہوئی۔

وہ اس سے پہلے کچھ اور سوچتا وہی چھری اڑتی ہوئی اسکی طرف آئی ۔ وہ تھیک وقت پر پیچھے ہو گیا نہیں تو چھری سیدھا اسکی گردن میں پیوست ہوتی ۔

بیلا کے چہرے پر پھر نشانہ خطا ہونے پر افسوس ظاہر ہوا ۔

ایڈن تب تک دوسری طرف بڑھ گیا ۔ چھری میں پھر سے حرکت ہوئی اور اس دفعہ اسکے بچنے کے باوجود بھی چھری اسکے بازوں میں پیوست ہو گئی ۔

وہ درد سا کراہا ۔ بیلا گردن ترچھی کیے ہی مسکرائی ۔

ایک پل اور بیلا ایڈن کے بلکل سامنے تھی ۔ وہ کافی دیر تک اسے عجیب سی مسکراہٹ کے ساتھ دیکھتی رہی ۔

دیوار کے ساتھ لگے ایڈن کی ایک سانس آ رہی تھی تو دوسری جا رہی تھی ۔ چھری جہاں لگی تھی وہاں سے خون کی دھار بہہ کر نیچے آ رہی تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

بب۔۔۔بیلا ۔۔ تم کیا کر رہی ہو ۔ ہوش میں آو ۔ "زخم کو دباتے ہوئے وہ بامشکل بولا ۔ مگر وہ" بیلا ہوتی تب اسکی بات سنتی ۔

بیلا نے اپنا سپید ہاتھ آگے بڑھایا اور ایڈن کے بازوں سے چھری کھینچ لی ۔ ایڈن کے منہ سے دل خراش چیخ نکلی ۔

وہ اس چھری کو منہ تک لے گئی اور زبان سے اس پر لگا خون چاٹا ۔ برسوں سے خون کی پیاسی ونڈر وچ کو خون کی مزید چند بوندیں نصیب ہوئی تو ایک فرحت بخش احساس اس کے اندر اترا ۔ ایڈن یک ٹک آنکھیں پھاڑے اسکی حرکت دیکھ رہا تھا۔

خون ختم ہوا تو بیلا کے چہرے پر ناگوار تاثرات ابھرے ۔ اسے مزید خون چاہیے تھا ۔

اسنے چھری ہوا میں اوپر بلند کی ۔ ایڈن اسکا اگلا قدم بھانپ گیا ۔ تیزی سے اسے پیچھے دھکا دیا اور اطراف سے دوسری جانب نکل گیا ۔

بیلا کو دھکا پڑا تو وہ زرا سی اپنی جگہ سے کھسکی ۔ چھری ہاتھ سے گری۔

ایڈن مسلسل اس کشمکش میں تھا کہ بیلا کہ جسم سے اس بلا کو کیسے دور کیا جائے ۔

بیلا نے ہاتھ سے دوبارہ اشارہ کیا تو چھری اڑتی ہوئی اسکے ہاتھ میں آئی ۔

وہ دوبارہ ہوا کی تیزی سے ایڈن کے قریب پہنچ گئی ۔ اور پھرتی سے اسپر دوبارہ وار کرنا شروع کیے ۔ اس بار ایڈن نے اپنے بازووں سے ڈھال بنائی ۔ چھری نے اسکے بازووں پر چند جگہ گہرے کٹ ڈالے ۔ وہ تکلیف سے کرہاتا جا رہا تھا ۔ مگر وہ ظالم اور سفاک بلا تھی جسے کوئی فرق نا پڑتا تھا ۔ ایک بار مزید وار کرنے کے لیے بیلا نے ہاتھ ہوا میں بلند کیا مگر کسی طاقت نے اسکا ہاتھ ہوا میں ہی روک لیا ۔ اسنے زور لگایا مگر ہاتھ اندیکھی قوت کے قبضے سے چھوٹ نا سکا ۔

ایڈن کو وقت مل گیا اور وہ بیلا سے دور ہو گیا ۔ ساتھ ساتھ وہ اپنے زخم بھی دباتا جاتا تاکہ خون رک سکے ۔

بیلا کے ہاتھ پاوں عجیب انداز میں اندر باہر کو ٹیڑھے ہوئے ۔ وہ زمین پر کمر کے بل مڑی ۔ ایک جھٹکا لگا اور کمر کے بل ہی زمین پر گر گئی ۔ اسکی آنکھیں بند تھیں۔ چہرے پر چھائی سرخ دھاریاں آہستہ سے غائب ہو گیئں ۔ معصوم چہرا مگر بے رونق سا ۔ ایڈن جھجھکتے ہوئی اسکے قریب آیا ۔ ہاتھ سے اسکا بازو چھوا تو وہ بے سدھ بے ہوش پڑی تھی ۔ ایڈن نے گہرا سانس کھینچا ۔

اگلے ہی پل دروازہ کھلا اور ویلما اندر داخل ہوئیں۔ انکے ساتھ چرچ کے فادر بھی موجود تھے ۔ وہ لگاتار منہ میں کچھ پڑھتے ہوئے ہاتھ میں پکڑی سلیب کو ہوا میں لہرا رہے تھے ۔

سیما بھی دونوں کے پیچھے اندر داخل ہوئی ۔

ویلما جلدی سے بیلا کے پاس آئیں ۔ اسکا سر اپنی گود میں رکھا اور پیار کرنے لگی ۔ کچھ دیر پہلے والی خطر ناک بیلا اب بے ضرر لگ رہی تھی ۔

تم تھیک ہو ۔ "سیما تکلیف سے کرہاتے ایڈن کے قریب آئیں ۔ "

ہاں ۔ "وہ بامشکل بولا ورنہ بازووں کے زخم اسے دھرا کر رہے تھے ۔ "

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

رکو میں ڈاکٹر کو فون کرتی ہوں ۔ تمھارے زخم گہرے ہیں۔ "وہ اسکے لہو لہان بازو دیکھ کر فورا "
فکر مندی سے کہتی اٹھی ۔ ساتھ ایک پریشان کن نظر بیلا کے بے ہوش وجود پر بھی ڈالی ۔
فادڑ مسلسل پڑھتے ہوئی اپنی سلیب بیلا کے وجود کے گرد گھما رہے تھے ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

ویلما باہر آتے ہی پریشانی سے ٹہلنے لگیں تھیں ۔ یہ کیسی آفت آ پڑی تھی ۔
ان کا زہن ابھی کچھ سوچ پاتا کہ مین گیٹ کی بیل بجی ۔
وہ ایڈن کی گرل فرینڈ سیما تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

مجھے ایما نے بتایا ۔ ایڈن یہاں آیا ہے ۔ مجھے اس سے ملنا تھا ۔ "وہ دروازا کھلتے ہی اپنے "
مخصوص خوشگوار لہجے میں بولی ۔ لیکن اگلے ہی پل ویلما کے چہرے پر چھائی پریشانی دیکھ کر اسکی
مسکراہٹ غائب ہوئی ۔

مس ویلما ۔ آپ تھیک نہیں لگ رہیں ۔ کچھ ہوا ہے ہے کیا ۔ "سیما نے انہیں زرا سہارا دیا "
۔

ویلما نے سیما کو سب کچھ مختصر بتایا اس امید پر کہ شاید وہ کچھ مدد کر سکے
ویلما کی بات سن کر سیما حیرت زدہ ہوئی پھر کچھ سوچتے ہوئے باہر کو بھاگی ۔

کچھ دیر بعد اسکی واپسی فادر کے ساتھ ہوئی ۔

مس ویلما یہ فادر ولٹن ہیں ۔ میرے ڈیڈ کے فرینڈ ہیں۔ یہ ہماری مدد کر سکتے ہیں ۔ آپ "
پریشان مت ہوں بیلا ٹھیک ہو جائے گی ۔ "ویلما کو تسلی دی اور فادر ولٹن سے بات کرنے لگی
۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

فادر ولٹن نے اسکی بات سن کر اثبات میں سر ہلایا ۔ ہاتھ میں پکڑی سلیب کو بوسہ دیا ۔ اسے
ماتھے ، پیٹ اور دونوں شانوں پر چھوایا ۔ اور آنکھیں بند کر کے پڑھنے لگے ۔
دو منٹ بعد انہوں نے آنکھیں کھولیں۔
لڑکی پر قابض بلا کا زور ابھی ٹوٹ چکا ہے ۔ لیکن مجھے مزید عمل کرنا ہوگا شیطانی طاقت کو "
ہمیشہ کے لیے دور کرنے کے لیے ۔ "فادر ولٹن نے سنجیدگی سے آگاہ کیا ۔

پھر وہ تینوں آگے پیچھے گھر کے اندر داخل ہو گئے ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

ڈیوا ہوڈی سر پر ڈالتی ہوئی جنگل میں غائب ہو گئی تو ڈینیم نے تلخی سے کلہاڑا ہاتھ سے جھٹک دیا ۔

اسکے ہاتھ پر بہہ کر کچھ خون آگیا تھا ۔

ڈینیم نے ہاتھ اوپر کر کے دیکھا ۔ سرخ ۔ گاڑھا مایا ۔

وہ اسے ناک کے قریب لایا اور سانس اندر کھینچی ۔

میٹھی ۔ کڑوی ۔ کسیلی مگر لزیز خون کی خوشبو ۔

اسکی دل میں ہرک سی اٹھی تو اسنے اپنا ہاتھ چاٹ لیا ۔

اسے عموما عورتوں کا خون پسند نہیں آتا تھا مگر ڈیوا کا خون اسے پسند آیا تھا ۔

اسکی طلب مزید بڑھنے لگی ۔ ڈیوا کا نہیں مگر فلحال اسے کسی کا خون چاہیے تھا ۔

وہ چند قدم جنگل والی سڑک کی طرف بڑھا تو اسے کمزوری سی محسوس ہوئی ۔

اسنے پچھلے تین دن سے بلکل بھی خون نہیں پیا تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اب اسکی بھوک اور ہوس ایک دم اس پر حاوی ہونے لگی تھی ۔

کچھ دیر پہلے جب بیلا اسکے سامنے لکڑی کے ٹکڑے پر بیٹھی تھی تو اسکی خون کی ہوس نے اسے اکسایا تھا مگر وہ خود پر اپنی بھوک پر قابو پا گیا تھا مگر اب مشکل لگ رہا تھا --------

جنگل والی سڑک پر آو تو ایک لڑکا سائیکل چلاتا ہوا مزے سے سیٹیاں بجاتا گزر رہا تھا ۔

ہوا کا جھونکا آیا ۔

اب سڑک پر صرف سائیکل تھی ۔

وہاں خاموشی تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

جنگل کے داخلی راستے پر ایک درخت سے لٹکتی لڑکے کی خون نچری ہوئی لاش لٹکی تھی ۔

وہاں وحشت تھی

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

وہ واپس آیا تو اسکا دیھان جادوئی کڑے تک گیا ۔

اسنے زمین پر دیکھا تو کڑا غائب تھا ۔

"کیا یہاں کوئی آیا تھا ۔ "
کھڑکھی پر بیٹھی زوزی سے مخاطب ہوا ۔

نہیں تو ۔ "زوزی نے کندھے اچکا دیے ۔ "

یہاں ایک کڑا پڑا تھا ۔ "ساتھ ہی اس جگہ اشارہ بھی کیا ۔ "

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

وہ تو خود با خود غائب ہو گیا ۔ "زوزی نے بتایا ۔ "

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اوہ !یعنی جون کو معلوم ہو گیا ہے ۔ "ڈینیم نے فکر سے اپنے چہرے پر ہاتھ پھیرا ۔ پھر ادھر "
ادھر نظر ڈوڑائی ۔

زارک کافی دنوں سے اسے نظر نہیں آیا تھا ۔

ناجانے کہاں تھا وہ ۔

اور اگلے ہی لمحے ڈینیم نے خود کو کوسا کہ اسنے زارک کے بارے میں سوچا ہی کیوں ۔

وہ اب اسکے سامنے کھڑا تھا ۔

او یار مجھے نا ایک لڑکی سے محبت ہو گئی ہے ۔ "زارک کے ہاتھ میں لال رنگ کا پھول تھا جسے " وہ ناک کے آگے رکھ کر لمبی لمبی سانس لے رہا تھا ۔

یہ انہونی کب واقعہ ہوئی "ڈینیم نے پہلووں پر بازو جمائے ۔ "

کچھ دن پہلے ہی ۔ میں تو خون پینے گیا تھا ۔ دل دے کر آگیا ۔ "آنکھیں بند کرے وہ مزے " آہیں بھر کر بتانے لگا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"کون ہے لڑکی ۔ "

اس کا نام ایما ہے ۔ "زارک نے ڈینیم کی طرف دیکھ کر بتایا ۔ "

ایما ۔۔۔۔ "وہ سوچ میں ڈوبا ۔ "

وہ ایما کو جانتا تھا ۔

ایما ۔ جو ایڈن کی بہن ہے ۔ "ڈینیم نے سولیہ نظریں اٹھائیں۔"

" مجھے نہیں معلوم وہ کس کی بہن یا بیٹی ہے ۔ میری تو محبوبہ ہے بس "

تمھاری محبوبہ بیلا کے گھر پر مجھ پر لائن مار رہی تھی "ڈینیم نے شوخ انداز میں کہا ۔ "

تو تم سسٹر کہہ کر سائڈ پر ہوجاتے "زارک نے منہ بسورا جس پر ڈینیم کا قہقہہ چھوٹا ۔ "

"ہائے آگ لگ گئی بچارے کو ۔"

تجھے کیا پتا محبت کیا ہوتی ہے ۔ تو نے تو بس ڈرامہ کیا ہے ۔ "زارک نے اسے جتایا ۔ "

آہاااں۔ میں نے سب بتا دیا اسے ۔ سب اعتراف کر لیا ۔ "وہ تمسخر والے موڈ سے یک دم " سنجیدہ ہو گیا ۔

اچھا ۔ تو بیلا نے کیا کیا ۔ "زارک بھی سنجیدہ ہوا ۔ "

"وہ مجھ سے ناراض ہے ۔ "

" تونے منایا نہیں اسے "

" ہاں ۔ میں نے معافی مانگی ۔ "

آہمم ۔ مجھے یقین ہے وہ تجھے ضرور معاف کردے گی ۔ "زارک نے تسلی دلائی ۔ "

ہمم ۔ مگر اصل مقصد اس وقت ونڈر وچ ہے ۔ "وہ بڑے مسئلے کی طرف آیا ۔ "

زارک کچھ بولنے لگا جب اسکی نظر زمین پر پڑے زنانہ بازوں پر پڑی ۔

یہ کس کا ہے ۔ "وہ نیچے بیٹھا ۔ "

Classic Urdu Material
کلاسک اردو میٹیریل
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ڈیوا ۔ "پھر خود ہی اندازہ لگایا ۔ "

یہ ڈیوا کا بازو ہے ۔یہ یہاں کیسے آیا ۔ "اسنے بازوں پر بنے سرخ نشان سے اندازہ لگایا ۔ "

ڈینیم نے اسے تمام تفصیل بتائی ۔ ڈیوا کے آنے کی اور جو کچھ بھی ہوا ۔

آہاااں ۔ تو اسکا مطلب آزگر کا بیٹا ونڈر وچ کو ختم کر سکتا ہے ۔ "ساری بات سن کر زارک نے" سمجھتے ہوئے سر ہلایا ۔

ہاں ۔ مگر مجھے ڈر ہے کہ میں اپنی بیلا کو بھی کھو دوں گا ۔ "وہ نیچے بیٹھ گیا ۔ زمین سے ایک " لکڑی اٹھائی اور اس سے زمین پر الٹی سیدھی لکیریں کھینچی ۔

بیلا کو کھونے کے ڈر نے اس کے اندر تک اداسی گھول دی ۔

زارک کچھ سوچتے ہوئے اسکے پاس بیٹھا پھر کندھے پر ہاتھ رکھا جیسے ڈھارس بندھائی ۔

شام آہستہ آہستہ سے ڈھل رہی تھی ۔ آج بادلوں نے چاند کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا تھا سو ہر طرف اندھیرا تھا ۔ ویسا ہی اندھیرا ڈینیم کے وجود پر چھاتا جا رہا تھا ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

وہ اپنے بستر پر لیٹی تھی۔ ویلما اسکے پاس بیٹھیں تھیں۔ وہ منہ میں مسلسل دعائیں پڑھ رہیں تھیں۔

سامنے کاوچ پر ایڈن بیٹھا تھا۔ اسکے بازووں پر پٹیاں بندھی تھیں۔ سیما بھی ساتھ ہی بیٹھی تھی ۔

فاڈر ولٹن بیڈ کے دوسری طرف کھڑے تھے۔ انہوں نے سلور سلیب اٹھا رکھی تھی۔ آنکھیں بند تھیں اور لب بند تھے۔
دفعتا انہوں مے آنکھیں کھولیں۔

اس لڑکی پر ایک خطرناک روح قابض ہے۔ "فاڈر ولٹن نے بولنا شروع کیا تو سب لوگ ان کی طرف متوجہ ہوئے۔

وہ روح اس لڑکی کا جسم حاصل کرنا چاہتی ہے۔ "فاڈر ولٹن نے مزید بتایا۔"

فاڈر کیا اس کا کوئی توڑ نہیں ہے ۔ "ویلما نے گیلے لہجے میں دریافت کیا ۔ "

وہ روح بہت خطرناک ہے ۔ ہم بس کوشش کر سکتے ہیں۔ میں اب اجازت چاہوں گا۔ "وہ " کہہ کر ایک مرتبہ پھر سے سلیب کو بیلا کے پورے جسم کے گرد پھیر کر ایک حصار سا قائم کر کے کمرے سے نکل گئے ۔

ویلما نے دکھ سے بیلا کی طرف دیکھا ۔ اسکا چہرا اتر چکا تھا ۔ وہ زرد ہو رہا تھا ۔

وہ ایک ہی دن میں بے حد کمزور لگ رہی تھی ۔

ویلما نے اسکا ہاتھ پکڑ رکھا تھا اور بار بار اسے پیار کیے جاتی تھیں۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

مس ویلما ۔ آپ گھبرائیں مت ۔ سب تھیک ہو جائے گا ۔ "سیما نے تسلی بھرے الفاظ " بولے تو ویلما نے آنسو بھرا چہرا اثبات میں ہلا دیا ۔

کھڑکی سے باہر شام آہستہ آہستہ کھسک رہی تھی ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

ڈیوا بے چینی سے ویمپ ویلی میں بنے اپنے مخصوص کمرے میں ٹہل رہی تھی ۔ اسکے کٹے ہوئے بازو کے آگے پٹی بندھی تھی ۔

اچانک دروازہ کھلا اور جان اندر آیا ۔

مم۔میج جون ۔ "جون کے تیور غصیلے معلوم ہوتے تھے ۔ ڈیوا نے اپنا بازو پیچھے چھپایا ۔"

جون آگے آیا اور سختی سے اسکا بازو کھینچ نکالا

آہ ۔ "وہ درد سے کرہائی ۔"

دوسرے ہاتھ کو جون نے ہوا میں بلند کیا ۔ اگلے ہی پل اسکے ہاتھ کے اوپر ہوا میں تیرتا ہوا جادوئی کڑا نمودار ہوا ۔

ڈیوا کے حلق میں گلٹی ابھر کر معدوم ہوئی ۔

تم نے کیا سوچا۔ مجھے معلوم نہیں ہوگا ۔ "اسکے بازو کو مزید سختی سے دباتے ہوئے جون ڈھاڑا "

ڈیوا کی آنکھوں سے درد کے باعث آنسو نکلے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میں یہ تو نہیں پوچھوں گا تم نے ایسا کیوں کیا لیکن تم ہے اسکی سزا ضرور ملے گی ۔ "درشتی " سے کہتے ڈیوا کا بازو چھوڑا تو وہ دیوار میں جا کر لگی ۔

تم۔۔ تم صرف اپنے بارے میں سوچ رہے ہو ۔ میں تمہے کسی صورت بھی اپنے فائدے کے " لیے ویمپ ویلی کو تباہ نہیں کرنے دوں گی۔ "وہ سیدھا ہوتے ہوئے چلائی ۔

تم کون ہوتی ہو مجھے روکنے والی۔ "جون نے زور دار قہقہہ لگایا پھر چہرے پر زلت کے باعث " آنے والے تاثر چھائے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

جادوئی تخت نے مجھے دھتکار دیا تھا ۔ وہ زلت میں کبھی نہیں بھول سکتا ۔ "بولتے ہوئے اسکے" چہرے کی رگیں تن گئیں۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

آنکھوں کے سامنے ایک پرانا منظر آیا ۔۔

وہ بڑا سا ہال تھا ۔ شاہی کمرا جو قیمتی آرائش سے مزین تھے ۔

آخر میں درمیان میں ایک چوبارے پر سنہری رنگ کا شاہی تخت رکھا تھا ۔

یہ لارڈ کے مرنے اور ڈینیم کو ویمپ ویلی سے نکالنے کے بعد کا واقعہ تھا۔

ویمپ ویلی کو یقینا ایک نئے لارڈ کی ضرورت ہے۔ آب سب کے فیصلے پر ہم آج اپنا نیا لارڈ " چنیں گے۔ "تخت کے آگے کھڑا وہ ہاتھ بلند کر کے کہہ رہا تھا۔

" میج جون آپ سے بہتر کوئی لارڈ نہیں ہو سکتا۔ آپ ہی کو اس تخت کی زینت بننا چاہیے۔ " ہال میں کچھ جادوگروں کی آوازیں بلند ہوئیں۔وہ ہمیشہ سے جون کے حق میں تھے۔

جون غرور سے مسکرایا۔ اسکی اٹھی گردن مزید تن گئی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

اب ہم اس ایمپائر پر جادوگروں کی حکومت قائم کریں گے۔ ہم ایک ایک ویمپ کو یہاں سے " نکال پھینکے گے۔ "ہوا میں مٹھی بلند کر کے جون نے تہیہ کیا۔

بلکل۔ ضرور۔ ویمپائرز کی حکومت ختم ہو چکی ہے۔ اب یہاں ہماری حکومت ہوگی۔ یہ جگہ " ہمارا حق ہے۔ اس کو ہم ہی حاصل کریں گے۔ "ہال میں مختلف آوازیں گونجی اور جون نے جیت کے احساس سے سر مزید اونچا کیا۔

مگر وہ جیت نہیں تھی جو جون اور باقی سب دیکھ رہے تھے ۔

کیا یہاں تمام جادوگر راضی ہیں میرے لارڈ بننے پر ۔ "اسنے ایک مرتبہ پھر سب سے گواہی "
لینی چاہیے

بلکل ۔ ہم متفق ہیں ۔ "جادوگروں نے اثبات میں سر ہلاتے ہوئے کہا ۔ "

جون کی فتح کا خمار لیے ہوئے مسکراہٹ اور گہری ہوئی ۔ وہ پلٹا اور شاہی تخت تک آیا ۔
اسکے پچھلے حصے پر ہاتھ پھیرا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

تو آخر کار میں نے تمہے حاصل کر ہی لیا ۔ "وہ بے آواز بولا ۔ "

پھر پلٹا اور تخت پر بیٹھ گیا ۔

لارڈ جون زندہ باد ۔لارڈ جون زندہ باد ۔ "ہال میں جادوگروں کے نعرے بلند ہوئے اور جون وہ "
پھولے نہیں سما رہا تھا ۔

ویمپ ویلی کی حکومت بل آخر اسکے ہاتھ میں تھی مگر

ابھی وہ تھیک طرح سے اپنی فتح کا لطف نا اٹھا پایا تھا کہ کسی اندیکھی طاقت نے اسے تخت سے اتار پھینکا ۔

وہ اڑتا ہوا منہ کے بل زمین پر آگرا
سب جادوگر چونک کر اسے دیکھنے لگے ۔
وہ کھڑا ہوا اور اچھنبے سے تخت کو دیکھا۔

شاہی تخت پر وہی بیٹھ سکتا ہے جو اسکا حقدار ہے ۔ تم اسکے لائق نہیں ہو ۔ "تخت کے "
چاروں طرف تیز روشنی پھوٹی ۔ ایک زور دار بھاری آواز ہال میں گونجی پھر خاموشی چھا گئی ۔
روشنی بھی غائب ہو گئی ۔

جون سمیت سب کے سب ہونکوں کی طرح کھڑے تھے ۔
جب ڈینیم کا باپ تخت پر بیٹھا تھا تو ایسا کچھ نہیں ہوا تھا ۔ یعنی تخت نے اسے قبول کیا تھا اور جون کو نہیں ۔ اور یہ بات جون کے لیے زلت آمیز تھی ۔

ویمپ ویلی کی ریاست جادوگروں نے بنائی تھی ۔

اسکی ہر شے ۔ اسکا تخت بھی اور اس تخت نے ایک ویمپائر کو قبول کیا تھا اسے بنانے والے جادوگروں کو نہیں۔

تمام جادوگروں میں چے مگوئیاں جاری تھیں۔ ۔

تخت کا حقدار کون ہے آخر ۔ سب کے زہنوں میں ایک ہی سوال تھا ۔ "

جون نے نفرت سے تخت کو دیکھا پھر لمبے لمبے ڈگ بھرتا وہاں سے نکل گیا ۔ اسکا چہرا خود کو ملنے والی دھتکار سے سرخ ہو رہا تھا ۔ زلت کی شدت سے اسکی دماغ کی رگیں پھٹی جارہیں تھیں

میں تمہے روک کر رہوں گی ۔ "وہ ڈیوا تھی جس نے اپنے سالم بازوں سے تیز ڈھار چاقو جون کی " طرف پھینکا ۔

جون ماضی سے واپس آیا اور پھرتی سے ہاتھ آگے کر کے چاقو ہوا میں روکا ۔

Classic Urdu Material
کلاسیک اردو میٹیریل
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"چچچ--- تم نے اپنی موت کو دعوت دی ہے -- تم اب میرے کسی کام کی نہیں رہی ۔ "

جون نے دانت پیس کر کہا اور ہاتھ ہوا میں گھمایا ۔

چاقو تیزی سے مڑا اور اگلت ہی پل وہ ڈیوا کی گردن میں پیوست تھا ۔

اسکے حلق سے گھٹی سی چیخ نکلی ۔ اپنے گلے کو ہاتھ سے تھاما ۔

اسکے منہ اور گردن سے فوارے کی صورت خون نکلا ۔

آنکھیں پانیوں سے بھریں تھیں۔ وہ ایسے ہی گلا پکڑے زمین پر بیٹھتی چلی گئی ۔

تت۔ تم ۔کلک۔ کبھی کامیاب-- "آواز حلق میں ہی گھٹ گئے ۔ ڈیوا کا مردہ وجود ایک جانب "

کو لڑھک گیا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جون کے چہرے پر طنزیہ مسکراہٹ آئی ۔

تم مجھے یہ نہیں بتا سکتی کہ میں کیا کر سکتا ہوں اور کیا نہیں۔ "نفرت سے ایک طرف تھوکا اور"

مردہ ڈیوا پر کاٹ دار نظر ڈال کر باہر نکل گیا ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

رات کا وہ تیسرا پہر تھا جب بیلا کی آنکھ کھلی تھی ۔ وہ شدید تھکن محسوس کر رہی تھی ۔ ہونٹ اور حلق خشک ہو رہے تھے ۔ اسنے اٹھنے کی کوشش کی مگر نقاہت سے واپس ڈھے گی ۔

ونڈ وچ ۔

پہلا خیال اسکے زہن میں یہ ہی آیا پھر بیلا نے سختی سے آنکھیں میچ لیں ۔

وہ آنکھیں بند کر کے ہی بیٹھی تھی جب چہرے پر ہلکی سی سرد سی ہوا محسوس ہوئی ۔
بیلا نے چونک کر آنکھیں کھولیں ۔
سامنے ڈینیم تھا ۔
وہ اس کے چہرے پر پھونک مار رہا تھا ۔
ٹھنڈی نرم پھونک ۔

بیلا نے بے زار سا منہ بنا کر چہرا سائڈ پر کر لیا۔

چلو تمہے کچھ بتانا ہے "ڈینیم نے ہاتھ سے اسکا چہرا اپنی طرف کیا ۔ "

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

بیلا نے چند لمحے اسکی آنکھوں میں دیکھا پھر محسوس کیا ڈینیم کے چھوٹے ہی اسکی ٹھکن کم ہونے لگی تھی ۔

وہ بے اختیاد مسکرا دی ۔

ڈینیم بھی مسکرا دیا ۔

" چلیں "

بیلا نے اثبات میں سر ہلا دیا -----

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کچھ دیر بعد وہ دونوں ایک سر سبز باغ میں موجود تھے ۔

ہوا نمی لیے ہوئے تھی ۔

کبھی کبھی تیز جھونکا آتا تو گھاس لہرا جاتی ۔ ساتھ ہی پھولوں کی مسہور کن خوشبو سانسوں کو معتر کر جاتی ۔

بیلا گھاس پر دو زانوں بیٹھی تھی اور ڈینیم بھی اسکے سامنے ایسے ہی بیٹھا تھا۔

تو تمہے حل مل گیا ونڈر وچ سے چھٹکارہ حاصل کرنے کا ۔ "گھاس پر ہاتھ پھیرتے ہوئے وہ " کام کی بات پر آئی ۔

ہاں ۔ "ڈینیم نے ایک لفظی جواب دیا ۔ "

کیا ہے وہ ۔ "بیلا جاننے کے لیے اوتاولی ہوئی ۔ "

اسکے لیے مجھے تمھارا خون پینا پڑے گا ۔ "ڈینیم نے سنجیدہ سا منہ بنا کر کہا ۔ " بیلا یک دم پیچھے کو کھسکی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

کیا تم میرا خون پینے والے ہو ۔ "وہ بے یقین ہوئی ۔ "

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مجھے ایسا کرنا پڑے گا ۔ "وہ بے بسی سے بولا ۔ "

کیا کوئی اور طریقہ نہیں ہے ۔ "بیلا نے امید باندھی ۔ "

نہیں ۔ "ڈینیم نے نفی میں سر ہلایا ۔ "

بیلا کا ہاتھ بے اختیار دل تک گیا ۔

تو ایسا کرنے سے میں بھی ویمپائر بن جاوں گی نا۔ "وہ معصومیت بھرے انداز میں بولی۔ "

پھر ہم دونوں ہمیشہ ساتھ رہیں گے "ڈینیم نے نتیجہ اخذ کیا ۔ "

ایسی زندگی تمہے ہی مبارک ہو ۔ "بیلا نے سر جھٹک کر کہا ۔ "

کیا تم نہیں چاہتی ہم ساتھ رہے ۔ "ڈینیم نے اسکا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا ۔ "

ممم۔۔میں ۔۔ "وہ کنفیوز ہوئی۔ "

کچھ لمحے ہونٹ کاٹتی رہی

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

میں چاہتی ہوں مگر میرے دل میں یہ وسوسے بھی اٹھ رہیں ہیں کہ ہم دونوں میں سے کسی "
ایک کو بہت نقصان اٹھانا پڑے گا ۔ "وہ ہمت کر کے اپنا خدشہ ظاہر کر گئی ۔

" اگر ایسا ہے تو میں سارے نقصان اپنے سر لے لوں گا ۔ مگر تمہے کچھ نہیں ہونے دوں گا ۔ "
ڈینیم مسلسل اسکا ہاتھ اپنے ہاتھ میں تھپاتھپاتے ہوئے بولا ۔
یہ ہاتھ تھپتھپانہ بھی بیلا کو تسلی دے گیا لیکن پھر اسنے اپنا دل مٹھی میں بھینچا ہوا محسوس کیا ۔

کیا میں یہ برداشت کر پاوں گی۔ "بیلا کی آنکھیں چھلک پڑیں ۔ "

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

ایک آخری درد اسکے بعد سکون "ڈینیم نے اسکا ہاتھ اپنے ہات میں دبایا ۔ "

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

بیلا نے آنکھیں بند کر کے کھولیں۔

یہ کتنا مزاحکہ خیز ہے ۔ موت سے بچنے کے لیے مرنے پڑے گا ۔ "بیلا نے یاسیست سے "
کہتے ہوئے قہقہہ لگایا۔
ایک درد تھا اسکے لہجے میں جو ڈینیم کے اندر تک اتر گیا ۔

وہ بیلا کا بس چہرا دیکھتا رہ گیا ۔

کچھ بولنے کی ہمت نہیں تھی ۔

ڈینیم ۔ ۔ ۔ "وہ زارک کی آواز تھی جو دور سے آتی محسوس ہوئی ۔ "

ڈینیم بیلا کا ہاتھ چھوڑ کر کھڑا ہو گیا ۔

بیلا بھی چونک کر کھڑی ہوئی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

کیا ہوا ۔ "بیلا نے استفار کیا ۔ "

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ڈینیم نے کچھ بولے بنا بیلا کا ہاتھ دوبارہ پکڑا ۔

بجلی کا کوئی کوندہ سا گزرا اور بیلا نے خود کو ڈینیم کے گھر میں موجود پایا ۔

ڈینیم ساتھ نہیں تھا ۔

وہ گھبرا کر باہر بھاگی ۔

وہ گھر سے باہر آئی تو اسکی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی ۔

زمین پر ایک لڑکی کی لاش پڑی تھی ۔ اسکا ایک ہاتھ کٹا ہوا تھا ۔ گردن میں چاقو گھسا ہوا تھا اور جسم زخم سے نکلنے والے خون سے لت پت تھا ۔

بیلا کو خون دیکھ کر بے اختیار ابکائی محسوس ہوئی ۔

وہ ہاتھ منہ پر رکھ کر نیچے کو دھری ہوئی ۔

ڈینیم ڈیوا کی لاش کے پاس گھٹنوں کے بل بیٹھا اسکے جسم کو ٹٹول رہا تھا ۔

اسکے چہرے پر ہوائیاں اڑی ہوئیں تھیں ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

جون نے اسے مار دیا ۔ جون کو سب پتا چل گیا ۔ وہ جان گیا کہ ڈیوا زہر کے آخرے قطرے " تمھارے جسم سے نکالنے کے لیے تمہیں تریاق دے گی۔ "دوسری جانب بیٹھا زارک بتا رہا تھا ۔

یہ کون ہے ۔ "بیلا خود کو نارمل کرتے ہوئے قریب آئی ۔ "

یہ ڈیوا ہے ۔ "ڈینیم نے بتایا ۔ "

اوہ !اسے کس نے مارا ۔ "وہ بھی ڈینیم کے ساتھ بیٹھی ۔ "

"جون نے ۔ "

تینوں اب ایک دوسرے کو نا سمجھی سے دیکھ رہے تھے ۔

زہر کا تریاق یا تو ڈیوا کے پاس تھا یا ونڈر وچ کے پاس ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

ڈیوا مر گئی تھی اور ڈینیم کسی صورت اب بیلا کو اپنا خون پلانا نہیں چاہتا تھا ۔

Support: classicurdumaterial.com

چاہے ایسا کرنے سے ونڈر وچ بیلا پر اثر انداز ہو یا نا ہو لیکن وہ رسک نہیں لینا چاہتا تھا ۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ رات عجیب الجھن والی گزری تھی ۔

ڈینیم جو کئی سالوں سے ڈیوا کو مرا ہوا دیکھنا چاہتا تھا آج اسکی لاش سامنے دیکھ کر اسے دکھ ہو رہا تھا ۔

وہ گھر کے اندر گیا ۔ دو کینڈل لیکر آیا اور ڈیوا کے شانوں کے گرد دونوں رکھ کر چلا دیں ۔

ڈیوا کے منہ سے سفید رنگ کے جھاگ ابل رہے تھے ۔

" میں تمھارے احسان کا ضرور بدلہ چکاوں گا۔ میں قسم کھاتا ہوں تمھاری زہر آلود بوسیدہ لاش کے گرد تمھاری یاد میں کینڈلز ضرور جلاوں گا۔ "ڈینیم کو اپنی کہی ہوئی بات یاد آئی جو اسنے شیطانوں سے مقابلے والی رات کہی تھی ۔

اسے نہیں پتا تھا کہ وہ ایسے ڈیوا کے گرد کینڈلز جلائے گا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠ ۔

" زندہ ہو جاو ۔ زندہ ہو جاو۔ آج زندہ ہونے کا وقت ہے ۔ اب وقت آگیا ہے فتح حاصل کرنے کا ۔ شیطان کے حکم سے زندہ ہو جاو ۔ "وہ قبرستان کا منظر تھا ۔ جون اپنے مخصوص چغے میں ملبوس ان پانچ مخصوص قبروں کے آگے کھڑا اونچا اونچا بول رہا تھا ۔

پھر اسنے ایک ایک کر کے قبر کے مکینوں کا نام لیے ۔

قبریں زور زور سے ہلنے لگیں ۔ تابوتوں کے اکھڑنے کی آوازیں آئیں اور پھر مریل زدہ سے ہاتھ قبروں سے باہر آئے ۔

دیکھتے ہی دیکھتے وہ پانچوں مردے پورے باہر نکل آئے ۔

وہ مریل زدہ لٹکے چہروں والے تھے ۔ جسم کی کھال جگہ جگہ سے لٹکتی ہوئی تھی ۔
کسی کی کہیں سے ہڈی نکلی ہوئی تھی تو کسی کی آنکھ باہر لٹک رہی تھی ۔
سب کے پاوں الٹے تھے ۔ وہ ٹیڑھے میڑے انداز میں چلتے جون کی طرف آ رہے تھے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"آو ۔ آو ۔۔ میری مردہ فوج کے ساہیوں آگے آو"

جون نے ہاتھ ہوا میں بلند کیا اسکے ہاتھ کے گرد سرخ روشنی سی لپٹ گئی ۔ اسنے وہ روشنی ان مردوں کی جانب پھینک دی ۔

روشنی ہوا کے باونڈر کی طرح انکے گرد گھومی ۔ ایک جھماکہ ہوا اور اب وہ سب زندہ جیتے جاگتے انسان بن گئے ۔

۔

ان میں ایک خوبصورت لڑکی تھی ۔ ایک بڑی عمر کا آدمی ۔ اور تین جوان لڑکے ۔

تم لوگوں کو معلوم ہے کیا کرنا ہے ۔ بیلا کے گرد تمام لوگوں کو ختم کردو ۔ اسکی ماں اور ایڈن " نامی لڑکے کو ۔ "جون نے حکم صادر کیا تو لڑکی اور بوڑھے آدمی نے سر اثبات میں ہلایا اور قبرستان سے باہر نکل گئے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

تم تینوں میرے ساتھ آو ۔ "جون کہتے ہوئے پلٹا پھر وہ سب بھی وہاں سے غائب ہو گئے ۔ "

Support @classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

وہ ایڈن کی گرل فرینڈ سیما کا کمرہ تھا ۔ کمرہ خالی تھا ۔ باتھ روم کا دروازہ کھلا اور سیما باہر آئی۔

وہ معمول کے مطابق شیشے کے آگے کھڑی ہوئی اور بالوں میں کنگھا پھیرنے لگی ۔

دفعتا اسکے ہاتھ سے کھنگا چھوٹا ۔

شیشے میں اسکے پیچھے ایک ڈروانی مردہ شکل کی لڑکی کھڑی تھی ۔

سیما نے ڈرتے ڈرتے پیچھے دیکھا۔

وہاں کوئی نہیں تھا ۔ شیشے میں بدستور وہ لڑکی موجود تھی ۔

سیما اس سے پہلے بھاگتی یا کچھ اور کرتی وہ مردہ لڑکی اس پر وار کر چکی تھی ۔

سیما کے منہ سے خون نکلا اور اگلے ہی لمحے وہ فرش پر پڑی تھی ۔

مردہ لڑکی نیچے بیٹھی ۔ سیما کے ماتھے پر انگلی رکھی ۔ ادل بدل ہوا ۔ اب مردہ لڑکی سیما تھی اور سیما مردہ لڑکی بن چکی تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کمان جیسے باریک چاند کی مدھم روشنی میں وہ سیما کی لاش ایک میدان میں گھسیٹی ہوئی لائی اور اسے آگ لگادی ۔

کچھ دیر بعد وہ سیما کے کمرے میں شیشے کے آگے کھڑی سیما کے ہی انداز میں بالوں میں کنگھی پھیر رہی تھی ۔

ہونٹوں پر چبتی مسکراہٹ بھی تھی ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

فاڈد ولٹن معمول کے مطابق شام کی چائے کے بعد ٹہلنے نکلے تھے ۔

وہ گھر سے کچھ آگے آئے تھے جب کالی چادر میں لپٹا ایک بوڑھا انہیں بری طرح کھنستا ہوا دکھا ۔

وہ مدد کرنے کے لیے قریب ہوئے اور اگلے چند لمحوں بعد وہ مردہ زمین پر پڑے تھے ۔

بوڑھا مردہ فاڈد ولٹن کا روپ ڈھار چکا تھا ۔

جبکہ مریل زدہ مردے کی شکل والے فاڈر ولٹن کالی چادر میں لپٹے جھلسے پڑے تھے ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

وہ منظر چرچ کا تھا ۔ ایک بڑا سا ہال کمرا تھا ۔جس کے دونوں اطراف بیٹھنے کے لیے سٹول لگے تھے ۔ درمیان میں دبیز قلین بچھا تھا ۔ سب سے آخر میں سامنے کی دیوار پر ایک سلیب نصب تھی ۔

فاڈر ولٹن کے روپ میں جون کا بیجھا گیا وہ بوڑھا مردہ سلیب کے آگے کھڑا ۔تھا ۔

اسکے ہاتھ میں شراب کا گلاس تھا جسے وہ گھونٹ گھونٹ پی رہا تھا ۔

دوسرے ہاتھ میں سلیب پکڑ رکھی تھی ۔

اسنے زور سے سلیب نیچے زمین پر پھینکی ۔ سلیب گرتے ہی زرا سا لڑھک کر آگے کی طرف چلی گئی ۔

دوسری جانب سے آنے والی بہروپیا سیما نے جھک کر سلیب اٹھائی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

یہ سلیب اس لائق نہیں ہے فاڈر ولٹن ۔ "ہاتھ میں سلیب سختی سے پکڑے وہ اسکے سامنے " آکر کھڑی ہوئی ۔

اس سلیب کو ٹوڑ کر ہی ہم اس لڑکی کے گرد سے وہ فاڈر ولٹن کا بنایا ہوا حصار توڑ پائیں گے ۔ " نکلی ولٹن نے پریشانی سے کہا ۔ "

تو اس میں مشکل والی کیا بات ہے ۔ یہ ابھی توٹ جائے گی۔ "مردہ سیما نے جیسے ناک سے " مکھی اڑائی اور زور سے سلیب کو ہاتھ میں دبایا ۔

آہ ۔ ۔ "ایک پل ہی گزرا ہوگا جب اسنے سلیب ہاتھ سے دور پھینک دی ۔ "
اسکا ہاتھ سرخ انگارا ہو رہا تھا ۔

میں بھی بہت کوشش کر چکا ہوں ۔ میں نے شیطانی طاقتیں بھی استعمال کر لیں ۔ مگر یہ " نہیں توٹی ۔ یہ کوئی عام سلیب نہیں ہے ۔ "مردہ ولٹن نے اسکا ہاتھ افسوس سے دیکھتے ہوئے کہا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

تو پھر اب ہم کیا کریں گے ۔ "سارے عرصے میں پہلی بار سیما کے چہرے پر فکر لہرائی۔ "

اس بارے میں آقا جون کو آگاہ کرو ۔ اور ہم وہی کریں گے جو کرنا ہے ۔ "شراب کے گلاش کا " آخری گھونٹ بھرا اور گلاس ایک طرف پھینک دیا ۔

سیما اثبات میں سر ہلاکر واپس مڑ گئی ۔

مردہ ولٹن بھی اسکے پیچھے باہر نکلا ۔

سرمائی رنگ کی سلیب کونے میں پڑی رہ گئی ۔

۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

جب سے فاڈر ولٹن بیلا کا علاج کر رہے ہیں وہ بہت بہتر لگ رہی ہے ۔ "ویلما نے ایڈن " سے کہا ۔ وہ مطمائن لگ رہی تھیں۔

https://www.classicurdumaterial.com/

تھیک کہا آنٹ ویلما آپ نے ۔ لیکن میں جاننا چاہتا ہوں آخر وہ روح بیلا پر کیوں قبضہ کرنا " چاہتی تھی یا کس کی وجہ سے ۔ "ایڈن نے اپنے تجسس کا اظہار کیا ۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

تمہے لگتا ہے یہ کسی کی وجہ سے ہوا ہے ۔ "ویلما نے سوال کیا ۔ "

مجھے ہمیشہ سے شک تھا ۔ آپ سے زکر بھی کیا تھا۔ اس سب کے پیچھے ڈینیم کا کچھ نا کچھ " ہاتھ ہے ۔ وہ مجھے کبھی تھیک نہیں لگا۔ "ایڈن نے اپنے ازلی خدشات سامنے رکھے ۔

اسکے بازووں سے پٹی اتر چکی تھی مگر زخم کے نشات ابھی باقی تھے ۔

کیاتمے اپنی بات کا یقین ہے تو میں آج ہی بیلا سے کہوں گی وہ اسے چھوڑ دے ۔ "ویلما" سنجیدگی سے بولیں ۔

نہیں وہ ایسے آپکی بات نہیں مانے گی ۔ ہمیں ثبوت چاہیے ہوگا ۔ "ایڈن نے انہیں روک دیا" ۔

میں پتا کروں گا ۔ میں پتا کروں گا وہ کون ہے ۔ کیا چاہتا ہے ۔۔ آپ تب تک بیلا سے کچھ نا" کہیے گا ۔ ہم بیلا کو کچھ نہیں ہونے دیں گے ۔ "اسنے ویلما کو تسلی دلاتے ہوئے کہا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اس وقت وہ دونوں ایڈن کے گھر پر موجود تھے ۔ لان میں بیٹھے چائے پی رہے تھے جو ایڈن کی بہن ایما بنا کر لائی تھی ۔

اسے لائبریری جانا تھا سو کچھ دیر ہی بیٹھ کر چلی گئی ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

"آج ایک لڑکے نے مجھے آئی لو یو بولا ۔ "

رات کے کھانے کے بعد ایڈن اپنے کمرے میں لیپ ٹاپ لیکر بیٹھا تھا ۔ وہ انٹرنیٹ پر روحوں اور انکے بارے میں معلومات سرچ کر رہا تھا ۔ جب اچانک ست ایما نے اندر آکر اسکے سر پر بم پھوڑا ۔

تو تم نے کیا کیا ۔ "لیپ ٹاپ بند کرتے ہوئے ایڈن نے پوچھا ۔ وہ نہیں چاہتا تھا ایما وہ " دیکھے جو وہ سرچ کر رہا تھا ۔

پھر ہم دونوں نے کورٹ میرج کر لی ۔ "وہ مزے سے تالی بجا کر بولی مگر ایڈن کے گھورنے پر " سیدھی ہوئی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کون تھا وہ ۔ تمھاری یونی کا ہے ۔ یا کلاس فیلو ۔ "بڑا بھائی ہونے کا ناتے اسکا فرض تھا یہ " سب پوچھنے کا ۔

نہیں ۔ میں پہلی بار ملی ہوں اس سے ۔ میں لائبریری سے نکلی تو وہ وہیں کھڑا تھا ۔ مجھے " " پھول دے کر آئی لو یو بولا

" پھر ۔ "

پھر کچھ نہیں۔ مجھے تو اسکا نام بھی نہیں معلوم ۔ "ایما نے منہ لٹکاکر کہا ۔ "

اگر وہ لڑکا تمہے دوبارہ ملے تو اس سے کہنا میرے بھائی سے ملے پہلے ۔ "ایڈن نے تنبیہ انداز " میں کہا ۔

بیلا کے بعد اب وہ اپنی بہن کے بارے میں بھی کسی قسم کا رسک نہیں لینا چاہتا تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

اوکے ۔ اور آپ تو بتائیں سیما سے بات ہوئی آپکی ۔ آپ نے اس کو آئی لو یو ۔ یا اسنے بولا آپ " کو ۔ "اب وہ اسے تنگ کرنے کے موڈ پر آگئی تھی ۔

https://www.facebook.com/Classic Urdu Material

ایما ڈسٹرب نا کرو میں کام کر رہا ہوں۔ "ایڈن نے مسکراہٹ دبا کر دبکا لگایا تو وہ باہر بھاگ گئی " ۔

ایڈن پھر سے لیپ ٹاپ کھول کر بیٹھ گیا۔ اس امید پر کہ کوئی نا کوئی معلومات اسکے ہاتھ ضرور لگے گی۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

تو ایسا ہے ۔ تھیک ہے وہ سلیب مجھے دے دو ۔ "رات اپنے پورے اندھیروں سمیت اتر چکی " تھی ۔ رات جسکے اندھیرے میں کالی طاقتیں جاگتی تھی ۔ رات جس کی گہرایوں میں شیطانی قاقتیں زور پکڑتی تھیں۔۔

مردہ ولٹن جون کے سامنے کھڑا اسے سلیب کے بارے میں بتا رہا تھا ۔
جون نے سمجھتے ہوئے سر ہلایا پھر سلیب مانگی لی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

مردہ ولٹن نے لباس میں بنی جیب سے ایک ڈبہ نکالا اور جون کی طرف بڑھایا ۔ جون نے ہاتھ پر ڈبا رکھا اور اگلے ہی پل وہ آنکھوں سے اوجھل ہو گیا ۔
اب ڈبے کی بجائے جون کے ہاتھ میں جادوئی کڑا تھا ۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

بیلا کی ماں اور دوست کو ختم کردو ۔ اور یہ کڑا اسکے ہاتھ میں پہنا دو ۔ "اسکا چہرا کالے چغے سے " ڈھکا ہوا تھا ۔ سخت گھمبیر آواز میں حکم صادر کیا ۔

بوڑھا ولٹن فورا حکم بجا لاتے ہوئے اسکے ہاتھ سے جادوئی کڑا لیکر غائب ہو گیا ۔

جلدی آو ونڈر وچ ۔ میں مزید انتظار نہیں کر سکتا ویمپ ویلی کا لاڑد بن نے کے لیے ۔ "جون " نے آسمان کی طرف چہرا اٹھایا اور دور دور تک پھیلی کالی رات کو دیکھتے ہوئے کہا ۔

پھر وہ بھی کالی رات میں کہیں غائب ہو گیا ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

https://www.classicurdumaterial.com/

بیلا کچھ بہتر لگ رہی تھی۔ اسکا اترا رنگ بھی قدرے کھل چکا تھا ۔ فاڈر ولٹن کا اسکے گرد کھینچے گئے حصار کے بعد اس پر ونڈر وچ کا حملہ نہیں ہوا تھا ۔ مگر خطرہ پوری طرح سے نہیں ٹلا تھا ۔

سیما نے ایڈن سے کہا وہ کہیں گھومنے چلتے ہیں ۔ ماحول چینج ہوگا تو بیلا مزید اچھا محسوس کرے گی ۔

ایڈن کو آئیدیا اچھا لگا ۔

اسنے بیلا سے تیار ہونے کا کہہ دیا ۔

ڈینیم کو بولوں وہ بھی ساتھ چلے ۔ "سیما نے فورا فرمائش کی تو بیلا نے ہاں میں سر ہلا دیا ۔ '

کیا ماحول یا جگہ چینج کرنے سے بہت تھیک ہو جائے گا ۔ "بیلا نے دل میں ہی سوچا ۔ اسکے " اندر اداسی سی اتری لیکن اگلے ہی پل اسنے خود کو مضبوط رہنے کا کہا ۔

کچھ بھی ہو اسے امید نہیں چھوڑنی ۔ ڈینیم نے کہا تھا وہ اسے کچھ نہیں ہونے دیگا ۔ یقینا ایسا ہی ہوگا ۔

وہ خود کو بار بار یقین دلا رہی تھی ۔ ونڈر وچ ختم ہو گی ۔ وہ ضرور ختم ہوگی ۔ اسکے بعد وہ اور ڈینیم ساتھ رہیں گے ۔ جب تک اسکی زندگی ہے ۔ جب تک اسکی سانسیں ہیں ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

وہ ایک فارم ہاوس تھا ۔ سیما کے ڈیڈ کا پرانا فارم ہاوس ۔ ان چاروں نے وہاں سٹے کیا تھا ۔

فارم ہاوس کے آگے بنے سوئمنگ پول جو کافی عرصے سے سوکھا ہوا تھا کہ پاس ہی میز اور کرسیاں رکھی تھی ۔ ایڈن اور سیما ان کرسیوں پر بیٹھے تھے ۔

جبکہ بیلا اور ڈینیم کچھ فاصلے پر بنے فائٹین کے پاس موجود تھے ۔ بیلا کھڑی تھی ۔ وہ پنک رنگ کی گھٹنوں تک آتی ڈھیلی سی فراک میں ملبوس بالوں کا ڈھیلا سا جوڑا بنائے سادہ اور پیاری سی لگ رہی تھی ۔

جبکہ ڈینیم فاونٹین کی دیوار کے اوپر بیٹھا تھا ۔ وہ کالی جینز جوکہ فیشن کے نام پر گھٹنوں سے ادھری ہوئی تھی اور گرے کلر کی ٹی شرٹ میں ملبوس تھا ۔

دور ہونے کے باوجود بھی وہ ایڈن اور سیما کی باتیں سن سکتا تھا ۔ ایڈن سیما سے اپنے ڈینیم کے بارے میں خدشات ظاہر کر رہا تھا۔

ڈینیم برے برے سے منہ بناتے ہوئے ان دونوں کو گھور رہا تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

ایسے کیوں گھور رہے ہو ۔ "بیلا کافی دیر سے نوٹ کر رہی تھی س اسے ٹوکا ۔ "

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ڈینیم نے نظریں اسکی طرف کیں ۔

یہ لڑکی مجھے تھیک نہیں لگتی ۔ "۔ "

تم سے تو تھیک ہی ہے ۔ "بیلا نے منہ چڑھایا ۔ "

" میں برا ۔ میں غلط۔ میں خراب مگر میں سنجیدہ ہوں بیلا ۔ وہ لڑکی واقعی کچھ عجیب ہے ۔ " ڈینیم نے اپنی بات پر زور دیا ۔

مثلا "بیلا نے ایک نگاہ ان دونوں پر ڈالی پھر اسکی طرف دیکھا ۔ "

مثلا اس دن تمھارے گھر پر جب میں نے اسکا ہاتھ پکڑا تو اسکی خون کی گردش محسوس کی ۔ " " میں نے اسکی خون کی بو محسوس کی ۔مگر

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

"مگر کیا ۔ ۔ "

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مگر ابھی جب ہم راستے میں تھے تو گاڑی میں دو لوگوں کی خون کی خوشبو تھی ۔ ایک تمھاری " دوسری ایڈن کی ۔ سیما کے خون کی بو میں نے محسوس نہیں کی ۔ "ڈینیم نے بات مکمل کی ۔ بیلا نے پھر سے نظریں انکی جانب گھمائی ۔ سیما وہ تو پیاری سی لڑکی تھی۔ وہ کیسے غلط ہو سکتی ہے مگر پھر خیال آیا کہ ڈینیم کے چہرے پر بھی کہاں لکھا تھا وہ ایک ویمپ تھا ۔

اب وہ ہر کس سے خوف کھانے لگی تھی ۔ یہاں تک کہ خود کو بھی آئینے میں دیکھتی تو سوچ میں پڑ جاتی کہ وہ کون ہے بیلا یا ونڈر وچ۔

ڈینیم خاموشی سے کھڑا اسے دیکھے جا رہا تھا وہ کیا سوچ رہی ہے اسے سب معلوم ہو رہا تھا ۔

بیلا ۔ "اس نے بیلا کا کندھا چھوا تو وہ چونکی ۔ "

اپنے دوست سے کہنا اس لڑکی سے دور رہے ۔ "وہ ایک ایک لفظ زور دے کر بولا ۔ "

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

بیلا نے خاموشی سے اسے دیکھا ۔

سب فریب لگتا ہے سب جھوٹ لگتا ہے ۔ لگتا ہے جیسے ابھی میرے آس پاس موجود لوگ " بدل جائیں گے ۔ وہ سب وہ نہیں رہیں گے جو نظر آتے ہیں ۔ "وہ ایک دم سخت رنجیدہ ہو گئی تھی ۔ ڈینیم نے غیر محسوس طریقے سے اسے خود کے قریب کیا ۔

ڈینیم کا لمس پاتے ہی اسکی آنکھ سے ایک آنسو توٹ کر گال پر بہہ گیا ۔

" جو بھی فریب ہے ۔ جو بھی غلط ہے میں اسے تم تک آنے سے پہلے ہی ختم کر دوں گا ۔ "
ڈینیم نے اسکا کندھا تھپتھپا کر کہا ۔ بیلا نے واضح ڈینیم کی ڈھرکنین سنی تھیں ۔

مجھے سب سے زیادہ تم سے ڈر لگتا ہے ۔ "وہ انگلی کی پور سے آنسو صاف کرتے ہوئے بولی ۔ "

ہاں یہ تھیک ہے ۔ تم ہے مجھ سے ڈرنا بھی چاہیے ۔ "وہ اسے چھیڑنے کے انداز میں بولا تو "
بیلا نے ایک مکا اسکے سینے پر جڑا ۔
وہ جب بھی اسے تنگ کرنے کے لیے کوئی بات کہتا وہ ایسے ہی اسکے سینے پر مکا جڑ دیتی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

آوچ "وہ منصوئی درد سے بولا مگر اگلے لمحے وہ دل پر ہاتھ رکھ کر کھنسا ۔ "
بیلا کو لگا وہ ڈرامہ کر رہا ہے مگر دوبارہ ایسا ہوا تو ڈر کر پیچھے ہٹی ۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

تم تھیک ہو ۔ "وہ پریشانی سے پوچھنے لگی ۔ "

ہاں ۔ ۔ لبس زہر کا اثر ہے زرا سا ۔ "وہ کھانستے ہوئے بولا ۔ بیلا کا دل کسی نے مٹھی میں لیا "

۔

کیا یہ خطرناک نہیں ہے ۔ "بیلا اسکا ہاتھ پکڑتے ہوئے پریشانی سے بولی ۔ "

نہیں مگر تب ضرور جب میں بھوکا ہوں۔ "وہ اب نارمل ہو چکا تھا ۔ "

تو تم نے کھانا نہیں کھایا تھا نا ۔ "بیلا خفگی سے بولی ۔ "

" او اچھا وہ کھانا جس میں تم نے میرے آگے دو چار لزید خون والے بندے پیش کیے تھے ۔ "
ڈینیم نے چڑتے ہوئے کہا تو بیلا اپنی بے وقوفی پر زرا سی نادم ہوئی پھر الٹا اسے ہی گھورا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classic-Urdu-Material/

"تم وہ کیوں نہیں کھا سکتے جو انسان کھاتے ہیں۔"

کیوں کہ میں انسان نہیں ہوں۔ "ڈینیم نے ہلکے سے کندھے اچکائے ۔ "

آہ ۔۔۔مجھے معلوم ہے اب سے کچھ دیر بعد ایک معصوم بے قصور انسان جان سے جائے گا ۔ "
مگر میں تم ہے روک نہیں پاوں گی ۔ "وہ نفی میں سر ہلاتے ہوئے کہ رہی تھی ۔

تم حکم کرو تو میں اب سے کسی کا خون نہیں پیوں گا ۔ "وہ بیلا کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر " بولا۔

کاش میں ایسا حکم کر پاتی۔ "وہ بے بسی سے بولی پھر ذہن کی گھنٹی بجی ۔ "

تم بلڈ بنک میں رکھا ہوا خون کیوں نہیں پیتے "بیلا نے مشورہ دیا ۔ "

"وہ بے کار ہوتا ہے ۔ تازہ خون کا اپنا مزہ ہے ۔ اور تم چاہتی ہوں میں ایک چور بن جاوں ۔ " ڈینیم نے بھولے پن کا مظاہرہ کیا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

واہ ۔تمہے تو جیسے بہت فرق پڑے گا اس سے ۔ "سینے پر ہاتھ باندھے بولی ۔ "

" ہاں نا ۔کیسا لگے گا تمہے جب لوگ کہیں گے بیلا کے فیوچر ہیسبینڈ خون چوری کرتا ہے۔ "

مجھے بہت اچھا لگے گا ۔ "وہ چڑ کر بولی تو ڈینیم ہنس پڑا ۔ "

بیلا مزید کچھ بولتی جب ایک دم اچھل کر پیچھے ہوئے ۔ اسکی آنکھیں ڈینیم کے کندھے پر جمی ہوئیں تھیں ۔

چھ ۔ چھپکلی ۔ "بیلا نے چینخ ماری ۔ "

کہاں ۔ "ڈینیم نے ڈرنے کی ایکٹنگ کی ۔ وہ جانتا تھا وہ زوزی تھی ۔ "

" تمھارے کندھے پر "

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

اوہ "ڈینیم نے یک دم سے ہاتھ مار کر کندھا جھاڑا ۔ "

زوزی اڑتی ہوئی بیلا کے پاس گری۔ بیلا نے کرایت کھاکر چینخ مار کر اچھلی اور سیدھا فاونٹین میں جا گری ۔

اسکی چینج سن کر ایڈن اور سیما چونک کر بھاگ آئے ۔ اس دوران زوزی تیزی سے ڈینیم کی ٹانگ پر چڑھ کر اسکی پاکٹ میں گھس گئی ۔

اف توبہ ۔ ایک چھپکلی ہی تو تھی بیلا ۔ "اپنی ہنسی ڈباتے ہوئے ڈینیم نے اسکی جانب ہاتھ " بڑھایا جو فاونٹین میں بیٹھی کانپ رہی تھی ۔ بیلا نے اسکا ہاتھ جھٹک دیا ۔

ایڈن بار بار مشکوک نظروں سے ڈینیم کو دیکھتا ۔ ڈینیم اسکی حالت سے واقف ہو رہا تھا مگر نظرانداز کر گیا ۔

چلو اب باہر بھی آجاو ۔ "وہ سیما تھی ۔ بیلا اسکا ہاتھ پکڑ کر باہر نکلی ۔ "

ایک پل کو جب بیلا نے سیما کا ہاتھ پکڑا اسے وہ بلکل سرد لگا ۔ پھر یہ سوچ کر سر جھٹک دیا کہ اسکا اپنا ہاتھ گیلا ہے شاید اس وجہ سے بیلا کا ہاتھ سرد لگا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

کچھ دیر بعد وہ خود کو خشک کر کے کپڑے بدل چکی تھی ۔

وہ قدرے غصے میں باہر آئی اور پیر پٹختی ہوئی ڈینیم کے سامنے ہاتھ باندھ کر کھڑی ہوئی ۔

سیما ایڈن کو لیکر باہر نکل گئی تھی ۔

" تم نے جان بوجھ کر کیا نا "

کیا "وہ انجان بنا ۔ "

وہ چھپکلی ، تم نے جان بوجھ کر ڈرایا مجھے "بیلا نے معصومیت بھری خفگی سے منہ سائڈ پر " موڑا ۔

ڈینیم نے دو انگلیوں سے اسکا چہرا اپنی طرف پھیرا ۔

وہ سب اتفاق تھا بٹ مائی لو تم جب غصہ کرتی ہو تو دل کرتا ہے جان بوجھ کر تمہے مزید غصہ " دلاوں ۔ ایسے تمہارا چہرا سرخ ہوکر تم اور بھی خوبصورت لگتی ہو ۔ "وہ مدھم اور پیار بھرے لہجے میں بولا ۔

بیلا نے ایک گلہ آمیز نظر اس پر ڈالی ۔

" مگر ایسا مزاق کون کرتا ہے ۔ "

میں نے کہا وہ اتفاق تھا ۔ میرا کوئی ارادہ نہیں تھا تمہے ڈرانے کا ۔ اور تم پانچ فٹ سات انچ کی " ہوکر ایک چار انچ کی چھپکلی سے ڈر گئی ۔ "وہ اب اسکا مزاق بنا رہا تھا ۔

مجھے گھن آتی ہے ۔ کراہیت محسوس ہوتی ہے ۔ ڈرتی نہیں ہوں میں ۔ "بیلا نے گربڑاتے " ہوئے ۔

ہاں یہ بات جائز ہے ۔ چھپکلی ہو یا کوئی بھی رینگنے والا جانور سب سے گھن محسوس ہوتی ہے " مگر یہ سب جانور تم سے بھی اتنا ہی ڈرتے ہیں جتنا کہ تم ۔ "ڈینیم کا لہجہ سراسر سمجھانے والا تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classic-Urdu-Material/

" اور تم نے زوزی کو ڈرا دیا "

کون زوزی ۔ "بیلا سمجھی نہیں ۔ "

ڈینیم نے جیب میں ہاتھ ڈال کر باہر نکالا تو وہاں چار انچ کی قدرت موتی سی مٹیالے رنگ کی زوزی موجود تھی ۔ جو اپنی موٹی موٹی آنکھوں سے بیلا کو دیکھ رہی تھی ۔

بیلا پھدک کر دو قدم پیچھے ہوئی ۔

اسے پلیز مجھ سے دور رکھو ۔ "بیلا نے چہرے کے آگے ہاتھ کی ڈھال بنائی ۔ "

ادھر دیکھو ۔ زوزی تمہے کچھ نہیں کہے گی ۔ "ڈینیم نے اسکا ہاتھ چہرے سے ہٹایا ۔ ۔ "

پلیز اس پیچھے کرو ۔ "وہ ایک بار پھر سے کسمسائی ۔ "

تم آخر اتنا ڈر کیوں رہی ہو ۔ میں نے کہا نا زوزی تمہے کچھ نہیں کہے گی اور نا وہ کہہ سکتی ہے ۔ "
اسکے ڈرنے سے اب ڈینیم کو بھی کوفت ہونے لگی تھی ۔ "

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

تم کیا چاہتے ہو ۔ "بیلا نے بل آخر ہاتھ ڈھیلے چھوڑے ۔ "

بس یہ ہی کہ ڈرنا بند کرو ۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر رونا بند کرو ۔ مضبوط "
بنو ۔ "اپنی بات کہتے ہوئے ڈینیم نے زوزی والا ہاتھ اسکے قریب کیا ۔ وہ پیچھے نا ہو اس لیے
دوسرے ہاتھ سے اس کا بازو پکڑا ۔
بیلا نے برا سا منہ بنایا ۔ اسے کرایت محسوس ہوئی ۔

دیکھو یہ تم سے طاقتور نہیں ہے ۔ تم جتنا اس سے ڈرتی رہو گی یہ تم پر اتنا غالب ہوتی رہے گی ۔ "وہ سمجھاتے ہوئے کہہ رہا تھا ۔"

مجھے کیا فائدہ ہوگا اس سے نا ڈرنے کا ۔ "بیلا نے ڈینیم کی آنکھوں میں دیکھا ۔ وہ کوشش کر رہی تھی کہ زوزی کی طرف کم ہی دیکھے ۔"

تم ایک چھوٹی سی چھپکلی سے ڈرنا بند نہیں کر رہی تو لائف کے بڑے بڑے چیلنجز سے کیسے سامنہ کرو گی۔ لائف تمہے ایسے خطرات کا سامنہ کرنا پڑے گا کہ یہ چھپکلی تو کیا کوئی بھی خطرناک جانور انکے سامنے معمولی لگے گا ۔ "ڈینیم نے ایک ایک لفظ پر زور دے کر کہتے ہوئے زوزی کو واپس پاکٹ میں رکھ لیا ۔
بیلا نے کچھ سکھ کا سانس لیا ۔

زوزی ڈر نہیں ہے ۔ ڈر تمھارے اندر ہے ۔ اسے نکال لو ۔ پھر کوئی بھی تمہے ڈرا نہیں سکے گا ۔ کوئی بھی تم پر غالب نہیں آسکے گا ۔ کوئی بھی ۔ ونڈر وچ بھی نہیں ۔ "وہ جو غور سے اسکی بات سن رہی تھی آخری الفاظ پر ٹھٹکی ۔

مطلب ۔ "۔ "

مطلب تم جتنا ونڈر وچ سے ڈرو گی یا اسکے بارے میں سوچوں گی وہ اتنا تم پر غالب ہوگی ۔ " اسے ایک دن تمھارا وجود حاصل کرنا ہی ہے ۔ اور یہ اسکے خاتمے کی طرف پہلا قدم ہوگا ۔ تمھارا ڈرنا " یا خوف کھانا اسے روکے گا نہیں بلکہ مزید طاقتور بنائے گا ۔

بیلا نے اسکی بات سمجھ کر اثبات میں سر ہلایا ۔

ڈینیم نے اسے خود سے زرا قریب کیا ۔

" اب فکر کرنا چھوڑ دو ۔ آزگر کا بیٹا تمھے بچا لے گا ۔ "

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"وہ کون ہے ۔ ؟ "

تم جلد جان جاو گی ۔ "ڈینیم نے سرسری انداز میں کہا ۔ "

ایڈن اور سیما اس وقت واپس آئے اور سیما نے آتے ہی شور مچا دیا کہ وہ آگے نکل رہے ہیں ۔

کچھ دیر بعد وہ لوگ فارم ہاوس سے نکل چکے تھے ۔

سڑک پر بھاگتی گاڑی جسے ڈینیم ڈرائیو کر رہا تھا کا منظر یہ تھا کہ ڈینیم کی بنا دیکھے بھی نظریں سماعت اور دوسری حسیں بھی سیما کی طرف تھیں ۔ بیلا بھی آگے والی سیٹ پر بیٹھی گاہے، بگاہے شیشے سے نظر سیما پر ڈالتی جاتی ۔ ڈینیم نے کہا وہ عجیب محسوس ہوتی ہے ۔ کیا عجیب تھا اس میں ۔

بیک سیٹ پر بیٹھا ایڈن مشکوک اور پر تجسس نظروں سے بار بار ڈینیم کو دیکھتا جیسے اسکی حرکات نوٹ کر رہا ہو ۔

جبکہ سیما موبائل میں لگی کبھی کبھی ایک سرسری نظر تینوں پر ڈال لیتی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ایک ہفتے بعد ۔ ۔ ۔ ۔

وہ ہسپتال کا ایک کمرا تھا ۔ کمرے میں قریب المرگ دو مریض بیڈ پر بے سود لیٹے تھے ۔

ایک نرس ہاتھ میں میڈیکل ٹرے لیکر اندر داخل ہوئی ۔

اندر داخل ہوتے ہی اسکے ہاتھ سے ٹرے جھوٹ کر گری۔

ایک مریض نچھڑی ہوئی حالت میں بے جان پڑا تھا جبکہ دوسرے کی گردن کے پاس ڈینیم منہ رکھے ہوئے تھا۔

کون ہو تم۔ کیا کر رہے ہو۔ "نرس چلائی۔"

وہ سیدھا ہوا تو اسکے سامنے کے دو نوکیلے دانتوں سے خون کے قطرے ٹپک رہے تھے۔ اسکی آنکھیں بھی مکمل سیاہ تھیں۔

نرس کی آنکھیں خوف سے پھٹی۔ وہ ایک لمحے کو ساکت ہوئی پھر باہر کی طرف بھاگی مگر پہلے ہی دروازہ بند ہو چکا تھا۔

دروازے سے لگی وہ پھٹی پھٹی خوفزدہ نگاہوں سے ڈینیم کو دیکھ رہی تھی جو آہستہ آہستہ اسکی طرف بڑھ رہا تھا۔

میں نے کسی سے وعدہ کیا تھا کہ صرف ان لوگوں کا خون پیوں گا جو پہلے ہی مرنے والے " ہیں۔ افسوس مجھے اپنا وعدہ توڑنا پڑے گا۔ "نرس کے بلکل مقابل آکر وہ سر کھجاتے ہوئے افسوس سے بولا۔

اس سے پہلے وہ کچھ سمجھتی یا کوئی اقدام کرتی ڈینیم اسے ابدی نیند سلا چکا تھا۔

اس نے ایک نظر ان تینوں لاشوں کو دیکھا ۔ اور وہیں چھوڑ کر باہر نکل گیا۔ اب وہ لاشوں کو اپنے گھر نہیں لیکر جاتا تھا ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

وہ خون کے قطرے منہ سے صاف کرتا ہوا باہر نکلا ۔ وارڈ کے کمرے کے باہر ایک لمحے کو رکا ۔ دونوں طرف نظر گھما کر دیکھا ۔ پھر ایک جانب دیکھتے ہوئے اسکی سیاہ آنکھیں دوبارہ سبز میں تبدیل ہوئیں۔ ڈینیم ایک خوشکن سی مسکراہٹ دے کے دوسری جانب چل پڑا ۔۔۔۔۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

ایڈن اسے دیوار کی اوٹ سے دیکھ رہا تھا ۔ وہ لوگوں جب سے اووٹنگ ست واپس آئے تھے ایڈن چھپ کر اسکا پیچھا کر رہا تھا ۔

اور آج وہ ڈینیم کی حقیقت پا چکا تھا ۔

عجیب تو یہ تھا عجیب ۔ وہ ایک ویمپ تھا ۔ اس پر حیرت کے پہاڑ توٹے تھے ۔

ڈینیم کے جاتے ہی ایڈن اس وارڈ تک آیا اور اندر جھانکا ۔ تین لاشیں ۔ دو بیڈ پر ایک دروازے کے آگے پڑیں تھیں ۔ وہ برا سا منہ بنا کر باہر نکلا ۔

اور اس طرف قدم بڑھائے جہاں ڈینیم گیا تھا ۔

ہسپتال سے باہر آکر اس نے فیصلہ کیا وہ یہ بات بیلا کو بتائے گا ۔
اسکے تمام شبے صحیح ثابت ہوئے تھا ۔ بیلا پر ایک ظالم روح کا قبضہ بھی یقینا ڈینیم کی وجہ سے ہی تھا ۔

بیلا اسی صورت مکمل تھیک ہو سکتی تھی جب وہ ڈینیم سے دور ہو جائے ۔
یہ سوچ کر اسنے اپنے قدم بیلا کے گھر کی طرف تیز کر دیے ----

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

ایڈن "وہ ہسپتال سے کچھ فاصلے پر ایک سنسان جگہ سے گزر رہا تھا جب سیما کی آواز اسکے کانوں میں پڑی ۔ وہ ٹھٹک کر رکا۔

https://www.facebook.com/classicurdumaterial

سیما سامنے سے چلتی ہوئی آئی ۔

تم پریشان کیوں لگ رہے ہو ۔ "ایڈن کے چہرے پر پھیلی واضح پریشانی سیما سے چھپ نہیں سکی ۔

ایڈن نے اطراف میں دیکھا پھر راز داری والے انداز میں بولا

"مجھے پتا چل گیا ہے ڈینیم دراصل کون ہے ۔ "

کون ۔ "سیما الجھی ۔ "

"وہ ایک ۔۔۔۔ "

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ بتا رہا تھا جب اچانک ۔۔۔۔۔۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

وہ ایک پبلک پارک کا منظر تھا ۔

روش پر لوگ چلتے پھرتے نظر آرہے تھے ۔

وہاں لگے ایک سٹول پر ایما بیٹھی تھی ۔ ساتھ زارک بھی موجود تھا ۔

دونوں آپس میں باتیں کر رہے تھے ۔ دونوں کی اتنی انڈر سٹینڈنگ ہو گئی تھی کہ دوست بن گئے تھے ۔

ایما خود بھی زرا شوخ سی تھی اور زارک بھی اسی مزاج کا تھا سو دونوں کی اچھی بننے لگی تھی ۔

وہ زارک کی کسی بات پر قہقہہ لگا رہی تھی جب اسکا فون بجا ۔
ایما انجانا نمبر دیکھ کر الجھی پھر روسیو کیا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

فون ہسپتال سے تھا ۔
اسے بتایا جا رہا تھا ایڈن نامی ایک لڑکا ہسپتال مردہ حالت میں لایا گیا ہے ۔

ایما کا موبائل ہاتھ سے چھوٹ کر نیچے گرا ۔
بے اختیار ہاتھ منہ پر گیا ۔ کتنے ہی کرب زدہ لمحے وہ ساکت بیٹھی رہی ۔
پھر سکتہ ٹوٹا تو نفی میں سر ہلاتی ہوئی بھاگی ۔

زارک بھی اسکے پیچھے بھاگا۔ وہ دوسری طرف کی بات صاف سن چکا تھا ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

وہ ایک ۔۔۔ "ایڈن کے الفاظ ابھی منہ میں ہی تھے جب اسے اپنا گلا گھٹتا ہوا محسوس ہوا۔ "

وہ ایک ویمپائر ہے ۔ میں جانتی ہوں دیئر ایڈن ۔ "سیما کے چہرے پر سوالیہ نہیں بلکہ اب " مطمائن سے تاثر تھے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

ایڈن شاکڈ نگاہوں سے اپنا گلا پکڑے اسے دیکھے جارہا تھا جبکہ سیما مزے سے سامنے کھڑی تماشہ دیکھ رہی تھی ۔

Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

تمھاری سیما تو کب کی مر گئی ۔ اب تم بھی مرو اور اسکے پاس جاو ۔ "کہتے ساتھ اسنے قہقہہ لگایا "
اور اگلے ہی پل وہ سیما سے بدل کر مردہ لڑکی بن گئی ۔

خوفناک صورت والی مردہ لڑکی ۔

ایڈن کے شاکڈ چہرے پر پہلی بار دکھ کے تاثر آئے ۔

اسنے ایک ہاتھ مردہ لڑکی کی طرف بڑھایا ۔ دوسرا گردن پر تھا ۔

منہ سے خون چھوٹا ۔ وہ گھٹنوں کے بل زمین پر بیٹھا ۔ کرب زدہ نگاہیں مردہ سیما پر پڑی تھیں۔ وہ اسکی سیما نہیں تھی ۔ وہ تو کوئی آسیب تھی ۔ کوئی بد روح تھی ۔ ۔

دھڑام سے ایڈن کا جسم زمین پر ایک جانب لڑکھا ۔ اسکا ہاتھ گردن سے ڈھیلا ہو کر نیچے گرا ۔ آنکھیں ساکت کھلی تھیں مگر جان ابھی باقی نہیں تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

سیما مکارانہ مسکرائی ۔ ہاتھ جھاڑے اور پلٹی جب۔۔۔۔۔۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

ویلما آفس سے واپسی کے راستے پر تھیں ۔ انہیں راستے میں فادر ولٹن نظر آئے ۔ وہ لفٹ کے لیے کھڑے تھے ۔

آجائیں فادر ۔ میں آپ کو ڈراپ کر دیتی ہوں ۔" گاڑی روک کر شیشہ نیچے کرتے ہوئے کہا ۔ "

فاڈر ولٹن اثبات میں سر ہلا کر اندر بیٹھ گئے ۔

میں آپکی طرف آنے والا تھا مگر ایک نجی کام میں مصروف ہو گیا تھا ۔ "بوڑھے فاڈر ولٹن نے " بات کا آغاز کیا ۔

کیا آپ کو کوئی ضروری بات کرنی تھی ۔ "ویلما نے ڈرائیو کرتے ہوئے انکی طرف دیکھا ۔ "

ہاں۔ دراصل میں نے آپکی بیٹی پر غالب آنے والی روح کا ٹوڑ نکال لیا ہے ۔ "سنجیدگی سے " فاڈر نے اطلاع دی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ کیا ہے ۔ مجھے جلدی بتائیں۔ "ویلما خوشی سے بولیں ۔ "

یہ اسکے ہاتھ میں پہنا دیں۔ پھر وہ روح اسکو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گی ۔ "بوڑھے فاڈر " نے ایک ڈبہ اپنے لباس کی جیب سے نکال کر انکی جانب بڑھایا ۔

کیا وہ اس سے ٹھیک ہو جائے گی۔ "ویلم نے ڈبہ ہاتھ میں پکڑتے ہوئے امید سے پوچھا ۔ "

میں نے کہا اس سے وہ روح بیلا قریب نہیں آئے گی۔ "فادڑ نے بات پر زور ڈال کر کہا ۔ "

ٹھیک ہے ۔ میں آپکی بہت مشکور ہوں فادڑ ۔ آپ نے میری بچی کی جان بچائی ہے ۔ "وہ "
اب خلوص دل سے فادڑ ولٹن کا شکریہ کر رہی تھیں۔

یہ تو میرا فرض تھا۔ "سر جھکا کر کہا ۔ "

https://www.classicurdumaterial.com/

پھر ایک جگہ گاڑی روکنے کو کہا۔

Support@classicurdumaterial.com

گاڑی روکی تو ویلما نے انہیں گھر آنے کی دعوت دی ۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

فادڑ اتر گئے ۔

ویلما کی گاڑی آگے بڑھ گئی ۔

تشکر اور خوشی کے ملے جلے جزبات میں وہ اس ڈبے میں موجود بریسلیٹ)جادوئی کڑا (کو دیکھتے ہوئے یہ نا دیکھ پائی کہ انکے پیچھے سڑک پر کھڑے فادڑ ولٹن روپ بدل کر لٹکی کھال اور بھدی صورت والا بوڑھا بن چکے تھے جو بہت دیر تک ویلما کی گاڑی کو دیکھتے رہے تھے ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

وہ ایڈن کے مردہ وجود پر فرضی ہاتھ جھاڑ کر پیچھے مڑی جب اسے سامنے ڈینیم کھڑا نظر آیا ۔

وہ اپنے دونوں ہاتھ جینز کی پاکٹ میں ڈالے کھڑا تھا ۔ منہ میں ببل تھی جسے چباتا ہوا وہ نارمل انداز میں کبھی مردہ لڑکی کو دیکھتا کبھی زمین پر پڑے ایڈن کو ۔

میں اسے مارنے ہی والا تھا۔ ایک ہفتے سے میری جاسوسی کر رہا تھا ۔ وہ اور بھی جی سکتا اگر " آج مجھے ہسپتال میں نا دیکھ لیتا ۔ مجھے افسوس ہوا ۔ "وہ قریب آیا نیچے بیٹھا اور ایڈن کا چہرا اپنی طرف موڑا ۔ اسکا لہجہ بلکل سرد مہری لیے ہوئے تھا ۔

مجھے افسوس ہوا تم نے میرا شکار چھین لیا ۔ "سخت کرخت لہجے میں کہہ کر کھڑا ہوا اور غصیلی " نگاہیں مردہ لڑکی پر جمائی ۔

تم بھی تو یہ ہی چاہتے تھے ۔ "مردہ لڑکی ہاتھ سینے پر باندھ کر تفاخر سے بولی ۔ "

میں نے کہا تم نے میرا شکار چھین لیا۔ میں نے ایڈن کا نام تو بلکل نہیں لیا۔ "ببل کو منہ " سے ایک طرف پھینکا اور اپنے بازوں بھی سینے پر لپیٹے۔

" پھر کون ؟

سیما۔ "ڈینیم اسکی طرف جھک کر غرایا۔ "اسکا خون لزیز تھا۔ تم نے اچھا نہیں کیا اسے مار " "کر

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

مردہ سیما ایک قدم پیچھے ہوئی۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میں جانتا ہوں تم جون کے کہنے پر یہ سب کر رہی ہو۔ "یہ بات وہ ٹھہرے ہوئے انداز میں " بولا۔

وہ مزید کچھ بولتا جب مردی سیما اس پر حملہ آور ہوئی مگر ڈینیم نے اسکے ہاتھ تیزی سے پکڑ لیا۔

وہ پہلے بھی کئی شیطان اور مردے بیجھ چکا ہے ۔ مگر افسوس کوئی کچھ نہی کر سکا ۔ تم کیا چیز "
ہو پھر ۔ "کہتے ساتھ ڈینیم نے زور سے اسکے ہاتھ کو جھٹکا دیا تو ہڈی توٹ کر الگ ہو گئی ۔
اگلے ہی لمحے اسکا دوسرا بازوں بھی ڈینیم کی گرفت میں تھا جو مزید ایک جھٹکے سے ٹوٹا ۔

مردہ سیما خوفناک انداز میں لرزائی ۔
ڈینیم کو شبہ ہوا کوئی اس طرف آرہا ہے تو ہوا کی طرح مردہ سیما کو لیکر سڑک کے اطراف میں بنی
جھاڑیوں میں غائب ہو گیا ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

ایما نے سب کو اطلاع دے دی تھی ۔ وہ ہسپتال کے کاریڈور میں کھڑی تھی ۔ ویلما ۔ بیلا ۔
ایڈن کی ماں بھی وہاں موجود تھیں۔

بیلا بار بار ایما کو تسلیاں دیتی جبکہ ویلما ایڈن کی ماں کا دکھ سمیٹ رہی تھیں۔ ۔
بیلا خود بھی غم زدہ تھی ۔ آخر کس بے رحم نے اس سے اسکا بہترین دوست چھینا تھا ۔

بیلا نے ڈینیم کو آتے ہوئے دیکھا تو تیزی سے جاکر اس سے لپٹ گئی ۔

تم نے سنا ۔ کسی نے ایڈن کو مار دیا ۔ کسی نے میرے دوست کو مار دیا ۔ "وہ اسکے سینے سے " لگی پھوٹ پھوٹ کر رو دی ۔

ڈینیم نے تسلی آمیز تھپکی بیلا کے کندھے پر لگائی ۔

"جس نے تم سے تمھارا دوست چھینا ہے وہ اپنے انجام کو پہنچ چکا ہے ۔ "

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

کون ۔ "بیلا پیچھے ہٹی اور بیگھی پلکیں اٹھائیں۔ "

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

سیما ۔ "ڈینیم نے ایک لفظی جواب دیا ۔ "
بیلا نے الجھن سے اسے دیکھا ۔

کچھ دیر بعد وہ دونوں ایک جگہ پر کھڑے تھے جہاں خشک جھاڑیاں پڑی ہوئیں تھیں۔

ایک طرف جلی ہوئیں ہڈیاں پڑیں تھیں۔

وہ سیما نہیں دراصل جون کی بیجھی ہوئی ایک مردہ لڑکی تھی ۔ ایڈن کو اسکے بارے میں معلوم " ہوگیا تو اسنے ایڈن کو مار دیا ۔ "ڈینیم اسے بتا رہا تھا اور وہ روئے جا رہی تھی ۔

تم نے کیا کیا پھر ۔ "گیلی سانس اندر کھینچ کر استفار کیا ۔ "

ڈینیم نے کچھ بولے بنا جلی ہوئی ہڈیوں کی طرف اشارہ کیا تو بیلا سمجھ گئی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

میری بات غور سے سنو بیلا ۔ "ڈینیم نے اسکے کندھے پر اپنے ہاتھ رکھے ۔ "

Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کیا ۔ "بیلا نے چہرا اسکی طرف موڑا ۔ "

رات کی تاریکی بڑھ رہی تھی جو کہ ایک ویمپ کو ایک خوبصورت لڑکی سے کچھ کہتے ہوئے سن رہی تھی اور سب باتیں سب الفاظ خود میں راز کرتی جا رہی تھی۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠ل

ایڈن کی موت کا غم کبھی کم نہیں ہونا تھا۔ جوان اور بڑھاپے کا سہارہ کھویا تھا مس وکٹوریہ نے ۔

بیلا اس روز ایڈن کے گھر سے مس وکٹوریہ سے دل جوئی کر کے واپس آئی تھی ۔
وہ باہر سے ہی دیکھ چکی تھی کہ اندر فادر ولٹن بیٹھے ہیں ۔

بیلا نے رک کر پر سوچ نگاہوں سے انہیں دیکھا ۔ پھر ہاتھ پرس میں ڈال اور کسی چیز پر اپنی گرفت مضبوط کی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

پھر چہرے پر انجان تاثر سجا کر اندر بڑھی ۔

ایڈن کی موت کے باعث ہم اتنا پریشان تھے کہ مجھے بیلا کو یہ کڑا دینا یاد نہیں رہا ۔ "ویلما دکھ " سے کہتے ہوئے معزرت کر رہی تھیں۔

آپکی لاپرواہی آپکی بیٹی کو نقصان پہنچا سکتی ہے ۔ "فادر ولٹن سخت نالاں تھے ۔ "

تبھی بیلا اندر داخل ہوئی ۔

دونوں نے اس جانب دیکھا ۔

فاڈر مجھے آپ سے کچھ بات کرنی ہے ۔ " وہ ہاتھ بیگ میں ہی رکھے انکے سامنے آکر کھڑی ہوئی "

۔

بولو بیٹا ۔ "وہ کھڑے ہوئے ۔ "

بیلا نے کچھ لمحے انکی طرف دیکھا پھر تیزی سے بیگ سے ہاتھ نکال کر ایک تیز ڈھاڑ خنجر انکے سینے میں اتار دیا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ویلما چونک کر کھڑی ہوئیں۔

یہ کیا کیا تم نے ۔ "ویلما شاکڈ سی چلائیں۔ "

بیلا نے خنجر ایک طرف پھینکا۔

ویلما ابھی حیرت زدہ تھیں جب انہوں نے دیکھا فادر ولٹن جو کہ خنجر کے وار سے زمین بوس ہو گئے تھے یک دم سے بدل کر بوڑھے بھدی شکل والے مردے میں بدل گئے تھے ۔

انہوں نے بری طرح ڈر کر ویلما کو دیکھا ۔

" یی--یہ ۔سب کیا ہے بیلا۔ "

آئیں میں آپ کو سب کچھ بتاتی ہوں۔ "بیلا نے ویلما کو بازو سے پکڑا اور باہر لے آئی ۔ "

اس رات بیلا نے ویلما کو سب کچھ بتا دیا ۔ ڈینیم کے بارے میں بھی ۔ سیما اور ولٹن کے بارے میں بھی جو اسے تاریک رات میں ڈینیم نے بتایا تھا ۔

ویلما بس حیرت کے غوطے کھاتی اسے سنے جا رہی تھیں۔
وہ رات بہت عجیب و غریب انکشاف لیکر اتری تھی ۔ پورے چاند کی وہ رات کئی راز کھولتی ہوئی آگے بڑھ رہی تھی ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

وہ جون کا مخصوص کمرا تھا ۔ وہ چاروں طرف موم بتیاں جلا کر درمیان میں بیٹھا تھا ۔
اچانک اسکے چہرے پر خوشکن تاثر آئے پھر آنکھیں کھولیں۔

آو ۔ آجاو ونڈر وچ ۔ آجاو ۔ "وہ تلخی سے مسکراتے ہوئے بولا جب باہر شور سنائی دیا۔۔۔ "

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

ویمپ ویلی کا بڑا سا میدان جہاں ایک طرف سے سے ویمپائرز بھاگتے ہوئے آرہے تھے ۔
"وہ آگئی۔ "
" وہ لوٹ آئی "
" ونڈر وچ لوٹ آئی۔ "
مختلف آوازیں تھیں جو پتا دیتی تھی ونڈر وچ لوٹ آئی ہے۔
ایک جانب سے وہ چلتی آرہی تھی۔
وہ کالے لباس میں ملبوس تھی ۔
اسکے چہرے پر صرف سفاکی تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

آنکھوں کی پتلیاں ساکت اور سفید تھیں۔

رخسار کی ہڈیاں اندر کو دھنسی ہوئی ۔

بال ہوا کے دوش پر پیچھے کو پھڑ پھڑ رہے تھے ۔

گلے میں ڈیول پرل موجود تھا ۔

وہ تیز قدم اٹھاتی چلی آرہی تھی ۔

ہاتھ سے آگ کے شعلے نکال کر بھاگتے ہوئے ویمپائرز کی طرف پھینکتی ۔

جس جگہ کو گھور کر دیکھتی وہ جلنے لگتی ۔

آسمان سرخ ہو چکا تھا ۔ زمین بھی سرخ تھی ۔ وہ تباہی پھیلاتی ہوئی ۔ ویمپ کو شکار کرتی ہوئی آگے بڑھ رہی تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اسکے قدم شاہی محل کے باہر رکے جہاں پیٹھ پر بازوں لپیٹے سنجیدگی بھری خوشی سے اسے دیکھ رہا تھا ۔

آو ۔۔آو ۔ میری تخلیق کردہ شیطانی بلا آو ۔ اپنے مالک کے پاس آو ۔ "جون نے مغروریت " سے اسے پکارا۔

جس پر ونڈر وچ نے ایک سرد اور سفاک قہقہہ لگایا۔

کون مالک ۔ ونڈر وچ کسی کی غلامی نہیں کرتی ۔ "وہ غرائی ۔ "

ابھی جان جاو گی۔ "جون نے کہتے ہوئے ہاتھ سے ایک جادوئی ہالہ بنا کر اسکی طرف پھینکا۔ "
مگر بے کار ۔ وہ ہالہ ونڈر وچ کے اندر جزب ہو گیا ۔ اسے رتی برابر بھی فرق نہیں پڑا۔

جون نے ایسا پھر سے کیا مگر وہ جوں کی توں رہی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

کوئی اور جادو چلاو جون ۔ یہ والا بے کار ہے "منہ بگاڑ کر تمسخر سے بولی ۔ "

یہ کیسے ہو سکتا ہے ۔ "جون اچھنبے اسے دیکھنے لگا ۔ "
اسکی نگاہ اسکی کلائی تک گئی۔ وہ خالی تھی ۔ جادوئی کڑا وہاں موجود نہیں تھا ۔

تم اسے تلاش کر رہے ہو ۔ "ونڈر وچ نے ہاتھ آگے کر کے کہا تو وہاں جادوئی کڑا آیا ۔ "

مگر یہ تو ہمیشہ کے لیے ختم ہو گیا ہے ۔ "اسنے ہاتھ بند کیا تو وہ چکنا چور ہو کر غائب ہو گیا ۔ "

تمہے کیا لگا اتنا آسان ہے ونڈر وچ کو ختم کرنا ۔ اسے غلام بنانا ۔ ونڈر وچ نے ہمیشہ امر ہونے " کے لیے کئی سال پہلے شیطان کو اپنی بلی چڑھائی تھی ۔ آج وہ آزاد ہے ہمیشہ کے لیے امر ہو چکی ہے ۔ وہ اپنی اس زندگی کا جشن پہلے تمہے ختم کر کے منائے گی ۔ "ونڈر وچ سخت لہجے میں غراتے ہوئے بولی ۔

" اتنی جلدی نہیں ۔ جب تک تم میری بیلا کا جسم نہیں چھوڑ دیتی ۔ "

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ڈینیم کی آواز پیچھے سے آئی تھی ۔

وہ آبرو اچاکر پیچھے ہٹی ۔

"میں اس لڑکی کو مار سکتی ہوں ۔ کیا تم نہیں جانتے ۔ "

وہ ونڈر وچ تھی مگر ڈینیم اسکے اندر قید لڑتی ہوئی بیلا کو دیکھ سکتا تھا ۔

میں تمہے ہر گز ایسا نہیں کرنے دوں گا۔ "ڈینیم نے چبا چبا کر الفاظ ادا کیے ۔ "

کیسے ۔ تمھارے پاس تو تمھاری طاقتیں بھی نہیں۔ "وہ سفاکی بھرے تمسخر سے ہنسی ۔ "

یہ کس نے کہا ۔ "ڈینیم مسکراکر بولا ۔ "

اگلے ہی لمحے وہ ونڈر وچ کے قریب کھڑا تھا۔ اسکا ہاتھ اسکی گردن پر تھا ۔
اسکو چھونے سے آج ڈینیم کو جھٹکا نہیں لگا تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

آج آزگر کا بیٹا ۔ بیلا کی رگوں سے تمھارے غلیظ خون کو الگ کرے گا۔ "وہ اسکے پیچھے کھڑا تھا ۔ "
ونڈر وچ کی گردن اسنے دبوچ رکھی تھی ۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

تم مجھے نہیں بیلا کو نقصان پہنچاو گے ۔ "ونڈر وچ طنزیہ ہنسی ۔ ساتھ ہی ہاتھ سے شعلہ سا بنا "
کر پیچھے کی جانب پھینکا۔

تمھاری غلط فہمی ہے "آگ کا شعلہ ڈینیم کی ٹانگ پر لگ کر غائب ہو گیا۔ "

تم مجھے نقصان نہیں پہنچا سکتی میرے اندر موجود شاہی طاقتوں کی وجہ سے ۔ مگر آزگر کا بیٹا " یعنی میں تمہے ختم کر سکتا ہے ۔تمہے صرف آزگر کا بیٹا ہی ختم کرسکتا ہے ۔ "ڈینیم کی آنکھوں میں شعلے سے جل رہے تھے ۔ وہ کرخت ۔ نفرت آمیز لہجے میں کہہ رہا تھا ۔

مگر اپنی طاقتوں کے بغیر تم یہ نہیں کر سکتے "ونڈر وچ نے اسکا ہاتھ جھٹکنا چاہا مگر اسکی گرفت " مضبوط تھی۔

میری تمام طاقتیں مجھے مل چکی ہیں۔ "اسکی شعلہ بار نگاہیں مزید بڑھکیں۔ سامنے کے دو " دانت پہلے سے زیادہ تیز اور نوکیلے ہوئے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اور اگلے ہی لمحے اسنے اپنے دانت ونڈر وچ کی گردن میں چبو دیے ۔

اسے ختم کرنے کا ایک ہی طریقہ ہے ۔تمہے ونڈر وچ کا خون پینا ہو گا ۔ جنگل میں کھڑی ڈیوا) (نے اسے بتایا تھا ۔

آہ۔۔۔ "ونڈر وچ زور دار لہجے میں چیخی "

دو صورتیں۔ یا تو ایسا کرنے سے بیلا بھی ویمپ بن جائے گی یا وہ انسان ہی رہے گی مگر اسکا فیصلہ قدرت کرے گی۔(۔

ونڈر کی گردن میں دانت گاڑھے وہ بلکل اس ٹیٹو کی طرح لگ رہا تھا جو اسکے بازوں پر بنا تھا ۔

یہ ٹیٹو کب بنوایا تم نے ۔ بیلا نے پوچھا تھا ۔)

(یہ شروع سے میرے بازو پر ہے ۔ اس نے جواب دیا تھا

https://www.classicurdumaterial.com/

ونڈر وچ بری طرح ٹرپ رہی تھی جیسے جیسے ڈینیم اسکا خون چوس رہا تھا ۔

Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ رات جب ایڈن کی موت ہوئی تھی اس رات ڈینیم نے بیلا کو ہیپنوٹائز کر کے اسے اپنا خون پلایا تھا ۔

وہ ایسا کرنا نہیں چاہتا تھا مگر اب اسکے علاوہ کوئی حل نہیں تھا۔

اس رات آخری چند قطرے زہر کے جسم سے نکال کر وہ اپنی طاقتیں پا چکا تھا ۔

اب بس انتظار تھا تو صرف ونڈر وچ کے وجود میں آنے کا ۔

جون سمیت تمام ویمپائرز حیرت سے یہ منظر دیکھ رہے تھے ۔

ونڈر وچ کی مزاہمت آہستہ ہو گئی تھی ۔

وہ بے جان سی ہو کر زمین پر گری ۔

ڈینیم بھی ساتھ ہی بیٹھا۔

مجھے چھوڑ کر مت جانا پلیز "تکلیف سے کہتے ہوئے اسنا اسکا ہاتھ پکڑا ۔"

وہ بے سود زمین پر اسکی باہوں میں لیٹی تھی ۔

مجھے چھوڑ کر مت جانا۔ "اسکے الفاظ اٹکے تھے ۔ وہ با مشکل سانس لے پا رہا تھا ۔ "

بیلا کے وجود میں کوئی حرکت نہیں تھی۔ وہ ساکت تھا ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ڈینیم نے اسکا تھام رکھا تھا جسے بار بار آنکھوں سے لگاتا کبھی اسکی پشت پر بوسہ دیتا۔

بیلا تمہے میری قسم ۔ ہماری محبت کی قسم تم اپنے وجود کو نہیں چھوڑو گی ۔ "وہ مسلسل اسکی " منتیں کر رہا تھا ۔

بیلا آنکھیں کھولو ۔ بیلا آنکھیں کھولو "کرب زدہ لہجے میں کہتے اسکی آنکھیں چھلکیں۔ وہ خون کے " آنسو تھے ۔ ویمپائرز کے آنسو خون کے ہوتے ہیں ۔

جون نے موقعے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اس پر وار کیا ۔ جادوئی بجلی ڈینیم کی کمر پر لگی ۔ اسنے زور دار جھٹکا کھایا مگر محسوس کسے ہو رہا تھا ۔

اسکا تمام دیھان بیلا پر تھا ۔

جون کا جادو دوسری مرتبہ چلا ۔ اس بار ڈینیم انگارہ آنکھیں لیکر کھڑا ہوا ۔

جون کو نفرت سے دیکھا ۔

کوئی طوفان سے آیا تھا ۔

اور اسکے تھمتے ہی جون سمیت وہاں کئی ویمپائرز اور جادوگر زمین بوس تھے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

انکے حلق پھٹے ہوئے تھے جہاں سے انکی انٹریاں باہر آرہی تھیں ۔ ہر طرف خون ہی خون تھا ۔ اور درمیان میں کھڑا ڈینیم ۔ اسکے ہاتھ میں جون کا دل تھا ۔ جسے اس نے ایک طرف پھینکا تھا۔

اسکا انتقام پورا ہوا تھا مگر اسے حاصل کر کے بھی وہ خود کو کھو رہا تھا ۔ وہ بیلا کو کھو رہا تھا۔

وہ واپس نیچے بیٹھا اور بیلا کا سر گود میں رکھا ۔ آنسو ٹپک کر بیلا کے چہرے کو بھیگو رہے تھے ۔ دونوں ہاتھوں سے بیلا کا سر پکڑے اسنے اپنا ماتھا بھی اسکے سر پر ٹکا دیا۔

مجھے چھوڑ کر مت جاو بیلا ۔ یہ زندگی تمھارے بنا بیکار ہے "مدھم سے لہجے میں کہتے اسنے آنکھیں " موندھ لی ۔

کتنے ہی لمحے ایسے گزر گئے ۔

بیلا بھی ساکت تھی اور وہ بھی ۔

نا بیلا کا دل ڈھرکتا تھا نا ڈینیم کا۔

خون کو وادی میں دو محبت کرنے والے ایک دوسرے کو کھو رہے تھے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

ڈینیم کی بند آنکھوں میں بجلی سی کوندی تو اسنے چونک کر آنکھیں کھولیں۔

ہر طرف سفید روشنی تھی

اس قدر تیز اور چمکدار کے وہ خود کا ہاتھ نا دیکھ پایا ۔

اسنے بیلا کو دیکھا تو روشنی اسکا بھی ہالہ کیے ہوئے تھی ۔

اسکا چہرا ونڈر وچ جیسا سفاک اور دہنسی ہوئی ہڈیوں والا نہیں تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classicurdumaterial/

وہ بیلا کا ہی چہرا تھا۔ معصوم اور ملائم

ڈینیم نے خوش سے اسے جھنجوڑا ۔

وہ اسکی بیلا تھی مگر نیم جان تھی ۔

دو صورتیں۔ یا تو ایسا کرنے سے بیلا بھی ویمپ بن جائے گی یا وہ انسان ہی رہے گی مگر اسکا فیصلہ قدرت کرے گی۔ (ڈیوا کے الفاظ بار بار اسکی سماعتوں میں گونج رہے تھے ۔

وقت کو آخر کیا منظور تھا ۔ وقت کا کیا فیصلہ تھا ۔

وہ اس کشمکش میں تھا جب بیلا نے دھیرے سے آنکھیں کھولیں۔

ہم کہاں ہیں۔ "بیلا نے خود کو ڈینیم کے پاس محسوس کیا ۔ "
نیم بند آنکھوں سے اسنے اس جگہ کا جائزہ لیا جو سفیدی سے بھری ہوئی تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ جگہ کیا تھی ۔ کوئی پرستان تھا ۔ کوئی جنت تھی ۔
کیا وہ مر گئی تھی ۔
کیا وہ واقعی مر گئی تھی ۔

کیا میں مر گئی ہوں۔ "بیلا کے الفاظ بے یقینی سے حلق سے نکلے تھے ۔ "

ڈینیم کی سماعت نے اسکے الفاظ سنے تو بے اختیار اسے خود سے قریب کیا۔

تم ٹھیک ہو۔ تم مجھے چھوڑ کر نہیں گئی۔ "وہ والہانہ انداز میں کہتا اسے خود میں بھینچ رہا تھا۔ "

بیلا واضح طور پر اسکی چلتی ڈھرکنیں سن سکتی تھی جو ایک لمحے پہلے ساکت تھی۔

ڈینیم کے خون کے آنسو جو اب خوشی کہ بیلا کے رخساروں کو بھگا رہے تھے۔

ڈینیم نے بیلا کی ڈھرکنیں بھی سنی تھی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

وہ زندہ تھی۔ وہ انسان ہی تھی۔ وہ ویمپ نہیں بنی تھی۔

بیلا نے اپنا سر ڈینیم کے سینے سے لگاکر آنکھیں موندھ لیں۔

وہ زندہ تھی یا مر گئی تھی اسے فرق نہیں پڑے گا اگر ڈینیم اسکے ساتھ ہوگا۔ ڈینیم کا ساتھ اسکے لیے موت کو بھی خوبصورت بنا دیگا۔

بیلا کی بند آنکھوں سے آنسو ٹپک کر ڈینیم کی شرٹ پر بہہ رہے تھے ۔ وہ آنسو ڈینیم کے دل پر بہہ رہے تھے ۔

اسے خود سے لپٹائے وہ پرسکون انداز میں بیٹھا تھا ۔
بیلا اسکے مضبوط بازووں کے حصار میں لپٹی خود کو پرسکون محسوس کر رہی تھی ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

چند دنوں بعد ۔
بیلا اور ڈینیم نے شادی کر لی تھی ۔
بیلا نے ایڈن کو بہت مس کیا تھا ۔
ویلما نے اسکی سچائی جان کر بھی اسے قبول کر لیا تھا ۔
انکی بیٹی کی جان ڈینیم کی وجہ سے ہی بچی تھی ۔
وہ خوش تھیں کہ بیلا کی ظالم بلا سے جان چھوٹ گئی تھی ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مجھے ہنی مون پر کہاں لیکر جا رہے ہو ۔ "وہ سفید رنگ کر دلہن کے لباس میں ملبوس تھی " جب ایک ادا سے اسنے سوال کیا۔

کہاں جانا ہے مائی لو ۔ "ڈینیم نے اسکا چہرا آنکھوں کے حصار میں لے کر محبت سے پوچھا۔ "

کسی جادوئی جگہ۔ کوئی سحر انگیز جگہ ۔ خوبصورت جگہ ۔ جہان سکون ہو ۔ میں اور تم اور کوئی " نہیں۔ "وہ سوچتے ہوئے بولی "

جو حکم میرے دل کی ملکہ ۔ "ڈینیم نے جھک کر اسکے ہاتھ پر تعزیما بوسہ دیا تو بیلا سرشاری " بھری ادا سے مسکرادی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ہائے یہ مسکراہٹ اسے ہر بار گھائل کر دیتی تھی ۔

وہ کتنی دیر تک اسے محبت سے دیکھتا رہا تھا ۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

شاہی ہال کے آخر میں رکھا وہ جادوئی تخت تھا ۔

ڈینیم اس تخت پر بیٹھا ہوا تھا۔

تخت نے اسے قبول کیا تھا ۔

اب وہ پرنس ڈینیم نہیں بلکہ لارڈ ڈینیم تھا ۔

بیلا اسکے برابر میں کھڑی تھی ۔

وہ نیچے ہال کو جودوگروں اور ویمپ سے بھرے دیکھ رہی تھی ۔

خون کے حمایتی موجود نہیں تھے ۔ ان سب کو ڈینیم مار چکا تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

بیلا کی گردن مسرت سے اونچی ہوئی ۔

Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

آزگر کا بیٹا زندہ باد ۔ لارڈ ڈینیم زندہ باد "وہاں ہر جگہ یہ ہی آوازیں تھیں ۔ "

بلآخر ڈینیم کو اسکا حق مل گیا تھا ۔

بلآخر وہ اپنی اصل جگہ پر موجود تھا ۔

بیلا بھی اسکے ساتھ تخت پر بیٹھی ۔

وہ اب ویمپ ویلی کی لیڈی تھی ۔ ویمپائرز کی لیڈی جو کہ ایک انسان تھی ۔

محبت اور موت کے اس سفر میں اسنے اپنا بہترین دوست کھو دیا تھا ۔

یہ خلش ۔ یہ خلا ہمیشہ اس کے دل میں موجود رہے گا۔

ڈینیم نے اسکے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھا ۔ جیسے تسلی دی ہو ۔

دکھ بانٹا ہو ۔

اسے شروع سے معلوم تھا ایڈن کو اس پر شک تھا مگر اسکا کبھی بھی اسے مارنے کا ارادہ نہیں تھا مبادہ یہ کہ وہ سچ جان لے ۔

وہ بیلا کی طرح اسے بھی اپنے طاقت سے ٹرانس کر کے اسکی یاداشت مٹا دیتا مگر ایڈن کی موت قسمت میں لکھی تھی ۔ اسکے ہاتھوں نہیں تو کسی اور کے ہاتھوں۔

☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠☠

وہ جگہ کیا تھی ۔

سحر آنگیز

جادوئی

خوبصورت آبشاریں

جھیلیں

لہراتے ہوئے پھول

اڑتی ہوئی کئی رنگ کی تتلیاں ۔

سبز گھاس کا دبیز قلین ۔

بیلا روش پر چلتی جاتی ۔ ہر ایک چیز کو جی بھر کر دیکھتی ۔

وہاں سکون تھا ۔

فظا میں نغمے سے چڑھے ہوئے تھے ۔

وہ خوشی سے نہال ادھر ادھر جاتی

کبھی کسی تتلی کے پیچھے بھاگتی تو کبھی جھرنوں کی ٹھنڈی پھوار سے خود کو تازہ دم ۔

برٹھ ڈے والی رات کی طرح اب انکے درمیان ونڈر وچ حائل نہیں تھی ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہاں صرف وہ دونوں تھے ۔ تیسرا کوئی نہیں۔
ڈینیم مسکراتے ہوئے اپنے دل کی ملکہ کو دیکھ رہا تھا ۔

شکریہ میری زندگی میں آنے کے لیے ۔ شکریہ مجھے محبت کرنے کے لیے ۔ شکریہ میری "
" ڈھڑکنوں کو ڈھڑکانیں کے لیے ۔ شکریہ ہر چیز کے لیے ۔ شکریہ مجھے یہ اعزاز بخشنے کے لیے ۔
وہ دونوں جھیل کے آگے کھڑے تھے ۔ ایک بلیک کلر کی فراک میں ملبوس خوبصورت پری مثل
۔
دوسرا نیلی جینز پر سیاہ شرٹ پہنے خوبصورت خونی درندہ ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

ڈینیم نے محبت سے کہتے ہوئے بیلا کے ماتھے پر اپنے ہونٹ رکھے ۔
اسکا لمس بیلا کے وجود میں نرمی سے اتر گیا ۔ بیلا نے آنکھیں بند کر لیں۔ اور سکون بھری سحر
انگیز جگہ پر ڈینیم کے سینے سے سر جوڑ کر اسکی ڈھرکنیں سننے لگی ۔

خوبصورت وادی نے
خوبصورت جھیل نے
رنگ برنگی تتلیوں نے

مہکتے پھولوں نے

ان دونوں کو اپنے اپنے طور پر دعائیں دیں۔

سورج غروب ہو رہا تھا ۔

آسمان پر رنگوں کا رقص ہو رہا تھا ۔

یہاں تک کہ جھیل میں دو سائے بنے ۔ دو سائے جو ایک دوسرے کے تھے ۔

دو سائے جو ایک دوسرے کے سائے تھے ۔

ایک دوسرے سے مکمل تھے ۔

ایک دوسرے کے بنا ادھورے تھے ۔

The end

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial